شیخ الوظائف کی نصیحت: میرا ایک مشورہ ہے جنات کو کبھی قابو نہ کریں اس کے لیے کبھی عمل نہ کیجئے گا ورنہ سخت نقصان اٹھانا پڑتا ہے۔آپ کے مشاہدہ میں کوئی ایسا واقعہ ہو'سنا ہو دیکھا ہو کہ کسی شخص نے جنات کو تابع کیا اور پھر اس کا انجام بھگتا۔

عملیات کے شوقین کو جنات نے مار ڈالا

1۔محترم شیخ الوظائف صاحب السلام علیکم! ہمارے ایک عزیز رشتہ دار تھے جنہیں جنات قابو کو کرنے کا بہت شوق تھا۔ میرے والد صاحب انہیں منع فرماتے تھے کہ تم جو عمل کر رہے ہو کسی بزرگ سے اس کی اجازت نہیں لی' لہٰذا اس عمل کو چھوڑ دو ورنہ نقصان ہوگا۔مگر اس شخص نے میرے والد صاحب کی بات کو نہیں مانا اور اپنی ضد پر قائم رہا۔اس نے جنات کو تابع کرنے کے کچھ اعمال کیے۔وہ شخص جن جنات کو قابو کرنے کے لئے عملیات کر رہا تھا ان جنات نے اس شخص کو مار ڈالا۔اس کے بعد ہمارے والد صاحب نے نصیحت کی تھی کہ اس مرحوم شخص کی کوئی بھی چیز یعنی بستر' کپڑے اور جوتا وغیرہ کچھ استعمال نہ کرنا ورنہ نقصان ہوگا۔مگر اس شخص کی بیٹی نے بھی اپنے باپ کی طرح بات نہ مانی اور اپنے والد کے بستر کو سوتے وقت استعمال کرنا شروع کر دیا۔اس کے کچھ ہی عرصہ بعد جنات نے اس کی بیٹی کو تنگ کرنا شروع کر دیا۔وہ بچی آئے دن بیمار رہنے لگی' اسے اچانک دورے پڑنا شروع ہو جاتے اور پھر کافی دیر تک وہ بچی اسی کیفیت میں مبتلا رہتی۔اس کی حالت دیکھ کر یہی لگتا تھا کہ جنات اس بچی کی بھی جان لیے بغیر اسے نہیں چھوڑے گے۔ایک بزرگ سے اس بچی کا کافی عرصہ تک روحانی علاج کروایا جس کے بعد وہ بچی آہستہ آہستہ وہ بہتر ہونے لگی اور پھر اس کی جنات سے خلاصی ہوگئی۔

پڑدادا کی دنیا و آخرت برباد ہوگئی

2۔السلام علیکم! میں نے بچپن میں اپنے پڑدادا کو دیکھا تھا۔وہ ہر وقت چارپائی پر پڑے پڑے تکلیف سے کراہتے رہتے

تھے۔ اکثر رات کے وقت وہ چلانا شروع کر دیتے جیسے انہیں کوئی بہت سخت تکلیف پہنچا رہا ہو۔ وہ کافی عرصہ اسی کرب میں مبتلا رہے اور انہیں سسک سسک کر موت آئی۔ دراصل میرے پڑدادا نے کچھ جنات کو قابو کیا ہوا تھا' اگر وہ پڑدادا جی کا کام نہ کرتے تو ان جنات کو سزائیں دی جاتیں۔ لیکن جیسے ہی میرے پڑدادا ضعیف ہوئے تو انہی جنات نے میرے پڑدادا کو تنگ کرنا شروع کر دیا اور اپنے بدلے لینے شروع کر دیئے۔ میں نے خواب میں دیکھا کہ جنات کو قابو کر کے ان پر مختلف مظالم کرنے کی وجہ سے پڑدادا کا موت کے بعد والا معاملہ بھی ٹھیک نہ تھا۔

جنات نے لاعلاج بیماریوں میں مبتلا کر دیا

3۔ السلام علیکم! ہمارے محلے میں ایک شخص تھا جس نے جنات کو قابو کیا ہوا تھا اور ان سے مختلف مواقع پر کام لیتا تھا۔ لیکن تھوڑا ہی عرصہ گزر جانے کے بعد وہ شخص بیمار ہو گیا۔ جن جنات کو اس نے قابو کیا ہوا تھا' انہی جنات نے اسے لاعلاج بیماریوں میں مبتلا کر دیا۔ اس سے پہلے وہ شخص نہایت صحت منداور تندرست تھا لیکن جنات کو قابو کرنے کی کوشش کے چند ہفتوں بعد وہ ایسی بیماریوں میں مبتلا ہوا کہ اس کا جسم ہڈیوں کا ڈھانچہ نظر آتا تھا اور آخر کار انہی بیماریوں کے ساتھ اس شخص کو انتہائی اذیت ناک موت آئی۔

جنات کا دردناک انتقام! انوکھی موت

4۔ محترم شیخ الوظائف صاحب السلام علیکم! ہمارے جاننے والے ایک باباجی تھے' انہوں نے لاتعداد جنات قابو کیے ہوئے تھے۔ ان کے گھر والے انہیں اس کام سے منع کرتے تھے مگر باباجی کا کہنا تھا میں اپنا حصار کر کے رکھتا ہوں اس لیے مجھے ان سے کوئی خطرہ نہیں ہے۔ ایک دن باباجی اپنا حفاظتی حصار کرنا بھول گئے اور جنات کی حاضری کا عمل شروع کیا۔ جنات کو اپنا غصہ نکالنے کا موقع مل گیا۔ باباجی جس کمرے میں بیٹھ کر جنات کو حاضر کرتے تھے اس کی چھت شہتیر کی تھی۔ جنات نے باباجی کو اٹھا کر شہتیر والی چھت میں پھنسا کر لٹکا دیا۔ باباجی تڑپتے رہے اور سسکیاں لیتے رہے مگر اس وقت ایسی خوفناک آوازیں آرہی تھیں کہ کسی کی ہمت نہ ہوئی باباجی کے پاس بھی جاسکے۔ آخر کار باباجی کچھ دیر کے بعد نیچے گرے اور ان کی موت واقع ہوگئی۔

جنات کا وار ئبندہ موقع پر ہلاک

5۔السلام علیکم! ہمارے ہمسایہ میں ایک صاحب حافظ قرآن تھے۔سب لوگ ان کا بہت ادب و احترام کرتے تھے۔ان کا گزر بسر بھی اچھا ہورہا تھا۔انہیں اچانک عملیات کا شوق پڑ گیا اور انہوں نے عملیات کی ایک کتاب اپنے پاس رکھی ہوئی تھی جسے وہ اکثر پڑھتے رہتے تھے۔انہوں نے اسی کتاب سے دیکھ کر جنات کو تابع کرنے کے لئے چلہ کرنا شروع کیا۔میں نے انہیں منع کیا کہ کسی بزرگ کی اجازت کے بغیر یہ چلہ نہ کریں ورنہ نقصان بھی ہوسکتا ہے۔انہوں نے میری بات نہ مانی اور چلہ جاری رکھا۔وہ ایک بند کمرے میں سارا دن بیٹھ کر کچھ پڑھتے رہتے تھے۔جس دن ان کا چلہ ختم ہوا تو وہ اپنے کمرہ سے نکل کر باہر آئے۔جیسے ہی وہ گھر سے باہر نکلنے لگے جنات نے انہیں زمین سے اٹھا کر انتہائی زور کے ساتھ نیچے زمین پر مارا' انہوں نے ایک زوردار چیخ ماری اور چند ہی لمحوں میں ان کی موت واقع ہوگئی۔

میرے استاد کی حالت بہت خراب ہے!

6۔میرے ایک سکول ٹیچر تھے' انہیں عملیات کا بہت شوق تھا۔انہوں نے جنات کو قابو کرنے کے لئے مختلف چلّے کیے مگر وہ جنات کو سنبھال نہ سکے اور جنات نے انہیں قابو کرلیا۔ان کے گھر والوں نے علاج کروانے کی کافی کوشش کی مگر فائدہ نہ ہوا۔اس وقت وہ زندگی اور موت کی کشمکش میں ہیں' ان کی حالت بہت ہی خراب اور قابل ترس ہے۔

کزن پاگل ہوگیا!

7۔السلام علیکم! میرے ایک کزن نے جنات کو قابو کرنے کی کوشش میں چلہ کیا' مگر وہ چلہ مکمل نہ کرسکا۔آخر وہ پاگل ہو گیا۔یہاں تک کہ اس نے کچھ ہی عرصہ بعد کھانا پینا بھی چھوڑ دیا۔اس کا کافی عرصہ تک علاج چلتا رہا مگر وہ ٹھیک نہ ہوسکا۔

خدارا میری' میرے تابع جنات سے جان چھڑوائیں!

8۔محترم حضرت صاحب السلام علیکم! ہمارے ایک عزیز تھے' انہوں نے کچھ جنات کو قابو کیا ہوا تھا۔وہ اپنے مختلف معاملات میں ان جنات سے مدد لیتے تھے۔وہ کوئی چیز کہتے تھے کہ فلاں شہر کی مشہور چیز کھانی ہے تو اُسی وقت وہ چیز آجاتی تھی۔جب ان کی شادی ہوئی تو اس کے بعد جنات ان پر حاوی ہوگئے۔جنات نے انہیں مختلف طریقوں سے تنگ کرنا

شروع کر دیا۔ ان کی ازدواجی زندگی بھی ختم ہو کر رہ گئی۔ انہوں نے اس کام سے توبہ کی اور جنات سے معافیاں بھی مانگیں مگر اس کے باوجود بھی جنات نے ان کا پیچھا نہ چھوڑا۔ اس کے بعد انہوں نے کسی درویش سے جا کر اپنا روحانی علاج کروایا جس کے کچھ عرصہ بعد جا کر ان جنات نے پیچھا چھوڑ دیا مگر اس کے باوجود بھی تاعمر وہ اولاد کی نعمت سے محروم رہے۔

جنات نے پکڑ کر نہر میں ڈبو دیا

9۔ محترم شیخ الوظائف صاحب السلام علیکم! ہمارے گھر کے پاس ایک مسجد تھی جہاں ایک باباجی نماز پڑھنے کے لئے آیا کرتے تھے۔ ان کے کچھ مسائل تھے جن کے لئے باباجی کو کسی شخص نے نہر کے قریب چلہ کاٹنے کا مشورہ دیا۔ باباجی کافی دن تک مسجد میں تشریف نہ لائے۔ چند ہفتے گزر جانے کے بعد باباجی مسجد میں نماز پڑھنے کے لئے آئے تو میں نے ان سے خیریت دریافت کی۔ باباجی بتانے لگے کہ میں نے ایک نہر کے قریب چلہ کرنا شروع کیا۔ ابھی تھوڑی ہی دیر گزری تھی کہ جنات کی ایک جماعت آئی۔ جنات مجھے اٹھا کر نہر میں لے گئے اور گہرائی میں لے جا کر پھر اوپر لے آتے‘ جب میری حالت غیر ہوگئی تو ان جنات نے اٹھا کر باہر پھینک دیا۔ اللہ نے کرم کیا اور میری جان بچ گئی۔ اس کے بعد میں نے اس کام سے توبہ کر لی۔

جنات کا انتقام انتہائی خطرناک

10۔ السلام علیکم! ہمارے علاقہ میں ایک آدمی تھا وہ اپنے رقبے میں موجود ایک دیوار توڑ رہا تھا جو بہت بڑی تھی۔ جنات نے رات کو اس کو خواب میں آکر بتایا کہ یہ دیوار مت توڑو‘ ہم یہاں رہتے ہیں‘ مگر اس شخص نے ان کی بات نہ مانی۔ تین دن مسلسل جنات نے اس شخص کو سمجھایا۔ مگر یہ دیوار توڑنے سے باز نہ آیا اور روزانہ اس بڑی دیوار کو تھوڑا تھوڑا توڑتا تھا۔ ایک دن دیوار توڑتے ہوئے وہ دیوار خود اُس کے اُوپر گری اور کسّی کی لکڑی کا حصہ اُس کے جسم کے اندر چلا گیا۔ وہاں کھڑے لوگ بروقت اسے اٹھا کر ہسپتال لے گئے جس سے اس کی جان تو بچ گئی مگر مزید نقصان یہ ہو رہا ہے کہ اُس کی جو اولاد ہوتی ہے وہ عام انسانوں کہ بہ نسبت بہت چھوٹی ہوتی ہے اور چند سالوں بعد جب کچھ بڑی ہوتی ہے تو معذور ہو جاتی ہے اور چار پائی پر ہی سسک سسک کر مر جاتی ہے۔

جنات قابو کرنے کا شوق‘ جنات نے گردن مروڑ دی!

11۔السلام علیکم !میرے ایک دوست تھے انہیں جنات قابو کرنے کا شوق تھا۔ میں نے بھی بارہا منع کیا تھا کہ ان چکروں میں نہ پڑو۔ مگر وہ باز نہ آئے۔ ایک مرتبہ جنات قابو کرنے کا چلہ کررہے تھے‘لوگوں نے دیکھا کہ موٹر سائیکل پر جاتے ہوئے کسی غیبی طاقت نے اس کی گردن مروڑ دی‘ وہ شخص وہی گرے اور گرتے ہی مر گئے۔

جنات قابو کرتے پاگل ہوگیا!

12۔محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم !ہمارے جاننے والے ایک صاحب تھے وہ جنات کو قابو کرنے کا چلہ کررہے تھے مگر پیچھے کسی کامل کا ہاتھ نہیں تھا۔ ایک شام کو گھر بیٹھے کچھ عملیات پڑھ رہے تھے تو جنات نے اُٹھا اُٹھا کر چھت کے چلتے پنکھے میں بار بار مارا۔ حتیٰ کہ پنکھے کے پر ٹوٹ گئے۔ نیچے گرا تو پاگل ہوچکا تھا‘ آج تک گلیوں میں پاگل ہوکر مارا مارا پھر رہا ہے۔ کسی علاج‘ دم سے فائدہ نہیں ہورہا۔

جنات‘قبرستان اور عورت

13۔السلام علیکم !ایک موٹر سائیکل پر ایک جوان کسی عورت کو بٹھائے جارہا تھا‘ اس عورت کے بال کھلے ہوئے تھے۔ ان کا گزر جب ایک قبرستان کے قریب سے ہوا تو اچانک کسی غیبی طاقت نے عورت کو بالوں سے پکڑ کر اتنی زور سے پیچھے کو گرایا کہ اس عورت نے زوردار چیخ ماری۔ اس عورت کے سر پر کافی گہری چوٹ آئی۔ انہوں نے کافی علاج کروایا مگر آج بھی اس کا زخم ٹھیک نہ ہوسکا اور اب بھی ایسے محسوس ہوتا ہے جیسے تازہ چوٹ لگی ہو۔

☆ ☆ ☆ ☆ ☆

آئیے! جنات سے دوستی کیجئے!

شیخ الوظائف کا سوال: اس سلسلے میں آپ کا کوئی تجربہ ہو جنات کو کسی نے کوئی ہدیہ کر کے ان سے دوستی کی ہو۔

حاضرین محفل کے مشاہدات و تجربات

جنات کی محبت اور تعاون ملا!

1۔محترم شیخ الوظائف صاحب السلام علیکم! میرے ایک دوست ہیں جو ہجویری محل آستانہ منت مراد میں اکثر اگر بتیاں جلاتے اور خوشبو لگا کر وہاں موجود جنات کو ہدیہ کرتے ہیں اور اس کے علاوہ جنات کا تصور کر کے انہیں سلام بھی کرتے ہیں۔وہ بتاتے ہیں کہ ان کے اس عمل کی وجہ سے ان کی جنات کے ساتھ دوستی ہوگئی اور جنات ان کے ساتھ بڑی محبت کرتے ہیں اور مختلف کاموں میں تعاون بھی کرتے ہیں۔

جنات کے بچے دشمن سے دوست بن گئے!

2۔السلام علیکم! میری بیٹی کے ساتھ جنات تھے، جو گزشتہ تین ماہ سے اُس کو بہت تنگ کرتے تھے۔اس پر جنات کی حاضری ہوجاتی تھی، میری بچی اُونچی اُونچی چیخیں مارتی تھی، حتیٰ کہ محلہ اکٹھا ہوجاتا تھا۔جنات کے دو بچے تھے جنہوں نے میری بیٹی کو تنگ کیا ہوا تھا۔وہ اکثر میری بیٹی پر حاضر ہوجاتے تھے۔میں نے شب جمعہ کی ایک محفل میں شیخ الوظائف سے ایک واقعہ سنا تھا کہ کسی گھر میں جنات رہتے تھے اور وہاں ایک شخص نے ان جنات کی کافی منت سماجت کی جس کے بعد وہ جنات اس گھر سے چلے گئے۔میں نے یہی طریقہ اختیار کیا۔وہ جنات جب میری بیٹی پر حاضر ہوتے تو میں نے ان سے پیار، محبت اور منت سماجت کے ساتھ بات کرنا شروع کر دیتا۔جس کے بعد کچھ ہی عرصہ میں وہ جنات میرے دوست بن گئے اور انہوں نے میری بیٹی کو تنگ کرنا بھی چھوڑ دیا اور میری بچی جو آئے دن بیمار رہتی تھی وہ بھی صحت یاب ہوگئی۔

جنات کو کھلا پلا کر دوستی کیجئے کام نکلوائیے

3۔میں کافی عرصہ سے عملیات کے شعبہ سے وابستہ ہوں۔میری زندگی کا تجربہ ہے کہ اکثر جنات منت سماجت اور ہدیہ

کرنے سے دوست بن جاتے ہیں۔ میں نے شیخ الوظائف کا بتایا ہوا ہڈیوں والا عمل کیا۔ میں اکثر ہوٹلوں پر جاتا اور وہاں سے ہڈیاں لے کر جو انہوں نے کوڑے میں پھینکی ہوتی تھیں انہیں صاف کر کے کسی صاف جگہ میدان وغیرہ میں جنات کو ہدیہ کی نیت سے رکھ آتا۔ اس عمل کی مجھے بہت برکات مل رہی ہیں' رزق میں بھی بے بہا اضافہ ہوا اور جنات نے مختلف مواقع پر میری مدد بھی کی۔ جو کام عملیات کے ذریعے نہ ہو سکے وہ اس عمل کے ذریعے ہو گئے۔

جنات کو اعمال کا ہدیہ کریں اور مالا مال ہو جائیں

4۔ السلام علیکم! میرا یہ معمول تھا کہ جو بھی ذکر' تسبیحات کرتا تھا ان کا ہدیہ مرحومین کو ایصال ثواب کر دیتا تھا۔ میرے دل میں چند بار یہ خیال بھی گزرا کہ جنات کو بھی ہدیہ میں شامل کرنا چاہیے۔ ایک بار شب جمعہ کی محفل میں آپ نے اسی بات کو کافی کھول کر بیان فرمایا اور اس عمل کے فوائد بھی بتائے۔ اس دن کے بعد میں نے جنات کو بھی اعمال کا ہدیہ کرنا شروع کر دیا ہے جس کے مجھے حیرت انگیز نتائج مل رہے ہیں۔ میرے برسوں سے اٹکے ہوئے کام ہونے لگے ہیں۔ میری معاشی تنگی بھی ختم ہو گئی اور حالات بھی کافی بہتر ہو چکے ہیں۔

جنات کو ہدیہ کیا کام سنورنا شروع

5۔ محترم شیخ الوظائف صاحب السلام علیکم! میں نے جب سے سنا ہے کہ جنات کو اعمال کا ہدیہ کرنے سے فائدہ ہوتا ہے اور جنات مختلف امور میں مدد کرتے ہیں۔ میں نے تب سے جنات کو روزانہ کی بنیاد پر سورۂ جن، سورۂ مزمل، سورۂ یٰسین پڑھ کر ہدیہ کرنا شروع کیا ہے۔ اس عمل کی برکت سے میرے بگڑے کام سنورنا شروع ہو گئے ہیں۔ اس کے علاوہ اس عمل کی ایسی تاثیر ملی ہے کہ میں جن لوگوں کو انہی سورتوں کا دم کیا ہوا پانی پلاتا ہوں انہیں بہت جلد شفاء مل جاتی ہے۔

دادی کی جنات سے دوستی

6۔ میرے ایک دوست ہیں۔ ان کی دادی بہت رحم دل خاتون ہیں۔ ایک دن انہوں نے راستے میں ایک بچے کو دیکھا جس کی ٹانگ سوجھی ہوئی تھی اور زخم بھی ہوا تھا۔ میری دادی اس بچے کو گھر لے آئی اور اس کی مرہم پٹی کی جس کے بعد وہ بچہ بغیر بتائے گھر سے اچانک غائب ہو گیا۔ رات کو خواب میں دادی کو کچھ جنات نظر آئے اور بتانے لگے کہ وہ بچہ ہمارا تھا۔ آج

سے ہم تمہارے دوست ہیں۔ میرے ایک رشتہ دار تھے جن پر جنات کا سایہ تھا۔ میں انہیں دوست کی دادی کے پاس لے گیا۔انہوں نے اپنے دوست جنات کو مخاطب کر کے مسئلہ بتایا جس کے بعد وہ شخص جن پر جنات کا سایہ تھا وہ بالکل ٹھیک ہو گیا اور دوبارہ کبھی اسے جنات نے تنگ نہیں کیا۔

جنات کی غذا کا خیال رکھا' وہ میرا رکھ رہے!

7۔محترم شیخ الوظائف صاحب السلام علیکم! میں نے چند سال پہلے آپ سے جنات کو اعمال اور ہڈیوں والے عمل کے بارے میں سنا تھا۔آپ نے دوران محفل فرمایا تھا کہ جانور کے گوشت کی ہڈیاں جنات کی غذا ہیں' گوشت کھانے کے بعد جو ہڈیاں بچ جائیں ان کو صاف ستھری جگہ پر رکھیں' کوڑے میں نہ پھینکیں۔ میں نے اس پر عمل شروع کیا اور کھانے کے بعد جو بھی ہڈیاں بچ جاتی تھیں انہیں کوڑے میں ڈالنے کی بجائے گھر کی چھت پر رکھنا شروع کر دیا۔اس کے علاوہ جب ہڈیاں زیادہ ہو جائیں تو ان ہڈیوں کو قبرستان میں صاف ستھری اور اونچی جگہ پر رکھتا ہوں۔اس عمل کی مجھے انوکھی برکات مل رہی ہیں۔ مجھے جنات باقاعدہ نظر تو نہیں آتے لیکن واضح طور پر محسوس ہوتا ہے کہ وہ میرے مختلف امور میں میری مدد کرتے ہیں۔جو کام پہلے ہفتوں میں ہوتے تھے اب دنوں میں ہوتے ہیں۔اس کے علاوہ متعدد بار میری کچھ حادثات سے ایسی حفاظت ہوئی کہ میں خود دنگ رہ جاتا ہوں۔ مجھے باقاعدہ محسوس ہوتا ہے کہ جنات نے اس دوران میری غیبی طریقے سے حفاظت اور مدد کی ہے۔

جنات میرے دادا کے شاگرد اور ہمارے خیر خواہ

8۔السلام علیکم! میرے دادا رحمۃ اللہ علیہ امام مسجد تھے'اس کے علاوہ وہ بچوں کو قرآن پاک بھی پڑھاتے تھے۔وہ بہت نیک انسان اور درویش صفت بزرگ تھے۔ان کی نیک جنات سے دوستی ہوگئی۔وہ جنات مختلف امور میں ان کی مدد کرتے رہے اور جب دادا جیؒ کا وصال ہو گیا تو ان جنات نے ہمارا ساتھ نہ چھوڑا۔ہمیں جب بھی گھر میں کوئی مشکل اور پریشانی آتی ہے تو وہ نیک جنات ہماری راہنمائی اور مدد کرتے ہیں۔

بیوی کے اوپر آئے جنات میرے دوست بن گئے!

9۔میری بیوی پر کسی نے جادو کیا جس کے بعد اسے جنات نے قابو کر لیا۔ مجھے کسی نے جادو جنات سے نجات پانے کے

لئے وظیفہ بتایا کہ لاتعداد حٰمٓ لَا یُنۡصَرُوۡن پڑھنا شروع کردو۔ میں نے پڑھنا شروع کردیا۔ ابھی چند دن ہی ہوئے تھے کہ ان جنات نے مجھے یہ وظیفہ پڑھنے سے منع کرنا شروع کردیا۔ میں نے ان کی منت کی میری بیوی کا پیچھا چھوڑ دو۔ اس کے ساتھ عمل کو بھی جاری رکھا۔ جنات نے بتایا کہ ہمیں ایک شخص نے آپ کی بیوی پر مسلط کیا ہوا ہے۔ جب میں نے ان سے اس شخص کے بارے میں پوچھا تو انہوں نے باقاعدہ اس شخص کی تصویر دکھائی۔ اس شخص کے ساتھ ہمارے کچھ مسائل چل رہے تھے جس کے بعد اس نے میری بیوی پر جادو کروایا ہوا تھا۔ مگر اس وظیفہ کی برکت سے وہ جنات جو میری بیوی کو مارنے کے لئے آئے تھے وہ میرے دوست بن گئے۔ انہوں نے میری بیوی تنگ کرنا ختم کردیا اور جس شخص نے انہیں بھیجا تھا اسے بھی سبق سکھادیا اور وہ اپنی حرکتوں سے باز آ گیا۔

جنات کو کھلائیں پلائیں دوست بنائیں

10۔ السلام علیکم! میرا مشاہدہ ہے کہ اگر کسی شخص پر جنات اس وجہ سے قابض ہو گئے ہوں کہ اس شخص کی کسی حرکت کی وجہ سے ہمیں نقصان پہنچا ہے۔ ایسے جنات کے غصہ کو ختم کرنے اور انہیں راضی کرنے کے لئے گوشت کا ہدیہ کریں۔ آپ حسب استطاعت گوشت لے کر وقتاً فوقتاً انہیں ہدیہ کرنے کی نیت سے کسی میدان یا ویرانے میں رکھ دیں۔ اس کے علاوہ ایسے ہی عطر وغیرہ کا ہدیہ کریں۔ اس سے ان شاء اللہ جنات کا غم وغصہ ختم ہوگا اور وہ دوست بن جائیں گے۔

بیری کے درخت اور نیک جنات کا تعلق

11۔ السلام علیکم! مجھے عبقری کے ذریعے کچھ عرصہ پہلے معلوم ہوا کہ بیری کے درخت پر نیک جنات ہوتے ہیں۔ ہمارے گاؤں سے شہر کی طرف جاتے ہوئے بیری کا ایک درخت آتا ہے، میں جب بھی وہاں سے گزرتا تو وہاں جنات کا تصور کرتے ہوئے انہیں سلام کرنا شروع کردیا۔ اس عمل سے مجھے بہت فائدہ ہوا ہے اور باقاعدہ جنات محسوس کرواتے ہیں کہ وہ میری مدد کررہے ہیں۔ اکثر میری موٹر سائیکل خراب ہوجائے تو اچانک خود بخود ٹھیک ہوجاتی ہے اور اگر کبھی لیٹ ہو رہا ہوں تو موٹر سائیکل کی سپیڈ خود بخود تیز ہوجاتی ہے اور میری ہر طرح سے حفاظت ہوتی ہے۔ میرے روزمرہ کے مشکل کام بھی آسانی اور سہولت سے کے ساتھ ہوجاتے ہیں۔

بیری کے درخت سے کاروبار چمک اٹھا

12۔محترم حضرت شیخ الوظائف صاحب السلام علیکم !میں کافی عرصہ سے شہد بیچنے کا کاروبار کررہا ہوں۔گذشتہ چند ماہ سے میرا کاروبار کافی زوال کا شکار تھا۔میں نے آپ کی روحانی محفل میں جنات کو ہدیہ کرنے کے بارے میں سنا۔میں نے اپنی دکان سے دوکلو شہد لیا اور اپنے گھر کے پاس ایک بیری کا درخت تھا وہاں پہلے کچھ گوشت کی ہڈیاں ڈالیں اور ان کے اوپر شہد ڈال دیا۔اس کے بعد میں نے جنات کا تصور کرتے ہوئے انہیں ہدیہ قبول کرنے کی درخواست کی اور ساتھ ہی اپنے کاروبار کی ترقی کے لئے دعا کا بھی عرض کیا۔اس عمل کے بعد چند دن ہی گزرے تھے کہ میرا کاروبار چمک اٹھا'اس میں دن با دن ترقی ہونے لگی۔میری دکان پر پہلے روزانہ کی بنیاد پر تقریباً دوکلو شہد بکتا تھا اور اس عمل کے بعد دوسوکلو بکنا شروع ہوگیا۔

جنات کیلئے اجتماعی دعا

13۔السلام علیکم !میرا ذکر،تسبیح اور اعمال میں دل نہیں لگتا تھا'اسی وجہ سے میں زیادہ ذکر اور اعمال نہیں کرپاتا تھا۔نماز بھی اکثر قضا ہی ہوتی تھی۔میں نے ایک بزرگ سے اپنی اس کیفیت کو بیان کیا تو انہوں نے وہاں موجود تمام حاضرین سے تمام انسانوں اور جنات کے کے لئے دعا کرنے کا کہا۔میں بھی اس دعا میں شامل تھا۔انہوں نے اس دعا میں جنات کے لئے بہت خیر اور بھلائی مانگی۔میں نے بھی چند بار یہی عمل کیا اور جنات کے لئے دعائیں مانگنا شروع کردیں۔اس عمل کی برکت سے میرا ذکر اذکار اور نماز میں دل لگنا شروع ہوگیا اور نیک اعمال کی توفیق ہوئی۔

☆ ☆ ☆ ☆ ☆

کچا گوشت کے پانی سے نہائیں‘شفاء پائیں

شیخ الوظائف: میں ایک عمل اکثر بتاتا ہوں وہ عمل یہ ہے کہ کچے گوشت کو پانی میں ڈالیں اس پانی سے بیمار کو نہلائیں۔ یہ کبھی سنا‘ دیکھا یا خود کیا؟ آپ میں سے کسی کو اس عمل کی تاثیر ملی ہو؟ کسی کا اس ضمن میں کوئی مشاہدہ یا تجربہ ہو؟

گوشت ابالا‘ جنات کو کھلایا اور بات ختم!

1۔ محترم شیخ الوظائف صاحب السلام علیکم! میری بیٹی پر جنات نے قبضہ کیا ہوا تھا۔ میں نے بہت سے عاملوں سے اس کا علاج کروایا مگر اس کے باوجود بھی وہ جنات پیچھا نہیں چھوڑ رہے تھے۔ میں نے گوشت اُبال کر جنات کو ہدیہ کی نیت سے اپنی بیٹی جس پر جنات نے قبضہ کیا ہوا تھا اس کو کھلایا اور اس کے علاوہ آیت الکرسی اور کچھ اعمال پڑھ کر ہدیہ کیے جس کے بعد ان تمام جنات نے میری بیٹی کا پیچھا چھوڑ دیا۔

سوا کلو گوشت سے بیمار بچی صحت یاب

2۔ السلام علیکم! ہمارے رشتہ داروں میں ایک لڑکی تھی جس پر جادو جنات کے اثرات تھے۔ وہ بیٹھے بٹھائے بغیر کسی وجہ کے اچانک رونا شروع کر دیتی تھی اور بہت زیادہ چڑچڑے پن کا شکار ہو چکی تھی۔ وہ لڑکی مختلف بیماریوں میں مبتلا ہو گئی‘ اس کے کان بند ہو گئے۔ میں نے ان کے گھر والوں کو ایک عمل بتایا کہ سوا کلو گوشت رات کو پانی میں بھگو دیں‘ صبح اس پانی سے بچی کو نہلا دیں اور وہ گوشت چیل کوؤں اور جانوروں کو ڈال دیں یا چھت پر ڈال دیں۔ میں نے انہیں چند بار یہ عمل کرنے کا کہا لیکن انہوں نے ایک بار ہی عمل کیا اور ان کی وہ بچی بالکل ٹھیک ہو گئی۔

نظر بد‘ سوکڑا پن کے مریض متوجہ ہوں!

3۔ محترم شیخ الوظائف صاحب السلام علیکم! سوکڑے (سوکھا پن) کے لیے میں نے عبقری میں پڑھا تھا کہ گوشت کو پانی میں ڈالیں اور پھر اس گوشت کا رس پانی میں نکال کر نچوڑ دیں۔ جو بچے سوکڑے پن کے مرض میں مبتلا ہوں ان کو اس پانی کے ساتھ نہلائیں۔ جسم پر لگے اس پانی کو تولیے وغیرہ یا پانی کے ساتھ ہرگز نہ دھوئیں۔ بلکہ پرانے کپڑے پہنا دیں تاکہ وہ پانی اور اس کی بو تین گھنٹے تک جسم میں جذب رہے۔ تین گھنٹے کے بعد بچہ کو تازہ پانی سے نہلا کر صاف کپڑے پہنا دیں۔ یہ

عمل چند بار کرلیں ان شاء اللہ بچے کے سوکڑا پن کا مسئلہ حل ہوجائے گا۔ میں نے یہ عمل بہت سے لوگوں کو بتایا جس سے ان کو بہت فائدہ ہوا' بہت سے سوکڑا پن کے مرض میں مبتلا بچے صحت یاب ہوئے۔

لاعلاج اور پیچیدہ امراض میں مبتلا مریض یہ ٹوٹکہ آزمائیں!

4۔ السلام علیکم! میں نے آپ کا بتایا ہوا عمل جس میں مریض کو گوشت والے پانی سے نہلایا جاتا ہے' یہ عمل میں نے بہت سے مریضوں کو استعمال کروایا جنہیں لاعلاج بیماریوں سے شفاء ملی۔ ایسے بہت سے مریض جو کسی لاعلاج بیماری میں مبتلا ہونے کی وجہ سے چارپائی کے ساتھ لگے ہوئے تھے۔ انہیں گوشت والے پانی کے ساتھ نہانے کا مشورہ دیا۔ انہوں نے چند بار یہ عمل کیا جس کے بعد لاعلاج بیماریوں میں مبتلا مریض شفاء یاب ہوگئے۔ اس عمل کا طریقہ یہ ہے کہ آپ ایک پاؤ گوشت' آدھا کلو یا سوا کلو لے لیں۔ اس گوشت کو پانی میں بھگو کے کچھ دیر کے لئے رکھ دیں اور اُس پانی سے مریض کو نہلا دیں اور بعد میں وہ گوشت جانوروں کو ڈال دیں۔ ایک صاحب نے مجھے بتایا کہ ہمارے ہاں ایک صاحب تھے ان کے کھیتوں میں آگ لگ جاتی تھی تو ایک بزرگ تھے' انھوں نے مٹی دی اور کہا کہ اللہ کا دوست تمہیں سلام کہتا ہے۔ اس صاحب نے وہاں مٹی رکھ کر یہی کہا' بس ان کا سلام کہنا تھا کہ آگ لگنا ختم ہوگئی۔

ہڈیوں کا عمل کیا اور جنات کا دیدار ہوگیا

5۔ محترم شیخ الوظائف صاحب السلام علیکم! مجھے جنات سے دوستی اور ان کو دیکھنے کا بہت زیادہ اشتیاق تھا۔ مگر میں کوئی بھی ایسا کتابی عمل نہیں کرنا چاہتا تھا جس سے مجھے نقصان اٹھانا پڑے۔ میں نے آپ کی روحانی محفل میں سنا کہ جو شخص اپنے مسائل حل کروانا چاہتا ہے اور نیک جنات کی دوستی چاہتا ہے اسے چاہیے کہ وہ جب بھی گھر میں یا کہیں بھی گوشت کھائے تو اس کی جو ہڈیاں بچ جائیں انہیں ضائع کرنے کی بجائے کسی ایسی جگہ پر رکھ دے جہاں سے کوئی جانور وغیرہ کھالیں۔ میں نے آپ کے بتائے ہوئے اس عمل کو کرنا شروع کیا۔ اس عمل کو میں نے کچھ عرصہ مستقل کیا۔ ایک دن جنات میرے سامنے آگئے' میرے اس عمل کی بہت تعریف کی اور خوش ہوئے اور ہر طرح کے تعاون کا یقین بھی دلایا۔

☆ ☆ ☆ ☆ ☆

ایسا عمل جو ناممکن کو ممکن کر دکھائے! 2023ء میں کرنا ہرگز نہ بھولیے!

شیخ الوظائف! کا سوال: اپنا کوئی ایسا مختصر عمل بتائیں جو ناممکن کو ممکن کر دیتا ہو۔ ایسا عمل جسے کسی مشکل اور ناکامی کو ختم کرنے کے لئے کیا اور ہر دفعہ اس سے آپ کی مشکل اور ناکامی ختم ہوئی ہو۔

اللہ کو درخواست لکھی اور مسئلہ حل ہوگیا

1۔ محترم شیخ الوظائف صاحب السلام علیکم! آپ نے اللہ تعالیٰ کو درخواست لکھنے والا عمل بتایا تھا جو آپ نے گزشتہ رمضان المبارک میں بھی کروایا تھا۔ میں جب بھی کسی مشکل، مصیبت یا پریشانی میں پھنستا ہوں تو فوراً خانوں والی کاپی لیتا ہوں اور ہر کھانے میں یا اللہ لکھ کر اپنی حاجت کا سوال دل ہی دل میں اللہ تعالیٰ سے کرتا ہوں۔ ادھر میری کاپی مکمل ہوتی ہے اور ادھر میرا کام ہو جاتا ہے۔

دو منٹ کے عمل سے تمام مشکلیں ختم

السلام علیکم! مجھے جب بھی کسی چیز کی حاجت ہوتی ہے یا کوئی مشکل آن پڑے تو میں اول و آخر تین بار درود پاک، ایک بار سورۃ فاتحہ اور تین بار سورۃ اخلاص پڑھ لیتا ہوں۔ میں کچھ عرصہ مسلسل یہ عمل کرتا ہوں اور اس عمل کی برکت سے میری مشکل ٹل جاتی ہے اور مراد پوری ہو جاتی ہے۔ اس کے علاوہ اگر کوئی شخص بیمار ہو جائے تو یہی عمل پڑھ کر اسے دم کرتا ہوں جس سے بیماری میں بہت افاقہ ہوتا ہے۔

میرا یہ عمل کبھی خطا نہیں ہوا

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں نے جب بھی پانچ سورتیں اور چھ بار بسم اللہ والا عمل کسی بھی مسئلہ کے لئے کیا ہے تو یہ عمل کبھی بھی خطا نہیں ہوا۔ جتنا بھی بڑا مسئلہ ہو یا پریشانی ہو اس عمل کی برکت سے مجھے کبھی بھی مایوسی کا سامنا نہیں کرنا پڑا۔ اس عمل کا طریقہ کار یہ ہے کہ سب سے پہلے ایک بار پوری بسم اللہ پڑھیں اور اس کے بعد پانچ سورتیں (سورۃ کافرون، سورۃ نصر، سورۃ اخلاص، سورۃ فلق اور سورۃ الناس مع پڑھیں، ہر سورۃ کو پڑھنے سے پہلے ایک بار پوری بسم اللہ پڑھیں اور

جب آخری سورۃ یعنی سورۃ الناس پڑھ لیں تو آخر میں ایک بار پھر پوری بسم اللہ پڑھ لیں۔ اس طرح یہ عمل مکمل ہو جائے گا۔

4۔ السلام علیکم! میری زندگی میں چند بار ایسے مشکل حالات اور مسائل آئے کہ میرا ان مشکلات سے نکلنا بظاہر ممکن نہ تھا۔ میں نے ان حالات میں آپ کا بتایا ہوا عمل جس میں دو رکعت نفل حاجت کے بعد تین بار سورۃ یٰسین پڑھ کر اللہ تعالیٰ سے اپنی حاجت کی فریاد کرتے ہیں، وہ عمل کرنا شروع کر دیا۔ یہ عمل چند بار ہی کیا اور میری ایسی مشکلات جن سے نکلنا ناممکن نظر آتا تھا وہ ختم ہو گئیں۔ یہ عمل میرا بارہا کا آزمودہ ہے۔

شیخ الوظائف کے پڑداداجیؒ کا عطا کیا ہوا خاص عمل

محترم شیخ الوظائف صاحب السلام علیکم! میں جب بھی کسی الجھن اور پریشانی کا شکار ہوتا ہوں تو آپ کے داداجیؒ کا بتایا ہوا عمل "یَا بَدِیْعَ الْعَجَائِبِ بِالْخَیْرِ یَا بَدِیْع" کو 12 دن تک 1200 مرتبہ روزانہ پڑھا ہوں جو آپ نے ایک بار شب جمعہ کی محفل میں عطا کیا تھا، یہ عمل کرنے سے میری الجھنیں سلجھ جاتی ہیں اور میری تمام پریشانیاں ختم ہو جاتی ہیں۔ میں نے آج تک یہ عمل جس بھی مقصد کے لئے کیا ہے میرا وہ مقصد ضرور پورا ہوا ہے۔

تسبیح خانہ میں موجود تبرکات میرے ہر مسئلہ کا حل

السلام علیکم! اپنی مرادوں کو پانے کے لئے میں نے جب بھی تسبیح خانہ میں موجود تبرکات کی زیارت کی ہے اور تبرکات میں موجود شیخ الوظائف کے پڑداداجیؒ کے قرآن کو دیکھتے ہوئے دعا کی ہے تو میری وہ دعا کبھی بھی رد نہیں ہوئی۔ میری ہر دعا قبول ہوئی ہے۔

جانور قصائی کے حوالے کرنے سے پہلے میرا نسخہ آزمالیں

السلام علیکم! میرا کافی عرصہ سے یہ معمول ہے کہ ہر نماز یا کم از کم جمعہ کی نماز کے بعد 35 بار مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ اَحْمَدُ رَسُوْلُ اللّٰہِ پڑھتا ہوں اور اس کے علاوہ اسی درود کا تعویذ 35 بار لکھ کر اپنے پاس رکھا ہوا ہے۔ اس عمل کے مجھے اپنی زندگی میں بہت انوکھے مشاہدات ملے ہیں۔ حالیہ سیلاب اور وباء کی وجہ سے لوگوں کے بہت سے جانور مرے اور کھیتوں کا بہت زیادہ نقصان ہوا۔ لیکن میں نے اس تعویذ کو پانی میں ڈال کر اس کا سپرے اپنی فصلوں پر کیا اور یہی تعویذ جس جگہ جانور رکھے

ہوئے ہیں وہاں لٹکا یا ہوا ہے۔اس تعویذ اور وظیفہ کی برکت سے میرے جانور بھی محفوظ رہے اور فصلوں کو بھی نقصان نہیں پہنچا بلکہ میری فصل میں بہت زیادہ برکت ہوئی۔ایک شخص کا جانور بیمار ہو گیا' میں نے یہی تعویذ پانی میں ڈال کر اس جانور کو پلانے کے لئے کہا۔اس شخص نے ایسا ہی کیا جس کے بعد اس کا جانور مرنے سے بچ گیا اور تندرست ہو گیا۔

دو نفل پڑھ کر حضور ﷺ کے گھرانہ کو ہدیہ کیے اور مشکل ٹل گئی

محترم شیخ الوظائف صاحب السلام علیکم! میں جب بھی کسی سخت مشکل' پریشانی یا مصیبت میں مبتلا ہو جاؤں تو ایک عمل چند بار یقین اور توجہ کے ساتھ کرتا ہوں جس سے میرے یہ تمام مسائل حل ہو جاتے ہیں۔اس عمل کے بعد کی ہوئی میری کوئی بھی دعا رد نہیں ہوتی بلکہ ضرور قبول ہوتی ہے۔وہ عمل یہ ہے کہ دو نفل حاجت کے پڑھیں اور اس کا ہدیہ نبی کریم ﷺ کے گھرانہ کو (حضور ﷺ کے گھرانہ میں نبی کریم ﷺ کے بیٹے' بیٹیاں' نواسے' نواسیاں داماد اور امہات المومنین سلام اللہ ورضوان اللہ علیہم اجمعین شامل ہیں) ہدیہ کر کے اللہ سے اپنی حاجت کا سوال کریں۔

درود پاک پڑھنے سے کام ہو جاتا ہے

محترم شیخ الوظائف صاحب السلام علیکم! میرے کچھ گھریلو مسائل اور پریشانیاں تھیں۔گھر میں کسی چھوٹی سی بات پر جھگڑا شروع ہوتا جو شدت اختیار کر جاتا۔ان دنوں عبقری حویلی میں ''سوا کروڑ درود پاک کا چلہ'' ہو رہا تھا۔مجھے عبقری رسالہ کے ذریعے اس چلہ کے بارے میں جب معلوم ہوا تو میں اپنے بستر کے ہمراہ عبقری حویلی چلے گیا۔وہاں میں نے تین دن کے درود پاک کے چلہ میں شرکت کی۔جب گھر واپس آیا تو معاملات میں کچھ بہتری محسوس ہوئی۔میں نے اسی درود پاک کا ذکر جاری رکھا اور الحمدللہ کچھ ہی عرصہ میں گھر سے لڑائی جھگڑے اور آپس کی نفرتیں ختم ہو گئی ہیں۔اللہ تعالیٰ نے دلوں کے اندر وسعت پیدا کر دی ہے۔اس درود پاک کی یہ بھی انوکھی برکت دیکھی ہے کہ پہلے گھر کا کوئی نہ کوئی فرد کسی نہ کسی بیماری میں مبتلا رہتا تھا لیکن درود شفاء کی برکت سے بیماریوں سے بھی شفاء مل چکی ہے۔درود شفاء یہ ہے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ کُلِّ دَاءٍ وَّدَوَاءٍ وَّبَارِكْ وَسَلِّمْ

ہجویری محل آئیں اور اپنے الجھے مسائل حل کروائیں

محترم شیخ الوظائف صاحب السلام علیکم! میں گزشتہ چند ماہ سے مختلف مصائب میں گھرا ہوا تھا۔زندگی کے ہر شعبہ میں

ناکامی اور رسوائی کا سامنا تھا۔ میرے روزگار کا سلسلہ بھی تقریباً ختم ہو چکا تھا اور گھریلو معاملات بھی کافی خراب چل رہے تھے۔ میں نے کوشش کی کہ اپنا ذریعہ روزگار تبدیل کر کے دیکھوں مگر جو کام بھی شروع کرنے کی کوشش کرتا تو اس میں نقصان ہی اٹھانا پڑتا۔ اس کے علاوہ زندگی کے باقی معاملات بھی خراب ہی چل رہے تھے۔ ایک دن میں تسبیح خانہ میں ہونے والی شب جمعہ کی محفل آن لائن سن رہا تھا کہ اس دوران شیخ الوظائف نے فرمایا کہ جو لوگ اپنے الجھے مسائل' مشکلات اور پریشانیاں ختم کروانا چاہتے ہیں وہ چند دن ہجویری محل میں خدمت کر آئے' ان شاءاللہ مسائل حل ہو جائیں گے۔ میں اگلے ہی دن اپنے بستر کے ہمراہ ہجویری محل پہنچ گیا۔ میں نے چند دن وہاں خدمت کی اور اس دوران اللہ تعالیٰ سے اپنے مصائب ختم کروانے کے لئے دعائیں بھی کرتا رہا۔ جب میں گھر واپس آیا تو چند دن گزرنے کے بعد میرے روزگار میں بہتری آنی شروع ہوئی لیکن باقی معاملات جوں کے توں ہی تھے۔ لیکن میں مایوس نہ ہوا اور اللہ تعالیٰ نے خدمت کی برکت سے میرے باقی مسائل بھی حل کرنا شروع کر دیئے اور آئے دن جو کوئی نہ کوئی نئی مصیبت کھڑی ہو جاتی تھی وہ معاملہ بھی ختم ہو گیا۔

سورۃ قریش پڑھی' دعا مانگی اور مراد مل گئی

شیخ الوظائف صاحب السلام علیکم! آپ نے ایک بار روحانی کلاس میں سورۃ قریش کے چالیس بار پڑھنے والے نصاب اور اس کے مشاہدات کا ذکر فرمایا تھا جو آپ نے ازبکستان کے روحانی سفر میں شامل احباب کو عطا فرمائی تھی۔ اسی روحانی کلاس میں آپ نے اس وقت روحانی کلاس میں موجود احباب اور بعد میں سننے والوں کو بھی اس عمل کی اجازت فرما دی تھی۔ میرے ایک قریبی دوست تھے جن کا گھر ٹوٹنے کے قریب تھا۔ میں نے ان کے اس مسئلہ کی نیت سے یہی عمل کیا یعنی 40 بار سورۃ قریش پڑھی اور اللہ تعالیٰ سے اپنے اس مخلص دوست کے لئے دعا کی جس کی برکت سے طلاق کا خطرہ ٹل گیا اور ان کا اجڑتا ہوا گھر آباد ہو گیا۔ اس مشاہدہ کے بعد جب بھی کوئی مسئلہ ہوتا ہے تو میں چالیس بار سورۃ قریش پڑھ کر اللہ سے اپنے مسئلے کے حل کے لئے دعا کرتا ہوں اور میری مراد پوری ہو جاتی ہے۔

دو اسم پڑھے اور دل کی حسرت پوری!

السلام علیکم! مجھے جب بھی کسی چیز کی حاجت ہوتی ہے تو اس کے لئے میں مسلسل تین دن صبح و شام 313 بار اللہ کے دو نام

"یَا قَادِرُ یَا نَافِعُ" پڑھتا ہوں اور جس چیز کی بھی حاجت ہوتی ہے اس کا تصور کر لیتا ہوں۔ ان اسمائے الحسنیٰ کی برکت سے مجھے وہ چیز باآسانی مل جاتی ہے۔ جب سے یہ عمل کر رہا ہوں میری ایسی بہت سی خواہشات جن کی دل میں حسرت تھی وہ پوری ہوئی ہیں اور ہو رہی ہیں۔

دفتری معاملات میں آسانی

السلام علیکم! مجھے اپنے دفتری معاملات میں کافی پریشانی رہتی تھی۔ سنیئر افسران کا رویہ میرے ساتھ کافی سخت اور تلخ ہوتا تھا۔ اگر میں نے کسی مجبوری کے تحت چھٹی کرنی ہوتی تو مجھے چھٹی بھی نہ ملتی۔ ایک بار میں نے اپنے قریبی عزیز رشتہ دار کی شادی میں شرکت کرنی تھی جس وجہ سے مجھے چند کی چھٹیاں درکار تھیں مگر ایک ساتھ اتنی چھٹیاں ملنا بہت مشکل تھیں۔ میں نے درود پاک کی ایک تسبیح پڑھ کر اپنے بالا افسران کو ہدیہ کی اور چھٹی کے لئے درخواست دی تو انہوں نے بغیر کچھ ٹال مٹول کیے میری وہ درخواست منظور کر لی۔ میں نے یہ عمل روزانہ کی بنیاد پر کرنا شروع کر دیا جس کے بعد دفتر میں موجود تمام لوگوں کا رویہ میرے ساتھ بہت نرم اور شفقت والا ہو چکا ہے۔

قرض دار نے قرض واپس کر دیا

محترم شیخ الوظائف صاحب السلام علیکم! میرے ایک جاننے والے تھے جنہوں نے کچھ رقم مجھ سے ادھار لی ہوئی تھی۔ انہوں نے قرض واپسی کی جو تاریخ بتائی تھی وہ گزر چکی تھی۔ ان کے پاس مطلوبہ رقم بھی موجود تھی مگر اس کے باوجود میں جب بھی ان سے رقم واپسی کا مطالبہ کرتا تو وہ ٹال مٹول سے کام لیتے اور کوئی نہ کوئی مجبوری بتا دیتے۔ ایک بار روحانی کلاس میں آپ نے ایک عمل بتایا تھا میں نے وہ عمل کیا اور چند ہی دنوں میں وہ شخص خود میرے پاس آیا اور میری رقم مجھے واپس کر دی۔ وہ عمل یہ ہے کہ اپنے مسئلہ کا تصور کرتے ہوئے 11 بار

"یَا خَالِصُ یَا مُخْلِصُ یَا خَلَّاص بِحَقِّ اِبْنِ عَبَّاس بِحَقِّ مَهْتَرْ اِلْيَاس بَنْدْ خَلَّاص"

2023 میں مستجاب الدعوات بننے کا عمل سیکھ لیجئے

محترم شیخ الوظائف صاحب السلام علیکم! میں نے چند سال پہلے آپ سے ایک عمل کے بارے میں سنا تھا کہ جو شخص

مستجاب الدعوات بننا چاہتا ہے وہ روزانہ 27 بار یہ دعا اَللّٰھُمَّ اغْفِرْلِیْ وَلِوَالِدَیَّ وَلِلْمُؤْمِنِیْنَ وَالْمُؤْمِنَاتِ وَالْمُسْلِمِیْنَ وَالْمُسْلِمَاتِ پڑھنے کا اہتمام کریں اور اس عمل کو اپنی زندگی کا معمول بنالے۔ میں نے اس دعا کو روزانہ کی بنیاد پر 27 بار نہایت یقین اور توجہ کے ساتھ پڑھنا شروع کر دیا۔ اس کے علاوہ بھی اسی دعا کو کثرت سے پڑھتا رہا۔ اللہ تعالیٰ نے اس دعا کی ایسی تاثیر عطا فرمائی ہے کہ اب جس چیز کی بھی خواہش ہو یہی دعا 27 بار پڑھ کر اللہ تعالیٰ سے دعا کرتا ہوں اور میری وہ خواہش پوری ہو جاتی ہے۔

ایک تسبیح پڑھیں اور جو چاہیں رب سے منوالیں

محترم شیخ الوظائف صاحب السلام علیکم! جب سے تسبیح خانہ سے نسبت ہوئی ہے اللہ تعالیٰ نے اعمال والی زندگی عطا فرمائی ہے۔ ان اعمال ہی کی برکت ہے کہ میں بڑی بڑی مشکلات اور مسائل سے باآسانی نکل جاتا ہوں۔ میں اپنا ایک عمل بتا رہا ہوں جو میں نے بے شمار مرتبہ آزمایا اور ہر بار اس عمل سے فائدہ ہوا۔ وہ عمل یہ ہے کہ جب بھی میری کوئی دعا قبول نہ ہو رہی ہو تو ایک تسبیح اَلْحَقُّ الْوَکِیْلُ کی پڑھ کر اللہ تعالیٰ سے اپنی فریاد کرتا ہوں اور میری دعا قبول ہو جاتی ہے۔

حلقہ کشف المحجوب سنیں اور مراد پائیں

السلام علیکم! آپ اکثر فرماتے ہیں کہ جو شخص روحانی ترقی چاہتا ہو وہ حلقہ کشف المحجوب سنے۔ میرے دل میں اللہ تعالیٰ نے یہ بات ڈالی کہ اگر اس عمل سے روحانی ترقی مل سکتی ہے تو دنیاوی مسائل بھی حل ہو سکتے ہیں۔ میں نے اپنے مسائل اور مصیبتوں سے چھٹکارا پانے کے لئے حلقہ کشف المحجوب سننا شروع کیا اور میرے مسائل حل ہونا شروع ہو گئے۔ میری عرصہ دراز سے جو دعائیں قبول نہیں ہو رہی تھیں وہ قبول ہونا شروع ہو گئیں۔ میرا یہ معمول بن چکا ہے کہ اب کوئی بھی مسئلہ ہو تو توجہ ودھیان کے ساتھ حلقہ کشف المحجوب سننا شروع کر دیتا ہوں اور میرا مسئلہ حل ہو جاتا ہے۔

مختصر وظیفہ سے بڑی سے بڑی پریشانیوں کا خاتمہ

محترم شیخ الوظائف صاحب السلام علیکم! میں کافی عرصہ سے مختلف پریشانیوں کا شکار رہا ہوں۔ ایک پریشانی ختم ہوتی تھی تو کچھ عرصہ بعد اس سے بڑی پریشانی کا سامنا کرنا پڑتا تھا۔ اکثر بے روزگاری کا مسئلہ بن جاتا اور اگر کوئی اچھا روزگار میسر

ہوتا تو تھوڑے ہی عرصہ کے بعد کسی ایسی بیماری میں مبتلا ہو جاتا کہ میرا روزگار کا سلسلہ بھی ختم ہو جاتا تھا۔ میری زندگی انہی پریشانیوں کی وجہ سے تنگ ہوتی جارہی تھی۔ میرے ایک قریبی رشتہ دار تھے انہوں نے مجھے مسائل اور پریشانیوں سے نجات کے لئے حٰمٓ لَا یُنْصَرُوْنَ کا وظیفہ پڑھنے کے لئے بتایا۔ میں نے اس وظیفہ کو سارا دن کثرت سے پڑھنا شروع کردیا۔ مجھے چند ہی ہفتوں میں اس عمل کے فوائد ملنا شروع ہو گئے۔ میں آئے دن جو بیمار ہو جاتا تھا میرا وہ مسئلہ ختم ہو گیا۔ اس کے بعد میں نے اس وظیفہ کو مزید یقین اور دھیان کے ساتھ پڑھنا شروع کردیا' اللہ نے کرم کیا اور میری زندگی سے روزگار سے متعلق اور دوسری تمام پریشانیاں بھی ختم ہو گئیں۔

مرشد کو ہدیہ دیتا ہوں اور جو چاہوں پالیتا ہوں

السلام علیکم! میرے پاس ایک ایسا عمل ہے جس کے ذریعے میری تمام خواہشات اور مرادیں پوری ہو جاتی ہیں' میری کوئی بھی حسرت ادھوری نہیں رہتی۔ میں جو چاہوں اس عمل کے ذریعے اللہ تعالیٰ سے منوا لیتا ہوں۔ میں پانچ سورتیں اور چھ بسم اللہ والا عمل کرتا ہوں اور اس عمل کا ہدیہ شیخ الوظائف کو کر کے اللہ تعالیٰ سے اپنی حاجت کا سوال کرتا ہوں۔ اس عمل کی برکت سے میری حاجت پوری ہو جاتی ہے۔

سواری نہ مل رہی ہو تو یہ عمل کرلیں

محترم شیخ الوظائف صاحب السلام علیکم! میں دوسرے شہر میں کام کے سلسلے میں آیا ہوا تھا تو گھر میں اچانک مسئلہ بن گیا جس وجہ سے مجھے ایمرجنسی گھر پہنچنا تھا۔ اس وقت گھر واپس جانے کے لئے فوری طور پر کوئی بس بھی نہیں مل رہی تھی۔ میں نے گیارہ بار سورۃ قریش پڑھ کر آپ کو ہدیہ کی تو مجھے کسی شخص کے ذریعے قریب ہی ایک ایسے بس ٹرمینل کا معلوم ہوا جہاں سے کچھ منٹ بعد ہی بس روانہ ہونی تھی۔ میں وہاں پہنچ گیا اور ٹکٹ بھی مل گئی۔ میرے لیے دوسرا مسئلہ یہ تھا کہ اس بس کمپنی کا ٹرمینل ہمارے گھر سے کافی فاصلہ پر تھا جبکہ میرا گھر راستے میں ہی آتا تھا۔ میں نے بس ڈرائیور سے درخواست کی کہ وہ مجھے راستے میں اتار دے مگر اس نے صاف انکار کردیا کہ یہ ہماری کمپنی پالیسی کے خلاف ہے۔ میں واپس اپنی سیٹ پر بیٹھ گیا اور دوبارہ اپنے مسئلے کا تصور کرتے ہوئے سورۃ قریش گیارہ بار پڑھ کر آپ کو اس عمل کا ہدیہ کردیا۔ جب میرا گھر قریب آیا تو ڈرائیور کو میں نے جس جگہ کا کہا تھا اس نے خود ہی وہاں بس روک دی اور میں با آسانی گھر پہنچ گیا۔

دل کے عارضہ میں تڑپتے ہوئے مریضوں کے لئے روحانی طلسم

محترم شیخ الوظائف صاحب السلام علیکم! گزشتہ ماہ کی بات ہے میں کسی ضرورت کے تحت گھر سے باہر نکلا تو دیکھا کہ گلی میں ایک صاحب جو ہمارے گھر کے قریب ہی رہتے تھے وہ کسی سخت تکلیف کی وجہ سے زمین پر لیٹے تڑپ رہے ہیں۔ میں نے جب قریب جا کر دیکھا تو پتہ لگا انہیں دل کا دورہ پڑا ہے۔ تھوڑی ہی دیر گزری تھی کہ کچھ اور افراد اکھٹے ہو گئے اور ان کے گھر والے بھی آ گئے۔ ہمارے گھر سے ہسپتال کافی دور تھا جس وجہ سے فوراً پہنچنا مشکل تھا۔ انہوں نے جو ہاتھ اپنے دل پر رکھا ہوا تھا میں نے اس پر انگلی کے اشارے سے ''**بحوالہ کھف قطمیر**'' لکھ دیا جس کے چند منٹ بعد ہی ان کی طبیعت میں بہتری آئی۔ ان کے گھر والوں نے بتایا کہ یہ کافی عرصہ سے دل کے عارضہ میں مبتلا ہیں اور ابھی بھی یہ اپنی ادویات لینے کے لئے ہی میڈیکل سٹور جا رہے تھے۔ ان کا بیٹا فوراً گیا اور تھوڑی ہی دیر میں میڈیکل سٹور سے ان کی ادویات لے آیا مگر جب وہ ادویات لے کر پہنچا تو اس سے پہلے ہی ان کے والد کی تکلیف مکمل طور پر ختم ہو چکی تھی۔ یہ سب اسی عمل کا کمال ہے۔

اپنے مسئلے کا تصور کرتا ہوں اور میرا کام ہو جاتا ہے

محترم شیخ الوظائف صاحب السلام علیکم! میرے پاس ایک ایسا قرآنی عمل ہے کہ جب بھی کسی مصیبت یا مشکل میں پھنس جاتا ہوں تو وہ عمل کرتا ہوں۔ اس عمل میں ایسا کمال ہے کہ اللہ تعالیٰ بہت جلد مجھے اس مصیبت اور مشکل سے نکال دیتے ہیں۔ میں نے بارہا اس عمل کا تجربہ کیا ہے۔ وہ عمل یہ ہے کہ جب بھی کوئی مسئلہ ہوتا ہے تو میں اس مسئلے کا تصور کرتے ہوئے سورۃ الم نشرح کثرت سے پڑھنا شروع کر دیتا ہوں اور چند ہی دنوں میں میرا کام ہو جاتا ہے۔ میرے بھائی کچھ عرصہ سے اپنے گھریلو حالات کی وجہ سے کافی پریشان تھے انہیں بھی یہی عمل پڑھنے کے لئے بتایا' انہوں نے جن دن ہی یہ عمل کیا تھا جس سے ان کا مسئلہ حل ہو گیا۔

2023ء میں یہ عمل کریں اور بے اولادی کا مسئلہ حل

السلام علیکم! ایسی عورتیں جن کا حمل گر جاتا ہو اور اس مرض کی وجہ سے وہ اولاد کی نعمت سے محروم ہوں۔ ان کے لئے بہت

ہی مجرب عمل ہے جو میں نے بہت سے ایسے بے اولاد جوڑوں کو بتایا جو حمل ساقط نہ رہنے کی وجہ سے اولاد کی دولت سے محروم تھے۔ وہ عمل یہ ہے کہ بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ 115 مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کر کے مریض کو پلا دیں۔ یہ عمل چند بار کر لیں ان شاء اللہ حمل ساقط رہے گا اور اولاد کی نعمت نصیب ہوگی۔ یہی عمل میں نے جانوروں پر بھی آزمایا ہے جس سے بہت سے جانوروں کا بھی یہی مسئلہ حل ہو گیا۔

جنات نے میرے ہر عمل کو توڑ دیا مگر آخر کار ناکام ہو گئے

محترم شیخ الوظائف صاحب السلام علیکم! میرے گھر پر کچھ شیطانی جنات کا بسیرا تھا جو ہم سب گھر والوں کو اکثر تنگ کرتے رہتے تھے۔ ان کی وجہ سے آئے روز کوئی نہ کوئی نقصان اٹھانا پڑتا تھا۔ کبھی گھر کی چیزیں توڑ دیتے یا چوری کر لیتے تھے۔ اس کے علاوہ چلتے چلتے اچانک بچے گر جاتے جس سے انہیں سخت چوٹ لگ جاتی۔ میں نے ان شیطانی جنات سے نجات پانے کے لئے بہت سے اعمال کیے مگر وہ میرے ہر عمل کو توڑ کر رکھ دیتے' ان پر کسی عمل کا کوئی اثر نہ ہوتا اور آخر کار میں وہ عمل چھوڑنے پر مجبور ہو جاتا۔ لیکن میں نے جب سے روحانی جانثاروں والا عمل پڑھنا شروع کیا ہے اس کے بعد ان شیطانی جنات کی شرارتوں میں کافی کمی واقع ہوئی۔ اس سے پہلے میں جب بھی کوئی عمل کرتا تھا تو وہ جنات میرے سامنے آجاتے اور مجھے تکلیف پہنچاتے تھے۔ لیکن جب میں نے روحانی جانثاروں والا عمل شروع کیا تو کوئی ایسی روحانی طاقت تھی جو میرے اور ان جنات کے درمیان حائل ہو گئی تھی۔ وہ جنات مجھے یہ عمل کرنے سے منع کرتے مگر میں نے عمل کو جاری رکھا اور ایک بار میں یہ عمل کر رہا تھا کہ ان جنات نے مجھے پر حملہ کرنے کی کوشش کی تو اس عمل کی برکت سے وہ جنات جل گئے' چند ہی ہفتوں میں ان جنات کا میرے گھر سے مکمل طور پر صفایا ہو گیا۔ روحانی جانثاروں کا عمل یہ ہے: اول آخر تین بار درود شریف ایک بار سورت فاتحہ اور تین بار سورت اخلاص، یہ ایک دفعہ بنا اسی ترتیب سے یہی عمل 40 بار پڑھنا ہے اور تصور کرنا ہے کہ یا اللہ اس عمل کا ہدیہ' فیض اور برکتیں میرے مرشد' ان کی نسلوں اور تمام نظام کو عطا فرما۔

مقصد میں کامیابی کا مجرب عمل

محترم شیخ الوظائف صاحب السلام علیکم! اگر کسی شخص کو یہ شکوہ ہو کہ اس کا کوئی بھی مقصد پورا نہیں ہوتا' ہمیشہ ناکامی کا سامنا

کرنا پڑتا ہے یا پھر وہ مقصد ادھورا رہ جاتا ہے۔ میرا ایک ایسا آزمودہ عمل ہے جس سے ہر جائز مقصد میں یقینی کامیابی ملتی ہے اور کوئی بھی ناممکن چیز ناممکن نہیں رہتی۔ وہ عمل یہ ہے کہ روزانہ کسی بھی وقت 874 مرتبہ یہ کلمات اَللّٰہُ رَبِّیْ لَا شَرِیْكَ لَهٗ اپنے مقصد کا تصور کرتے ہوئے پڑھیں اور یہ عمل مسلسل 90 دن تک کریں ان شاء اللہ ناممکن ممکن ہو جائے گا۔

تین دن میں پچیس سالہ پرانے مقدمہ سے نجات

السلام علیکم! آج سے پچیس سال پہلے مجھ پر ایک شخص نے چھوٹا مقدمہ دائر کر دیا۔ جس شخص نے مجھ پر مقدمہ کروایا تھا اس نے مجھ کچھ اس طرح سے اس مقدمہ میں الجھا دیا تھا کہ میرا اس مقدمہ سے نکلنا مشکل ہوتا جا رہا تھا۔ ایک مہینہ میں کئی بار مجھے عدالت کے چکر لگانے پڑتے۔ میں نے اپنے اس مقدمہ سے خلاصی پانے کے لئے تسبیح خانہ لاہور میں تین دن کا روحانی چلہ کیا۔ چلہ مکمل ہونے کے بعد جب میں گھر واپس گیا تو ابھی چند دن گزرے تھے کہ میری دوبارہ عدالت میں پیشی ہوئی۔ اللہ نے کرم کیا کہ اس دن فیصلہ میرے حق میں آ گیا اور مجھے اس مقدمہ سے نجات مل گئی۔

جسمانی رزق میں برکت اور روحانی ترقی میں عروج

محترم شیخ الوظائف صاحب السلام علیکم! میں نے جب سے سورۃ مائدہ کی آیت نمبر 114 کے بارے میں سنا ہے اس دن سے روزانہ چند بار اس عمل کو کر لیتا ہوں۔ اس عمل نے میری زندگی کو رنگ دیا ہے۔ میرے رزق میں بہت زیادہ برکت ہو گئی۔ میری آمدنی میں بظاہر زیادہ اضافہ تو نہیں ہوا لیکن جو میسر ہے اللہ پاک نے اسی کو میرے لئے مؤثر بنا دیا ہے۔ اللہ تعالیٰ نے روحانی دنیا میں ایسی ترقی دی ہے جسے الفاظ میں بیان کرنا مشکل ہے۔ وہ عمل یہ ہے۔ سورۃ مائدہ کی آیت اول و آخر تین بار درود پاک پڑھ کر آسمان کی طرف پھونک ماریں اور اپنی حاجت کا سوال کریں۔

اَللّٰھُمَّ رَبَّنَآ اَنْزِلْ عَلَیْنَا مَآئِدَۃً مِّنَ السَّمَآءِ تَکُوْنُ لَنَا عِیْدًا لِّاَوَّلِنَا وَاٰخِرِنَا وَاٰیَۃً مِّنْكَ وَارْزُقْنَا وَاَنْتَ خَیْرُ الرّٰزِقِیْنَ ۝

نظر بد کا گارنٹی شدہ علاج

محترم شیخ الوظائف صاحب السلام علیکم! میرے بچوں کو آئے دن کسی نہ کسی کی نظر لگ جاتی تھی جس وجہ سے وہ اکثر بیمار

پڑجاتے تھے۔ اگر کسی شادی وغیرہ میں جانا ہوتا تو اس کے بعد یہ مسئلہ ضرور ہوتا تھا۔ مجھے میری والدہ نے بچوں کی نظر بد سے حفاظت اور علاج کے لئے روزانہ انہیں دیکھتے ہوئے بِسْمِ اللّٰہِ مَا شَاءَ اللّٰہُ لَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہ کی ایک تسبیح پڑھ لیا کرو' ان شاءاللہ بچے نظر بد سے حفاظت میں رہیں گے اور اگر کسی کی نظر بد لگ گئی ہے تو اس سے بھی نجات مل جائے گی۔ میں نے جب سے یہ عمل شروع کیا ہے نظر بد سے نجات مل گئی ہے۔

اصحاب کہف کے نقش کا کمال:

السلام علیکم! جو بچے نظر بد کی وجہ سے بیمار رہتے ہوں ان کے گلے میں اگر اصحاب کہف کے ناموں کا نقش تعویذ بنا کر گلے میں لٹکا دیا جائے تو بچے نظر بد سے حفاظت میں رہتے ہیں۔ میں گزشتہ چند سالوں سے یہ نقش بہت سے بچوں کو بنا کر دے چکا ہوں جنہیں اس عمل سے بہت فائدہ ہوا ہے۔

جسمانی تکلیف کا علاج:

محترم شیخ الوظائف صاحب السلام علیکم! جسم کے اگر کسی حصہ میں بھی درد ہو رہی ہو تو 21 مرتبہ اصحاب کہف کے نام اول و آخر تین بار درود پاک کے ساتھ پڑھ کر مریض پر دم کریں یا پانی پر دم کر کے پلا دیں' ان شاءاللہ کچھ ہی دیر میں تکلیف سے نجات مل جائے گی۔

غیبی اسباب پانے کا آزمودہ عمل

السلام علیکم! آپ جب بھی کسی مسئلہ میں پھنس جائیں اور اس سے نکلنے کا کوئی راستہ نظر نہ آ رہا ہو یا زندگی میں کسی چیز کی ضرورت پیش آئے اور اس کے اسباب پیدا نہ ہو رہے ہوں تو یَا مُسَبِّبَ الْاَسْبَاب سَبِّبْ لِیَ الْخَیْرَ کو روزانہ 511 مرتبہ پڑھیں' ان شاءاللہ چند ہی دنوں میں غیبی اسباب پیدا ہوں گے اور مسئلہ حل ہو جائے گا۔

☆ ☆ ☆ ☆ ☆

برسوں پرانی مشکلات کو 2023ء میں الوداع کہہ دیں

محترم شیخ الوظائف صاحب السلام علیکم! میں کافی عرصہ سے حزب البحر کو پڑھ رہا ہوں۔اس دعا نے میری زندگی کی مشکلات اور الجھنوں کو حل کر دیا ہے۔اگر زندگی میں کوئی بھی مشکل یا مصیبت آجائے تو دعائے حزب البحر کو صرف سات پڑھتا ہوں اور اس عمل کی برکت سے میری تمام مشکلات حل ہو جاتی ہیں۔

ناجائز قبضہ گروپ نے مکان خالی کر دیا:

محترم شیخ الوظائف صاحب السلام علیکم! میرے بھائی کے مکان پر ایک ناجائز قبضہ گروپ کے لوگوں نے قبضہ کر رکھا تھا۔ہم نے ان کی بہت منت سماجت کی مگر وہ کسی بھی طرح مکان خالی کرنے کے لئے تیار نہ تھے۔ہم نے عدالت میں ان لوگوں کے خلاف مقدمہ درج کر دیا مگر جس سست رفتاری سے مقدمہ کی شنوائی ہو رہی تھی ایسے لگ رہا تھا جیسے ہمیں برسوں اس مقدمے کے فیصلہ کا انتظار کرنا پڑے گا۔ہم بے بس ہو چکے تھے اور کہیں سے بھی مسئلہ کا کوئی حل نہیں مل رہا تھا۔میں نے روحانی کلاس میں ایسے شرپسند لوگوں سے نجات پانے کے لئے سورۃ انعام کی آیت فَقُطِعَ دَابِرُ الْقَوْمِ الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا ۖ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ۔کا ایک عمل سنا۔میں نے اور بھائی نے مل کر اس آیت کو پاگل ہو کر پڑھنا شروع کر دیا۔ہمیں ایک ماہ میں اس وظیفہ کا رزلٹ مل گیا۔جج نے فیصلہ ہمارے حق میں دے دیا' وہ لوگ مکان خالی پر مجبور ہو گئے۔

''صلوۃ التسبیح'' پڑھیں اور مسائل حل کروائیں:

السلام علیکم! میرا یہ بارہا کا مشاہدہ ہے کہ جب بھی مجھ پر کوئی آزمائش آجائے اور کسی بھی طرح نہ ٹل رہی ہو تو میں چند دن صلوۃ التسبیح پڑھتا ہوں۔اس عمل کا فائدہ یہ ہوتا ہے کہ اس آزمائش سے بہت جلد نجات مل جاتی ہے۔میرے بہت سے پیچیدہ مسائل اسی عمل سے حل ہوئے ہیں۔

گمشدہ چیز فوراً مل جاتی ہے:

میری جب بھی کوئی چیز گم ہو جائے تو میں فوراً کثرت کے ساتھ اِنَّا لِلّٰهِ وَاِنَّا اِلَيْهِ رَاجِعُوْنَ پڑھنا شروع کر دیتا ہوں' اس عمل کو مسلسل کچھ دیر پڑھنے سے مجھے میری گمشدہ چیز واپس مل جاتی ہے۔

سال 2023ء میں بغیر کیش کے عیش کریں

محترم شیخ الوظائف صاحب السلام علیکم! میرے گھر میں رزق کی بہت زیادہ تنگی تھی۔ میں دن رات محنت کرنے کے باوجود بھی معاشی تنگی سے نجات حاصل نہ سکا۔ میرے حالات دن بادن خراب ہوتے جارہے تھے اور بات فاقوں تک پہنچ چکی تھی۔ مجھے میرے ایک مخلص دوست نے معاشی تنگی اور فاقوں سے نجات کے لئے انمول خزانہ نمبرایک پڑھنے کا مشورہ دیا اور اس کے علاوہ ہرنماز کے بعدایک تسبیح رَبَّنَا اٰتِنَا فِی الدُّنْیَا حَسَنَةً وَّ فِی الْاٰخِرَةِ حَسَنَةً وَّقِنَا عَذَابَ النَّارِ پڑھنے کا بتایا۔ میں نے اس عمل کو توجہ ودھیان کے ساتھ پڑھنا شروع کردیا۔ اللہ تعالیٰ نے ایسے اسباب عطا کیے مجھے گھر بیٹھے ہی رزق ملنے لگا۔ میں کئی ہفتے بے روزگار رہا مگر اللہ تعالیٰ نے اس عمل کی برکت سے رزق کی تنگی نہ ہونے دی اور چند ہفتوں میں ایسا روزگار میسر آیا جس میں سہولت بھی ہے اور برکت بھی بے بہا ہے۔

رزق کی فراوانی چاہتے ہیں تو شکر،باجرہ اور چاول خریدلیں:

السلام علیکم! میں نے جب سے قبرستان اور مختلف جگہوں پر کیڑے مکوڑوں کو شکر، باجرہ اور چاول ڈالنے شروع کیے ہیں تب سے اللہ تعالیٰ نے میرے کاروبار، رزق اور مال دولت میں ایسی بے بہا برکت دی ہے کہ میں خود حیران ہوں۔ مجھے پہلے جو رزق مہینوں میں ملتا تھا اب اس عمل کی برکت سے دنوں اور ہفتوں میں مل جاتا ہے۔ جو لوگ تنگی رزق کا شکوہ کرتے ہیں میرا انہیں مشورہ ہے کہ وہ یہ عمل کرلیں، ان شاء اللہ رزق میں وسعت ہوجائے گی۔

ہجویری محل کی برکت سے روزگار کا مسئلہ حل:

السلام علیکم! میرا بیٹا اعلیٰ تعلیم یافتہ ہونے کے باوجود بھی نوکری سے محروم تھا۔ اس نے کافی جگہوں پر نوکری کی درخواست دی ہوئی تھی، کہیں بھی اس کی نوکری نہیں لگ رہی تھی۔ میں نے بھی اس کی نوکری کے لئے بہت بھاگ دوڑ کی مگر مایوسی کے سوا کچھ نہ ملا۔ میرا بیٹا بھی مایوسی کا شکار ہورہا تھا۔ میں نے عبقری رسالہ میں کچھ لوگوں کے مشاہدات پڑھے تھے جنہوں نے عبقری ہجویری محل آستانہ منت مراد میں جاکر روحانی اعمال کیے اور ان کے مسائل حل ہوئے۔ میں نے بھی اپنے بیٹے کی نوکری کی نیت سے آستانہ منت مراد میں جاکر روحانی اعمال کیے اور چند ہی دنوں میں میرے بیٹے کو ایک اچھی نوکری مل گئی۔

☆ ☆ ☆ ☆ ☆

جادو جنات سے نجات چاہتے ہیں تو پاؤں پانی میں ڈبودیں

محترم شیخ الوظائف صاحب السلام علیکم! میں گزشتہ چند سالوں سے جادو جنات کے اثرات میں مبتلا تھا۔ میری زندگی کی تمام رونقیں، تمام راحتیں اور خوشیاں ختم ہو چکی تھیں۔ میں نے مختلف عاملوں سے علاج کروایا مگر کوئی فائدہ نہ ہوا۔ اکثر چند دن کے لئے عارضی طور پر فائدہ ہوتا مگر دوبارہ پہلے سے بھی زیادہ بری طرح حملہ ہوتا۔ اس کالے جادو اور جنات کی وجہ سے میں اپنے بیوی بچوں سے دور ہو چکا تھا۔ میں نے اپنی طرف سے تمام کوششیں کیں مگر میرے مسئلے کا حل نہ ملا۔ ایک بار میں نے عبقری کے یوٹیوب چینل پر یاقہار کے عمل کے بارے میں سنا کہ جادو جنات سے چھٹکارا پانے کے لئے کسی برتن میں پانی ڈال کر اپنے پاؤں ڈبو کر 1100 بار ''یَا قَھَّارُ'' پڑھیں۔

میں نے جب پہلے دن یہ عمل شروع کیا تو مجھے بہت زیادہ دباؤ پڑنا شروع ہو گیا مگر میں نے ہمت نہ ہاری اور عمل جاری رکھا۔ جب میں نے 1100 بار یہ اسم الٰہی پڑھ لیا تو کچھ ہی منٹ میں میرا جسم ہلکا پھلکا ہو گیا۔ مجھے یقین ہو گیا کہ میرے تمام مسائل کا حل اسی عمل میں ہے۔ میں نے مسلسل تین ماہ یہ عمل مستقل مزاجی کے ساتھ کیا اور اس عمل کا فائدہ یہ ہوا کہ مجھے جادو جنات سے مکمل طور پر نجات مل گئی۔ میرے بیوی بچے، زندگی کی تمام رونقیں اور خوشیاں واپس مل گئیں۔

خوفناک سانپوں سے چھٹکارا مل گیا:

السلام علیکم! میں پہاڑی علاقہ کا رہنے والا ہوں۔ ہمارے گھر میں سال میں چند بار دو بڑے سانپ آجاتے تھے جو کافی دیر تک دروازے پر لٹکے رہتے تھے۔ ان سانپوں کی وجہ سے تمام گھر والے اپنے کمروں میں محصور ہو جاتے تھے اور کئی گھنٹوں کے بعد وہ سانپ جاتے تھے۔ وہ سانپ اتنے لمبے اور خوفناک تھے کہ کسی کو ہمت نہ ہوتی تھی کہ ان کے پاس جا کر ان کو مار دے۔ میں نے ان سے نجات پانے کے لئے "سَلٰمٌ عَلٰی نُوْحٍ فِی الْعٰلَمِیْنَ" کے عمل کے بارے میں سنا۔ میں نے اپنے دروازوں کی چوکھٹوں اور دیواروں پر ''سَلٰمٌ عَلٰی نُوْحٍ فِی الْعٰلَمِیْنَ'' لکھ کر لگا دیا۔ جب سے میں نے یہ آیت لکھ کر لگائی ہے تب سے لے کر آج تک کئی سال گزر چکے ہیں مگر وہ سانپ دوبارہ کبھی بھی ہمارے گھر میں داخل نہیں ہوئے۔ اس کے علاوہ گھر میں بھی بہت امن و سکون ہے۔

☆ ☆ ☆ ☆ ☆

ایسے طاقتور تعویذ جو دکھ کو سکھ میں بدل دے

محترم شیخ الوظائف صاحب السلام علیکم! میری بیٹی کا اپنے شوہر سے جھگڑا ہو گیا جس کے بعد سسرال والوں نے اسے گھر بھیج دیا۔ میری بیٹی اپنے شوہر کے ساتھ بہت زیادہ مخلص تھی' اس نے اپنا گھر بسانے کی ہر ممکن کوشش کی مگر اس کے باوجود بھی اس کے شوہر اور سسرال والوں کی طرف سے بہت زیادہ سختی اور طنز کیا جاتا رہا اور آخر کار اسے گھر سے نکال دیا گیا۔ ہم نے اس کے شوہر کے ساتھ صلح کروانے کی بہت کوشش کی مگر وہ صلح پر راضی نہیں ہو رہے تھے۔ میں نے جولائی 2022ء کے شمارہ میں جو حضرت عمرؓ کا ستر حاجات والا نقش چھپا تھا اپنی بیٹی کا گھر بسانے کی نیت سے پُر کیا۔ اللہ تعالیٰ نے اس نقش کی برکت سے ایسا نظام بدلا کہ ایک ہفتے کے اندر ہی میرے داماد اور ان کے والدین آئے اور بیٹی کو گھر لے گئے۔ اس دن کے بعد گھر سے جھگڑے ختم ہو گئے۔

سورۃ توبہ کے نقش کا کمال

سورۃ توبہ کا نقش

سورۃ توبہ آخری دو آیات بغیر اعراب لکھیں

سورۃ توبہ آخری دو آیات حروف تہجی کی صورت میں لکھیں

اپنی حاجات لکھیں

میں نے اپنی بیٹی کو جائیداد میں حصہ دینے کے لئے ایک پلاٹ خرید رکھا تھا۔ جب رجسٹری کا وقت آیا تو جس شخص سے زمین خریدی تھی تو اس نے بتایا کہ اس نے وہ پلاٹ کسی اور کو بیچ دیا ہوا ہے اس لئے رجسٹری نہیں کر سکتا۔ میں نے اسے رقم کی واپسی کا مطالبہ کیا تو اس نے دوبارہ سے ٹال مٹول کرنا شروع کر دی۔ 26 محرم کو جو سورۃ توبہ کا نقش لکھ کر درخت پر لٹکاتے ہیں' میں نے اپنے اس مسئلے کی نیت کر کے 26 نقش لکھا اور اپنے گھر میں موجود امرود کے درخت کے ساتھ لٹکا دیا۔ اس نقش کو لٹکائے ابھی ایک ماہ بھی نہیں گزرا تھا کہ میری اس شخص سے دوبارہ ملاقات ہوئی اور میں نے دوبارہ اسے یاد دہانی کروائی' اس بار اس شخص نے تمام رقم ایک ہفتہ کے اندر دینے کا وعدہ کیا اور آخر کار اللہ تعالیٰ کا خاص فضل ہوا' اس شخص نے مجھے خود فون کیا اور میری تمام رقم جو پلاٹ خریدتے وقت اس کو دی تھی اس نے وہ تمام رقم واپس کر دی اور معافی کی درخواست بھی کرنے لگا۔

ایسا باکمال عمل کے جادو واپس پلٹ جائے

محترم شیخ الوظائف صاحب السلام علیکم! میری بیوی پر کسی شخص نے سخت جادو کروایا تھا۔ میں نے آپ کی روحانی محافل میں 19 بار ''ب' س' م اور اس پر اسم ذات اللہ لکھنے والے نقش کے بارے میں سن رکھا تھا۔ میں نے یہ چند نقش لکھے اور روزانہ کی بنیاد پر پانی میں ملا کر اپنی بیوی کو وہ پانی پلانا شروع کر دیا۔ اس نقش کی برکت سے میری بیوی کی طبیعت بہتر ہونے لگی اور چند ہی ہفتوں میں وہ ٹھیک ہوگئی۔ اس عمل کا انوکھا فائدہ یہ ہوا کہ جس شخص نے جادو کیا تھا وہ جادو اسی پر واپس پلٹ گیا۔

کالے کپڑے پر جوتا مارا اور سخت بخار ختم

السلام علیکم! میں کافی عرصہ سے سخت بخار میں مبتلا تھا' اکثر بخار چند دن کے لئے ختم ہو جاتا مگر بمشکل ہفتہ گزرتا تھا کہ دوبارہ شروع ہو جاتا تھا۔ میں نے بخار سے نجات کے لئے کاغذ کے اُوپر نمرود فرعون شداد قارون ہامان غرق شد" لکھا اور کالے کپڑے میں لپیٹ کر اس پر پانچ منٹ تک مسلسل جوتے مار کر اس کپڑے کو جلا کر دھونی لی۔ اس عمل کے تین بعد میرا بخار ختم ہوگیا اور دوبارہ نہ ہوا۔

بیمار جانور کو پانی پلایا اور نئی زندگی مل گئی

السلام علیکم! میں نے کافی عرصہ سے کچھ بھینسیں پال رکھی ہیں۔ ان میں چند بھینسیں اچانک بیمار پڑگئیں اور علاج کروانے کے باوجود بھی انہیں شفاء نہ ملی۔ میرے پاس عبقری کا نوارنی روحانی تانبہ کا کڑا تھا۔ میں نے وہ کڑا ان بیمار بھینسوں کے اوپر سے پھیرا اور پھر اس کڑے کو پانی مین کچھ دیر رکھ کر وہ پانی بیمار جانوروں کو پلایا جس کے چند دن بعد ہی وہ بیمار جانور صحت یاب ہوگئے۔

ایسا عمل جس سے تمام آرزوئے پوری ہوں گی

محترم شیخ الوظائف صاحب السلام علیکم! مجھے جب بھی کسی چیز کی آرزو ہوتی ہے تو میں صرف 21 بار سورۃ الفلق اور سورۃ الناس پڑھ لیتا ہوں' اس عمل کی برکت سے میرے تمام مقاصد اور تمام آرزوئے پوری ہو جاتی ہیں۔

رشتوں کی بندش ختم کرنے کا عمل

محترم شیخ الوظائف صاحب السلام علیکم! رشتوں کی بندش ختم کرنے کے لئے میرا ایک آزمودہ عمل ہے جو مجھے عبقری کے ذریعے ہی ملا ہے۔ میں نے یہ عمل اپنے بہت سے جاننے والے احباب کو بتایا ہے' اس عمل کو تمام لوگوں نے مجرب پایا ہے۔ میری اپنی ایک بہن ہے جس پر کسی نے رشتہ کی بندش کروائی ہوئی تھی۔ اس کی کہیں پر بھی رشتہ کی کوئی بات چلتی تو کوئی نہ کوئی رکاوٹ آجاتی اور آخر کار وہ رشتہ ٹوٹ جاتا۔ اس کی عمر بھی ڈھلتی چلی جارہی تھی۔ میں نے رشتہ کی بندش کو ختم کرنے کے لئے عبقری سے ایک عمل کے بارے میں پڑھا کہ اگر کثرت کے ساتھ کچھ عرصہ ''یَارَبِّ مُوْسٰی یَارَبِّ کَلِیْمِ بِسْمِ اللہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ'' پڑھا جائے تو اس سے بڑی سے بڑی بندش بھی ٹوٹ جاتی ہے۔ میں نے یہ عمل اپنی بہن کے رشتہ کی نیت سے پڑھنا شروع کر دیا۔ اس عمل کو کرتے ہوئے بمشکل چالیس بھی دن نہ گزرے تھے کہ ایک اچھے خاندان کا رشتہ میری بہن کے لئے آگیا۔ اللہ تعالیٰ نے شادی کے اسباب بھی پیدا کر دیئے اور تین ماہ میں میری بہن کی شادی ہوگئی۔ یہ سب اس عمل کی برکت سے ہی ممکن ہوا ہے۔

لڑائی جھگڑوں کا آخری حل

السلام علیکم! لڑائی جھگڑوں اور نفرتوں کی آگ کو بجھانے کے لئے اگر کوئی شخص کچھ عرصہ یہ آیت ''وَاللہُ اَشَدُّ بَاْسًا وَّ اَشَدُّ تَنْکِیْلًا'' پڑھ لے تو پرانے سے پرانے لڑائی جھگڑے' خاندانوں کی نفرتیں ختم ہوجائیں گی۔ میں اب کہیں راستے پر کسی کا لڑائی جھگڑا دیکھ لوں تو سانس روک کر گیارہ بار یہی آیت پڑھ لیتا ہوں جس سے لڑائی جھگڑا ختم ہوجاتا ہے۔

روحانی فیض اور نیک ہستیوں کی زیارتوں کے لئے

محترم شیخ الوظائف صاحب السلام علیکم! میں نے جب سے آپ کو' دادا مرشدؒ اور آپ کے والدینؒ کو اول و آخر تین بار درود شریف ایک بار سورۂ فاتحہ اور تین بار سورۂ اخلاص پڑھ کر ہدیہ کرنا شروع کیا ہے' اس عمل کی برکت سے مجھے خواب میں نیک بزرگ ہستیوں کی زیارت ہوتی ہے اور روحانی ترقی بھی مل رہی ہے۔

میرے خاندانی عملیات کا خزانہ۔۔۔۔عبقری قارئین کے نام

(محمد رضوان، سکھر)

میرے پڑدادا ؒ کو کسی بزرگ نے کچھ اعمال کی اجازت دی ہوئی تھی جس سے وہ دکھی مخلوق کی خدمت کرتے تھے۔ پریشانیوں اور مصائب میں الجھے لوگ جب ان کے پاس آتے تو وہ ان اعمال کی برکت سے ان لوگوں کے دکھوں کا مداوا کرتے۔ ان اعمال کی برکت سے اللہ تعالیٰ نے انہیں دنیاوی لحاظ سے بھی بہت نوازا ہوا تھا۔ یہ اعمال اب تک ہمارے خاندان تک ہی محدود تھے۔ آج میں یہ تمام اعمال عبقری قارئین کی خدمت میں پیش کر رہا ہوں تاکہ یہ میرے لئے صدقہ جاریہ کا باعث بن جائے۔

رزق میں وسعت و برکت کے لئے

اگر کسی کو تنگی رزق کا مسئلہ ہو تو وہ اس عمل کو اپنے روزانہ کے معمول میں شامل کر لے ان شاء اللہ رزق کی تنگی ختم ہو جائے گی اور ایسی وسعت و برکت پیدا ہو گی کہ کبھی بھی محتاجی کا سامنا نہیں کرنا پڑے گا۔ وہ عمل یہ ہے۔ اول آخر تین بار کوئی بھی مسنون درود پاک، تین بار سورۃ الم نشرح اور گیارہ بار سورۃ قدر پڑھ لے۔ ان شاء اللہ رزق کے غیبی دروازے کھل جائیں گے۔

جادو سے بچنے کا انوکھا ٹوٹکہ

میرے پڑدادا جیؒ نے اپنی ڈائری میں یہ انوکھی بات لکھی تھی اور وہ خود بھی اس پر عمل کرتے تھے۔ انہوں نے لکھا ہے کہ میرا زندگی کا تجربہ ہے جو شخص سفید مرچ کو استعمال کرتا ہے اس پر جادو کا اثر نہیں ہوتا۔

خواب میں کسی بات کا دیکھنا

اگر خواب میں کسی بات کا دیکھنا منظور ہو تو رات کو سوتے وقت باوضو ہو کر پاک صاف بستر پر بیٹھ جائیں اور اَلنُّوْرُ اَلْبَاسِطُ کا ورد کثرت سے کریں، یہاں تک پڑھتے پڑھتے سو جائیں۔ ان شاء اللہ تعالیٰ پہلی ہی رات میں انکشاف ہو جائے گا۔ ورنہ تین رات یا سات راتوں میں ضرور معلوم ہو جائے گا۔ (ان شاء اللہ)

بچے کی درازیِ عمر کے لیے

جس شخص کے بچے مرجاتے ہوں تو 7 مرتبہ باوضو سورۃ مزمل پڑھ کر سپاری (چھالیہ ثابت) پر دم کرکے اس میں سوراخ کرکے بچے کے گلے میں ڈال دے۔ان شاء اللہ بچہ کی عمر دراز ہوگی۔

مشکل مہم میں کامیابی کیلئے

اگر چانک کوئی مشکل آن پڑے تو اس کے لئے بہت مجرب عمل ہے۔گھر کے چند افراد مل کر ایک ہی نشست میں سورۃ مزمل باوضو ایک ہزار 1000 مرتبہ پڑھیں۔ ہر قسم کی مشکل مہم میں کامیابی حاصل ہوگی۔ یہ عمل غیبی اسباب پیدا کرنے کے لئے بھی نہایت مجرب ہے۔

جادو جنات سے نجات

اگر کسی شخص پر جادو جنات کے اثرات ہوں اور مختلف عاملین سے علاج کروانے کے باوجود بھی ٹھیک نہ ہو رہا ہو تو آیت الکرسی 7 بار، سورہ اخلاص 5 بار، سورۃ فاتحہ 7 بار اول آخر تین بار درود پاک پڑھ کر مریض پر وقفہ وقفہ سے دم کرتے رہیں۔ انشاءاللہ تعالیٰ کچھ ہی عرصہ میں جادو ختم ہو جائے گا۔

لاعلاج بیماریوں سے شفاء کے لیے

اگر کوئی شخص کسی لاعلاج بیماری میں مبتلا ہو اور علاج معالجہ کے باوجود بھی شفاء نہ مل رہی ہو تو اس شخص پر اگر روزانہ باوضو گیارہ مرتبہ سورۃ مزمل پڑھ کر دم کرتا رہے تو ان شاء اللہ اس عمل کی برکت سے بہت جلد مریض کو شفاء مل جائے گی۔

استخارہ کے لئے مجرب نقش اور وظیفہ۔۔۔!

(ارشاد منڈی بہاؤالدین)

تکیہ کے نیچے یہ نقش رکھ کر سو جائیں اور انوکھے راز جان لیں!

اگر کسی بات کا خواب میں معلوم کرنا مقصود ہو تو باوضو ہو کر صاف ستھرے کپڑے پہنیں اور عطر لگا درج ذیل نقش کو لکھ لیں اور اس نقش کو اپنے تکیہ کے نیچے رکھ کر سو جائیں۔ ان شاءاللہ تعالیٰ خواب میں ہر بات کا واضح جواب مل جاتا ہے۔

۸	۱۱	۸۸۳	۱
۸۸۲	۲	۷	۱۲
۳	۸۸۵	۹	۶
۱۰	۵	۴	۸۸۴

تین دن میں استخارہ کے ذریعے رہنمائی

سب سے آسان استخارہ یہ ہے کہ بدھ، جمعرات اور جمعہ کی رات کو عشاء کی نماز کے بعد تمام کاموں سے فارغ ہو کر نہایت توجہ و دھیان کے ساتھ تین سو مرتبہ تسمیہ پڑھیں اور پھر 70 مرتبہ سورۃ الم نشرح کو مع تسمیہ پڑھ کر اپنے منہ اور سینہ پر دم کرے اور اللہ تعالیٰ سے دعا کرے کہ فلاں کام جو ہونے والا ہے وہ مجھ کو خواب میں یا غنودگی میں کسی آواز دینے والے کی آواز سے معلوم کرا دے۔" اس کے بعد یہ درود شریف ایک سو مرتبہ پڑھے۔ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ مَعْلُوْمٍ لَّكَ۔ ان شاءاللہ 3 رات کے اندر راہنمائی ہو جائے گی۔

☆ ☆ ☆ ☆ ☆

2023ء میں تمام گھرانا گھانی آفات و بلیات سے محفوظ

(تنویر اختر' کراچی)

حفاظت کا ایک ایسا عمل جو مجھے کسی درویش نے دیا تھا کہ اگر سورۃ دہر کو باوضو تین مرتبہ روزانہ پڑھ لیا جائے تو اس عمل کی برکت سے تمام گھر والے وباؤں اور آفات و بلیات سے حفاظت میں رہیں گے۔ میں کافی سالوں سے یہ عمل کر رہا ہوں۔ یہ عمل کرنے سے میں اور میرا گھر دنیا میں آنے والی مختلف وباؤں اور آفات سے حفاظت میں رہتے ہیں۔

بُرے اور ڈراؤنے خواب سے نجات

اگر کوئی شخص بُرے اور ڈراؤنے خواب دیکھتا ہو تو روزانہ مغرب کی نماز کے بعد ایک مرتبہ باوضو سورۃ مرسلات پڑھ لیا کرے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ ہر قسم کے ڈراؤنے اور برے خواب آنا بند ہو جائیں گے اور اس کے علاوہ بدخوابی سے بھی نجات حاصل ہوگی۔

درختوں کے پھل میں برکت

اگر کوئی شخص چاہتا ہو کہ اس کے باغ کے درختوں پر کثرت سے پھل لگے اور چاہتا ہو کہ باغ ہر قسم کے نقصان اور کیڑا لگنے سے محفوظ رہے تو اس کے لیے ایک چینی کی پلیٹ پر (اَلرَّحِیۡمُ) ایک سو ایک بار باوضو لکھے اور وہ پانی تھوڑا تھوڑا کر کے پھل لگنے سے پہلے تمام درختوں کی جڑوں میں ڈال دے، ان شاء اللہ درختوں پر خوب پھل لگیں گے۔

دشمن مہربان، بیوی مطیع اور اولاد فرمانبردار

اگر کوئی شخص چاہتا ہے کہ اس کا دشمن دشمنی چھوڑ دے اور مہربان ہو جائے۔ یا بیوی اپنے شوہر کا کہنا نہ مانتی ہو اور چاہتا ہو کہ وہ اطاعت گزار بن جائے' نافرمان اولاد فرمانبردار بن جائے تو اس کے لیے یَاقُدُّوۡسُ (319) مرتبہ باوضو پڑھ کر کسی میٹھی چیز پر دم کر کے مطلوبہ شخص کو کھلا دے' ان شاء اللہ تعالیٰ اس عمل سے دشمن دوست بن جائے گا' بیوی اور اولاد فرمانبردار بن جائے گی۔

ناراض خاوند کو منانے کے لئے نقش

جس عورت سے خاوند ناراض ہو تو وہ دو عدد درج ذیل نقش لکھے' ایک نقش لکھ کر خاوند کو پانی میں ڈال کر پلا دے اور دوسرا نقش عورت اپنے بازو پر باندھ لے' ان شاء اللہ چند دن میں ناراض شوہر راضی ہو جائے گا۔

۷۸۶

۸	۱۱	۱۴	۱
۱۳	۲	۷	۱۲
۳	۱۶	۹	۶
۱۰	۵	۴	۱۵

ظالم کے ظلم سے نجات حاصل کرنے کا طریقہ

اگر کسی ظالم کے ظلم سے لوگ تنگ ہوں اور اس کے ظلم وستم کی وجہ سے جان کو خطرہ ہو تو ایسے ظالم سے نجات پانے کے لئے بعد نماز جمعہ سورۃ مزمل انیس مرتبہ پڑھ کر سرسوں پر دم کر کے آگ میں ڈال دے۔ یہ عمل چند بار کر لیں' ان شاء اللہ جتنا بھی ظالم اور خطرناک شخص ہو گا اس سے نجات ملے گی اور وہ ذلیل و رسوا ہو جائے گا۔

پیشاب کی تکلیف کا علاج

اگر کسی کا پیشاب رک گیا ہو' پیشاب کرتے وقت تکلیف کا سامنا کرنا پڑتا ہو یا سخت جلن ہوتی ہو تو باوضو گیارہ بار درود شریف پڑھیں۔ اس کے بعد گیارہ بار سورۃ اخلاص پڑھیں اور پھر آخر میں گیارہ بار درود شریف پڑھ کر پانی دم کریں اور وہ پانی تھوڑا تھوڑا کر کے مریض کو پلائیں۔ ان شاء اللہ پیشاب سے متعلق تمام امراض سے یقینی شفاء مل جائے گی۔ یہ عمل چند دن یا چند ہفتے مستقل مزاجی کے ساتھ کر لیں۔

☆ ☆ ☆ ☆ ☆

سال 2023 میں فراخی رزق کے لئے انمول وظائف

(پرویز خان' پشاور)

روزگار کے حصول کے لئے

کشائش روزگار، معاشی تنگی کے لیے صبح کے وقت دو رکعت نفل نماز پڑھ کر اوّل آخر درود شریف گیارہ مرتبہ اور سورۃ اخلاص گیارہ مرتبہ پڑھ کر مندرجہ ذیل آیت سو مرتبہ روزانہ چالیس روز پڑھے اور اللہ تعالیٰ سے رزق کی وسعت کے لئے فریاد کرے' بہت مجرب عمل ہے۔ آیت یہ ہے۔

وَمَنْ يَّتَّقِ اللّٰهَ يَجْعَلْ لَّهٗ مَخْرَجًاۙ وَّيَرْزُقْهُ مِنْ حَيْثُ لَا يَحْتَسِبُ ۗ وَمَنْ يَّتَوَكَّلْ عَلَى اللّٰهِ فَهُوَ حَسْبُهٗ ۗ اِنَّ اللّٰهَ بَالِغُ اَمْرِهٖ ۗ قَدْ جَعَلَ اللّٰهُ لِكُلِّ شَيْءٍ قَدْرًا ۝

مال میں خیر و برکت کے لئے:

جو شخص اپنے مال پر یا مال کا تصور کرتے ہوئے کثرت کے ساتھ ''یَااللّٰہُ اَلْغَنِیُّ اَلْمُغْنِیُّ'' پڑھے گا تو اس کے مال میں بہت زیادہ برکت ہوگی اور حفاظت رہے گی۔ اس کے علاوہ اگر کوئی ظاہری یا باطنی مرض یا پریشانی اور مصیبت میں ہو تو ان کلمات کے ورد سے ان شاء اللہ جلد نجات مل جائے گی۔

کاروبار میں ترقی کے لئے:

اگر کسی شخص کے کاروبار میں ترقی نہ ہو رہی ہو یا کاروبار زوال کا شکار ہو چکا ہو تو اسے چاہیے کہ ہر فرض نماز کے بعد ایک تسبیح ''یَااَللّٰہُ الْوَھَّابُ الرَّزَّاقُ الْفَتَّاحُ الْغَنِیُّ'' پڑھ لیا کرے' یہ عمل کچھ عرصہ نہایت توجہ دھیان اور یقین کے ساتھ کرلے اور پھر اس عمل کا کمال اپنی آنکھوں سے دیکھے۔

نعمتوں کا دروازہ کھلوانے کیلئے:

اپنی زندگی میں نعمتوں کے حصول کے لئے اگر کوئی شخص روزانہ بعد نماز فجر سورۃ فاتحہ، سورۃ الم نشرح، سورۃ القدر، یہ تینوں

سورتیں گیارہ گیارہ مرتبہ پڑھ لیا کرے تو ان شاءاللہ نعمتیں اور برکتیں حاصل ہوں گی۔

فراخی رزق کا باکمال عمل

اگر کسی کو یہ تمنا ہو کہ اس کا رزق فراخ ہو جائے اور ہر طرح کی معاشی تنگی ختم ہو جائے تو وہ روزانہ باوضو کسی بھی وقت سورۃ مزمل 11 مرتبہ پڑھ لیا کرے ان شاءاللہ تعالیٰ رزق میں فراخی ہوگی اور غنائے ظاہری و باطنی حاصل ہوگی۔ اگر کسی شخص کو ایک وقت میں 11 مرتبہ پڑھنا دشوار ہو تو فجر، ظہر، عصر اور مغرب کی نماز کے بعد 2،2 مرتبہ اور عشاء کی نماز کے بعد 3 مرتبہ پڑھ لیا کرے تو بھی عمل پورا ہو جائے گا اور اس کی برکات حاصل ہوں گی۔

مالی دشواری ختم اور حاجت روائی پوری

اگر کوئی حاجت درپیش ہو اور پوری نہ ہو رہی ہو تو مسلسل 120 دن تک پندرہ سو مرتبہ بعد نماز فجر یا بعد نماز عشاء درج ذیل درود پاک پڑھ لیں، ان شاءاللہ تمام حاجات پوری ہوں گی۔ اس کے علاوہ اگر کوئی مالی دشواری درپیش ہو یا کسی کا قرض دینا ہو یا کسی سے قرض وصول کرنا ہو اور اس کی ادائیگی یا وصولی کی کوئی صورت بنتی ہوئی نظر نہ آتی ہو تو چالیس دن تک اسی درود پاک کو روزانہ 3125 مرتبہ پڑھے، ان شاءاللہ رزق میں جلد اضافہ ہو جائے گا اور قرض کا مسئلہ حل ہو جائے گا۔ یہ درود پاک نماز فجر کے بعد روزانہ 11 مرتبہ پڑھنے سے عزت اور شہرت میں بھی اضافہ ہوگا۔ درود یہ ہے۔

مَوْلَایَ صَلِّ وَسَلِّمْ دَائِمًا اَبَدًا عَلٰی حَبِیْبِكَ خَیْرِ الْخَلْقِ کُلِّهِمِ یا پھر اس طرح پڑھیں یَارَبِّ صَلِّ وَسَلِّمْ دَائِمًا اَبَدًا عَلٰی حَبِیْبِكَ خَیْرِ الْخَلْقِ کُلِّهِمِ

فقر و تنگدستی سے نجات

اگر کوئی شخص سخت فقر و تنگدستی میں مبتلا ہو تو اسے چاہیے کہ روزانہ 100 بار مندرجہ ذیل کلمات پڑھے تو ان شاءاللہ فقر و تنگدستی سے عنقریب نجات پائے گا۔ شرط یہ ہے کہ کچھ عرصہ یہ عمل مستقل مزاجی اور یقین کے ساتھ کرے۔ عمل یہ ہے۔ اوّل اور آخر 3 مرتبہ درود شریف پڑھیں اور اس کے بعد یہ کلمات لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ پڑھ لے۔ ان شاءاللہ اس عمل کی برکت سے ہر بلا اور مصیبت سے حفاظت بھی رہے گی۔

☆☆☆☆☆

سال2023ء میں کوئی بھی مقصد ادھورا نہیں رہے گا!ان شاء اللہ

ہر مقصد میں کامیابی کے لئے

اگر آپ کا کوئی جائز مقصد پورا نہ ہو رہا ہو‘ کوششیں کر کے عاجز آ گئے ہوں اور ہر بار کوئی نہ کوئی مشکل پیش آ جاتی ہو یا کوئی ایسی رکاوٹ بن جاتی ہو جس سے وہ مقصد پورا نہ ہو رہا ہو تو اس کے لئے بہت ہی لاجواب عمل ہے۔ یہ عمل کرنے والا شخص ان شاء اللہ نامراد نہیں ہوگا‘ تمام رکاوٹیں ختم ہو جائیں گی اور ہر مقصد میں کامیابی ملے گی۔ وہ عمل یہ ہے۔ نماز مغرب کے بعد کسی بھی وقت اوّل و آخر گیارہ مرتبہ درود ابراہیمی‘ گیارہ مرتبہ سورۃ رحمٰن‘ تین مرتبہ سورۃ یٰسین، ایک مرتبہ سورۃ الٓم سجدہ ایک مرتبہ سورہ ملک پڑھیں اور اس دوران اپنے مقصد کا تصور رکھیں‘ ان شاء اللہ کامیابی ہوگی۔

ادھوری خواہشات پوری ہوں گی

اپنی خواہشات کی تکمیل اور مرادوں کو پانے کے لئے بہت ہی مجرب عمل ہے۔ جو شخص بھی کچھ عرصہ یہ عمل یقین کے ساتھ کرلے گا‘ ان شاء اس کی کوئی بھی خواہش ادھوری نہیں رہے گی‘ تمام جائز حاجات پوری ہوں گی۔ وہ عمل یہ ہے روزانہ کسی بھی وقت سورۃ انفطار کو باوضو 70 بار پڑھیں اور اپنے مقصد کے حصول کے لئے اللہ تعالیٰ سے گڑگڑا کر دعا کرے‘ ان شاء اللہ اس عمل کی برکت سے کامیابی ہوگی۔

کفالت اور کفایت کے لئے مسنون عمل

اگر کوئی شخص غیبی کفالت اور کفایت پانے کا خواہش مند ہو تو اسے چاہیے کہ روزانہ صبح و شام اول و آخر درود پاک کے ساتھ تین تین بار سورۃ اخلاص، سورۃ فلق اور سورۃ الناس پڑھ لیا کریں‘ ان شاء اللہ غیبی کفالت اور کفایت ہوگی۔

خواب میں رسول اللہ ﷺ کی زیارت مبارک کا عمل

جو شخص خواب میں آقا ﷺ کی زیارت کا خواہش مند ہو تو اسے چاہیے کہ شب جمعہ کو تہجد کے وقت باوضو ہو کر پاک و صاف کپڑے پہن کر خوشبو لگائے اور ایک ہزار مرتبہ سورۃ قریش مکمل پڑھ کر سو جائے۔ یہ عمل چند ہفتے کرلیں‘ ان شاء اللہ

بہت جلد آقائے دو جہاں نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے دیدار سے شرف یاب ہوگا۔

عزت اور وقار پانے کے لئے

عزت کے تاج اور وقار پانے کے لئے اگر کوئی شخص بعد نماز فجر روزانہ اکتالیس مرتبہ یَا اَللّٰہُ یَا عَزِیْزُ کا ورد کرے گا تو اس عمل کی برکت سے اسے دنیا میں عزت اور وقار حاصل ہوگا اور وہ شخص کبھی کسی کا محتاج نہ ہوگا۔ اس کے علاوہ اگر کسی ناراض شخص کو راضی کرنے کے لئے بھی یہی عمل کیا جائے تو ناراض شخص راضی ہو جائے گا۔

شوہر کے دل میں بے انتہا محبت پیدا کیجئے!

اگر کسی عورت کا شوہر اپنی بیوی میں دلچسپی نہ لیتا ہو یا لڑائی جھگڑا کرتا ہو بیوی کو گھر سے نکال دیا ہو اور صلح کے لئے آمادہ نہ ہو رہا ہو تو ایسے شوہر کے دل میں بیوی کی محبت پیدا کرنے کے لئے بیوی کو چاہیے کہ روزانہ رات سوتے وقت درج ذیل کلمات 300 مرتبہ پڑھ کر سو جائے۔ یہ عمل چند دن یا چند ہفتے کر لے ان شاء اللہ شوہر بے قرار اور بے چین ہو جائے گا اور خود صلح کرنے پر مجبور ہو جائے۔ شوہر کے دل میں بے انتہا محبت پیدا کرنے کا مجرب عمل ہے۔ وہ کلمات یہ ہیں۔

لَآ اِلٰهَ لادے اِلَّا اللہ لا کر ملادے مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللہ فلاں بن فلاں کو مجھ بن قرار نہ آئے۔ (فلاں بن فلاں کی جگہ شوہر اور اس کی والدہ کا نام لے)

نوٹ: یہی عمل شوہر اپنی بیوی کے لیے بھی کر سکتا ہے۔ (فلاں بن فلاں کی جگہ پر بیوی اور اس کی والدہ کا نام لے)

☆☆☆☆☆☆

چند ہفتوں میں غربت و افلاس کا خاتمہ

میرے پاس گھر اور کاروبار میں خیر و برکت کیلئے بہت اکسیر عمل ہے اور خصوصاً قرضہ ادا کرنے کا جب کوئی ذریعہ نہ بن رہا ہو تو ان آیات کو روزانہ 41 دن تک پڑھنے سے قرض ادائیگی کا ذریعہ بن جاتا ہے۔ اس کے علاوہ جو شخص ان آیات کو بعد نماز فجر روزانہ ایک مرتبہ پڑھنے کا معمول بنالے تو اس کے رزق میں اضافہ ہو جائے گا۔ اگر کوئی شخص غربت کا شکار ہو تو اسے چاہیے کہ یہ آیات بعد نماز جمعہ گیارہ مرتبہ پڑھے اور گیارہ جمعہ تک اسی طرح یہ عمل کرے، ان شاء اللہ اس عمل کی برکت سے اس کی غربت دور ہونے کے اسباب پیدا ہو جائیں گے۔ وہ آیات درج ذیل ہیں۔

قُلِ اللّٰهُمَّ مٰلِكَ الْمُلْكِ تُؤْتِي الْمُلْكَ مَنْ تَشَآءُ وَ تَنْزِعُ الْمُلْكَ مِمَّنْ تَشَآءُ وَ تُعِزُّ مَنْ تَشَآءُ وَ تُذِلُّ مَنْ تَشَآءُ بِيَدِكَ الْخَيْرُ اِنَّكَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ۝ تُوْلِجُ الَّيْلَ فِي النَّهَارِ وَ تُوْلِجُ النَّهَارَ فِي الَّيْلِ وَ تُخْرِجُ الْحَيَّ مِنَ الْمَيِّتِ وَ تُخْرِجُ الْمَيِّتَ مِنَ الْحَيِّ وَ تَرْزُقُ مَنْ تَشَآءُ بِغَيْرِ حِسَابٍ ۝

ثُمَّ اَنْزَلَ عَلَيْكُمْ مِّنْۢ بَعْدِ الْغَمِّ اَمَنَةً نُّعَاسًا يَّغْشٰى طَآئِفَةً مِّنْكُمْ وَ طَآئِفَةٌ قَدْ اَهَمَّتْهُمْ اَنْفُسُهُمْ يَظُنُّوْنَ بِاللّٰهِ غَيْرَ الْحَقِّ ظَنَّ الْجَاهِلِيَّةِ يَقُوْلُوْنَ هَلْ لَّنَا مِنَ الْاَمْرِ مِنْ شَيْءٍ قُلْ اِنَّ الْاَمْرَ كُلَّهٗ لِلّٰهِ يُخْفُوْنَ فِيْۤ اَنْفُسِهِمْ مَّا لَا يُبْدُوْنَ لَكَ يَقُوْلُوْنَ لَوْ كَانَ لَنَا مِنَ الْاَمْرِ شَيْءٌ مَّا قُتِلْنَا هٰهُنَا قُلْ لَّوْ كُنْتُمْ فِيْ بُيُوْتِكُمْ لَبَرَزَ الَّذِيْنَ كُتِبَ عَلَيْهِمُ الْقَتْلُ اِلٰى مَضَاجِعِهِمْ وَ لِيَبْتَلِيَ اللّٰهُ مَا فِيْ صُدُوْرِكُمْ وَ لِيُمَحِّصَ مَا فِيْ قُلُوْبِكُمْ وَ اللّٰهُ عَلِيْمٌ بِذَاتِ الصُّدُوْرِ ۝

اِنَّ رَبَّكُمُ اللّٰهُ الَّذِيْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضَ فِيْ سِتَّةِ اَيَّامٍ ثُمَّ اسْتَوٰى عَلَى الْعَرْشِ يُغْشِي الَّيْلَ النَّهَارَ يَطْلُبُهٗ حَثِيْثًا وَّ الشَّمْسَ وَ الْقَمَرَ وَ النُّجُوْمَ مُسَخَّرٰتٍۭ بِاَمْرِهٖ اَلَا لَهُ الْخَلْقُ وَ الْاَمْرُ تَبٰرَكَ اللّٰهُ رَبُّ الْعٰلَمِيْنَ ۝ اُدْعُوْا رَبَّكُمْ تَضَرُّعًا وَّ خُفْيَةً اِنَّهٗ لَا يُحِبُّ الْمُعْتَدِيْنَ ۝ وَ لَا تُفْسِدُوْا فِي الْاَرْضِ بَعْدَ اِصْلَاحِهَا وَ ادْعُوْهُ خَوْفًا وَّ طَمَعًا اِنَّ رَحْمَتَ اللّٰهِ قَرِيْبٌ مِّنَ الْمُحْسِنِيْنَ ۝

☆☆☆☆☆

ظالم دشمن سے نجات پانے کے لئے

اگر کسی ظالم شخص نے بلاوجہ پریشان کررکھا ہواور زندگی کا چین وسکون برباد کردیا ہو یا کوئی ایسا دشمن جو آپ کے لئے پریشانی اور مصیبت کا باعث بن چکا ہواور اس سے نجات کی کوئی بھی صورت نظر نہ آرہی ہوتو ایسے ظالم شخص سے نجات پانے کے لئے روزانہ کسی بھی وقت ''سورہ کوثر'' اپنے دشمن کا تصور کرتے ہوئے ایک سو گیارہ مرتبہ پڑھ لیں' ان شاءاللہ کچھ دن کے اندر ہی ظالم دشمن سے نجات مل جائے گی۔

سینئر افسر اور مالک مہربان ہوگا

آپ کہیں نوکری کررہے ہیں اور آپ کے سینئیر افسران کا آپ سے رویہ سخت ہے یا آپ چاہتے ہیں کہ جس کمپنی میں نوکری کررہے ہیں اس کے مالک کے دل میں آپ کے لئے عزت وقدر پیدا ہوتو سورۃ مزمل کا پہلا رکوع 21 اکیس مرتبہ اور دوسرا رکوع 11 مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کرکے کچھ پانی منہ پر مل لے اور باقی پانی پی لے۔ان شاءاللہ تعالیٰ افسر مہربان ہوگا اور نوکری میں حال رکاوٹیں اور پریشانیاں ختم ہوجائیں گی۔ان شاء تمام جائز مقاصد میں باآسانی کامیابی حاصل ہوگی۔

درود مستجاب الدعوات کی برکات

یہ درود اللہ کا رحم وکرم حاصل کرنے کے لیے بہت بڑا وسیلہ ہے۔جو شخص اس درود کو روزانہ سو مرتبہ بعد نماز فجر اور بعد نماز عشاء پڑھے وہ زندگی بھر کسی کا محتاج نہ ہوگا اور مخلوق میں معزز ہوگا۔اگر تنگدستی اور مفلسی دور کرنے کی نیت سے پڑھے تو بہت جلد اللہ اس پر کرم کرے گا اور اس کے رزق میں اضافہ ہوجائے گا اور جو شخص اس درود پاک کو روزانہ کم از کم 11 مرتبہ پڑھے تو وہ اس درود پاک کی بدولت عزت دولت اور برکت جیسی عظیم نعمتوں سے مالا مال ہوجائے گا۔وہ بابرکت درود یہ ہے۔صَلَّی اللّٰهُ عَلَی النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ الْکَرِیْمِ وَعَلٰی اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَسَلِّمْ ۔جو شخص بھی اس درود پاک کو اپنی زندگی کے معمول میں شامل کرلے گا' ان شاء اللہ وہ نامراد نہ ہوگا اور اس کی تمام مرادیں پوری ہوں گی۔زندگی کی ناکامیاں کامیابیوں میں بدل جائیں گی۔

میرے آزمودہ نقش اور عملیات ۔ عبقری جنتری 2023ء کے نام

(مبشر رضا نقشبندی، بہاولپور)

تمام بیماریوں اور ہر خطرہ سے حفاظت کا مجرب نقش

اگر آپ جسمانی و روحانی بیماریوں سے نجات پانا چاہتے ہیں یا کسی سے جان کا خطرہ ہے تو درج ذیل تعویذ کو لکھیں اور اس پر 313 مرتبہ یَاسَلَامُ اول و آخر سات بار درود پاک کے ساتھ پڑھ کر تعویذ پر دم کر کے اپنے پاس رکھ لیں یا گلے میں پہن لیں ان شاء اللہ تمام بیماریوں اور خطروں سے حفاظت ہوگی۔

۷۸۶

یاسلام	یاسلام	یاسلام	یاسلام
یاسلام	یاسلام	یاسلام	یاسلام
یاسلام	یاسلام	یاسلام	یاسلام
یاسلام	یاسلام	یاسلام	یاسلام

مصیبت اور مشکل سے نجات

اگر کوئی مصیبت اور مشکل میں پھنس چکا ہو اور نجات کی کوئی راہ نظر نہ آ رہی ہو تو صبح و شام گیارہ مرتبہ آیت الکرسی اور درج ذیل آیات کو پڑھ کر اللہ تعالیٰ سے مصیبت سے نجات پانے کی دعا کرے، ان آیات کے وسیلے سے اللہ پاک کرم والا معاملہ فرمائیں گے اور وہ مشکل و مصیبت دور ہو جائے گی۔ وہ آیات یہ ہیں۔

اٰمَنَ الرَّسُوْلُ بِمَآ اُنْزِلَ اِلَيْهِ مِنْ رَّبِّهٖ وَ الْمُؤْمِنُوْنَ- كُلٌّ اٰمَنَ بِاللّٰهِ وَ مَلٰٓىٕكَتِهٖ وَ كُتُبِهٖ وَ رُسُلِهٖ- لَا نُفَرِّقُ بَيْنَ اَحَدٍ مِّنْ رُّسُلِهٖ- وَ قَالُوْا سَمِعْنَا وَ اَطَعْنَا غُفْرَانَكَ رَبَّنَا وَ اِلَيْكَ الْمَصِيْرُ○ لَا يُكَلِّفُ اللّٰهُ نَفْسًا اِلَّا وُسْعَهَا- لَهَا مَا كَسَبَتْ وَ عَلَيْهَا مَا اكْتَسَبَتْ- رَبَّنَا لَا تُؤَاخِذْنَآ اِنْ نَّسِيْنَآ اَوْ اَخْطَاْنَا- رَبَّنَا وَ لَا تَحْمِلْ عَلَيْنَآ اِصْرًا كَمَا حَمَلْتَهٗ عَلَى الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِنَا- رَبَّنَا وَ لَا تُحَمِّلْنَا مَا لَا

طَاقَةَ لَنَا بِهٖ وَاعْفُ عَنَّا وَاغْفِرْ لَنَا وَارْحَمْنَا اَنْتَ مَوْلٰىنَا فَانْصُرْنَا عَلَى الْقَوْمِ الْكٰفِرِيْنَ۝

درود پاک سے دنیا و آخرت میں کامیابی

باعزت زندگی بسر کرنے اور ہر قسم کے مصائب اور مشکلات سے امن و امان میں رہنے کیلئے درود خمسہ سب سے اعلیٰ اور موثر ہے۔اس درود پاک کو کثرت سے پڑھنا ہر مہم میں یقیناً کامیابی کی دلیل ہے اور حاجات کے پورا ہونے کیلئے اس درود پاک کو ہر روز بعد نماز عشاء سو مرتبہ پڑھنا بہت مجرب ہے۔ ہر نماز کے بعد 3 مرتبہ پڑھنا مرنے کے بعد قبر میں سوال و جواب میں آسانی اور مغفرت کا سبب بنے گا۔ان شاء اللہ۔درود پاک یہ ہے۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ مَنْ صَلّٰى عَلَيْهِ وَصَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ كَمَا تُحِبُّ وَتَرْضٰى اَنْ تُصَلِّيَ عَلَيْهِ وَصَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ كَمَا اَمَرْتَنَا بِالصَّلٰوةِ عَلَيْهِ وَصَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ كَمَا تَنْبَغِي الصَّلٰوةُ عَلَيْهِ۔

غنی اور مال دار ہونے کے لئے

اگر کوئی شخص روزانہ کسی بھی وقت ایک ہی نشست میں ہزار مرتبہ اول آخر گیارہ بار درود پاک کے ساتھ لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ پڑھ لے تو اس عمل کی برکت سے وہ کچھ ہی عرصہ میں غنی اور مال دار ہو جائے گا۔روزگار کے ایسے غیبی اسباب پیدا ہوں گے کہ مال و دولت کی کمی نہ ہوگی۔بس شرط یہ ہے کہ اس عمل کو چند دن کر کے چھوڑ نہ دے بلکہ مستقل توجہ و دھیان اور یقین کے ساتھ اس عمل کو جاری رکھے ان شاء اللہ مایوسی نہیں ہوگی۔

☆☆☆☆☆☆

میرے مجرب عملیات۔۔۔عبقری کے نام

(حکیم محمد نعیم الحسن لاہور)

میں طب کے شعبہ سے وابستہ ہوں مگر میرے پاس ایسے مجرب عملیات ہیں جن سے بہت سے لوگوں کا روحانی علاج ہو چکا ہے۔ عبقری قارئین کے لئے وہ عملیات حاضر ہیں' تمام عمل اجازت شدہ ہیں' مجھے یقین ہے ان شاء اللہ ان عملیات کے ذریعے لوگوں کے جناتی شیطانی مسائل ضرور حل ہوں گے۔

انڈے پر مریض کا نام لکھیں انڈا گھوم جائے گا!

انڈے پر سات بار مریض کے نام کے ساتھ یَامَلِیْعُ مع مریض کے نام کے ساتھ لکھیں' پھر سات بار درود شریف پڑھ کر انڈا مریض کی ہتھیلی پر رکھ کر دم کریں' اسی ترتیب سے تین بار دم کریں۔ جادو ہوگا تو انڈا کھڑا ہو جائے گا' اگر آسیب ہوگا تو انڈا گھوم جائے گا۔

رزق میں برکت کا حیرت انگیز عمل

رزق میں برکت اور وسعت پانے کے لئے جو شخص روزانہ ایک سو ایک مرتبہ اول آخر گیارہ مرتبہ درود پاک کے ساتھ یہ آیت اَللّٰہُ لَطِیْفٌ بِعِبَادِہٖ یَرْزُقُ مَنْ یَّشَآءُ وَھُوَ الْقَوِیُّ الْعَزِیْزُ پڑھنے کا معمول بنالے گا تو وہ خود مشاہدہ کرے گا کہ پردہ غیب سے اللہ تعالیٰ کس قدر نعمتیں عطا فرمائے گا اور رزق میں خوب برکت ہوتی ہے۔

سنگدل شخص کو مسخر کرنے کے لئے

اگر کوئی عزیز' شریک حیات یا قریبی رشتہ دار آپ سے ناراض ہو گیا اور منت سماجت کے باوجود بھی نہ مان رہا ہو تو ایسے شخص کو صلح پر آمادہ کرنے کے لئے 500 سو مرتبہ روزانہ یَابُوْحُ، مُوحُ، سُوحُ پڑھیں، وقت اور جگہ ایک رکھیں۔ یہ عمل اکیس دن تک کریں۔ جب کسی سے کوئی جائز کام لینا ہو تو یا کوئی سرکشی کرتا ہو، یا بات بات پر روٹھ جاتا ہو اور نہ مانتا ہو تو یہ الفاظ پڑھتے جائیں اور اس کے پاس جائیں تو اس کے چہرے پر دم کریں۔ اس عمل سے وہ شخص آپ کی ہر بات مانے گا۔

☆☆☆☆☆

جادو جنات کو تباہ کرنے کا مجرب نقش

اگر آپ یا آپ کا کوئی عزیز جادو جنات کا ڈسا ہوا ہے۔شیطانی جنات نے اس کو روزگار اور زندگی کے تمام معاملات میں ناکام کر دیا ہے۔جادو سے نجات پانے کے لئے دربدر ٹھوکریں کھانے پر مجبور ہو چکے ہیں تو اس کے لئے ایک بہت ہی لاجواب اور مجرب نقش ہے۔اول آخر تین بار درود پاک کے ساتھ 313 بار یَا قَهَّارُ پڑھیں اور درج ذیل نقش متاثرہ شخص کے گلے میں ڈال دیں' ان شاء اللہ تھوڑے ہی عرصہ میں اس کے مثبت نتائج ملنا شروع ہو جائیں گے اور جادو جنات کا خاتمہ ہو جائے گا۔

۷۸۶

یاقہار	یاقہار	یاقہار	یاقہار
یاقہار	یاقہار	یاقہار	یاقہار
یاقہار	یاقہار	یاقہار	یاقہار
یاقہار	یاقہار	یاقہار	یاقہار

ہر مرض سے نجات کے لیے

اگر کوئی شخص عرصہ دراز سے کسی بیماری میں مبتلا ہو جسمانی اور روحانی علاج کے باوجود شفاء نہ مل رہی ہو تو سورۃ مُحَمَّد طشتری (چینی کی پلیٹ بھیر پھول والی) پر کالی روشنائی سے لکھ کر اور پانی سے دھو کر مریض کو پلائے۔اس عمل سے ان شاء اللہ پیچیدہ بیماریوں سے نجات حاصل ہو گی۔

☆☆☆☆☆

2023ء میں تمام دکھیوں کے دکھ ختم کرنے کے عمل

ہر مشکل حل کرنے کیلئے

جو شخص کسی مشکل کا شکار ہو چکا ہو اور اس سے نجات پانا مقصود ہو تو اسے چاہیے کہ آٹا آدھا کلو، ایک پاؤ شکر اور آدھ پاؤ تل مکس کر کے آٹے کی طرح سخت گوندھیں اور 313 گولیاں بنالیں۔ ایک ایک مرتبہ سورۃ مزمل پڑھ کر ایک ایک گولی پر دم کریں اور جب تمام آٹے کی گولیوں پر دم کرلیں۔ یہ عمل مسلسل تین دن تک کریں اور پھر ان گولیوں کو فوراً نہر، دریا یا سمندر میں بہادیں۔ ان شاء اللہ مشکل حل ہو جائے گی۔ اس کے علاوہ ایک اور مجرب عمل مشکلات کے خاتمہ کے لئے ہے جو عمل بھی سہولت ہو کر سکتے ہیں ان شاء اللہ نفع ہو گا۔ دوسرا عمل یہ ہے کہ یَارَحِیْمُ کی پانچ تسبیحات ہر روز پڑھ کر چہرے پر دم کرلیں اور سات مرتبہ سورۃ مزمل پڑھ کر سینے یا منہ پر دم کریں اور دعا کریں، ان شاء اللہ مشکلات ختم ہوں گی۔

تمام رکاوٹوں کو ختم کرنے کے لئے

آپ کے کام میں اگر رکاوٹیں پیدا ہو جاتی ہوں اور تمام اسباب اختیار کرنے کے باوجود بھی ختم نہ ہو رہی ہوں تو اس کے لئے آزمودہ عمل ہے جس کی برکت سے ان شاء اللہ ہر قسم کی رکاوٹ ختم ہو جائے گی۔ اول و آخر 3 مرتبہ درود شریف، 4 مرتبہ سورۃ فاتحہ، 3 مرتبہ سورۃ اخلاص،، چار مرتبہ تیسرا کلمہ، 10 مرتبہ استغفار پڑھ کر حضرت آدم علیہ السلام سے حضرت محمد ﷺ تک جتنے بھی پیغمبر دنیا میں تشریف لائے انہیں اور ان سب کے اہل وعیال، صحابہ کرامؓ اور جتنے مسلمان جواب تک وفات پا چکے ہیں ان سب کو اس کا اجر وثواب ہدیہ کریں اور تمام امت کے لئے خیر خواہی کی دعا کریں۔ یہ عمل چند ہفتے کرلیں ان شاء اللہ تمام رکاوٹیں ختم ہو جائیں گی۔

کمزور معاشی حالات ٹھیک ہو جائیں گے

معاشی تنگی کو ختم کرنے کے لئے اگر کوئی شخص نماز عشاء کے بعد اوّل آخر گیارہ بار درود شریف کے ساتھ گیارہ بار آیت الکرسی پڑھ کر مسلسل 90 دن یہ عمل کرے تو جتنے بھی سخت معاشی حالات اور تنگی ہوگی ان شاء اللہ ختم ہو جائے گی۔

تمام مصیبتوں سے چھٹکارا پائیے

آپ کی زندگی اگر مصیبتوں اور آزمائشوں میں گھری ہوئی ہے تو اپنے مسئلے کا تصور کرتے ہوئے روزانہ عشاء کی نماز کے بعد 300 بار "یا اللہ یا کریم" پڑھ کر اللہ تعالیٰ سے خیر و برکت کی دعا کریں۔ یہ عمل مسلسل کچھ عرصہ کرلیں' ان شاء اللہ تمام مصیبتوں سے چھٹکارا مل جائے گا اور آزمائشیں ٹل جائیں گی۔

تنگدستی کو دور کرنے کا درود شریف

حدیث شریف کا مفہوم ہے کہ جس شخص کو تنگدستی کی وجہ سے صدقہ کرنے کی طاقت نہیں وہ یہ درود پاک پڑھے اس کے پڑھنے سے اتنا ثواب ہوگا کہ جنت میں داخل ہونے تک اس کا ثواب ختم نہیں ہوگا۔ نیز جو شخص تنگدستی سے نجات حاصل کرکے غنی اور بڑا ہی دولت مند فارغ البال بننے کا خواہاں ہو اس کے لیے یہ درود شریف بہت ہی مجرب ہے۔ اس درود سے بے شمار لوگوں نے فائدہ پایا۔ جو شخص تنگدستی سے بچنا چاہتا ہے تو مال و دولت کا خواہش مند ہے وہ اس درود پاک کو روزانہ سو بار پڑھ لے ان شاء اللہ تنگدستی کا خاتمہ ہوجائے گا۔ "اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَبْدِكَ وَرَسُوْلِكَ وَصَلِّ عَلَی الْمُؤْمِنِیْنَ وَالْمُؤْمِنَاتِ وَالْمُسْلِمِیْنَ وَالْمُسْلِمَاتِ۔

اسم پڑھیں' ہاتھ منہ پر پھیریں' تمام خاندانی نفرتیں ختم

اگر کسی خاندان میں عرصہ دراز سے آپس میں لڑائی جھگڑے اور نفرتوں کی وجہ سے آپس میں بات چیت تک ختم ہوگئی ہو تو ان کی آپس میں صلح کروانے اور آپس کی نفرتوں کو ختم کرنے کے لئے چاشت کے وقت غسل کرنے کے بعد آسمان کی طرف منہ کرکے دس مرتبہ "یَا جَامِعُ" پڑھ کر ہاتھ ہی ایک انگلی بند کردے' اسی طرح ہر دس مرتبہ یہ اسم پڑھ کر ایک انگلی بند کرتا جائے اور جب اسی ترتیب سے تمام انگلیاں بند ہوجائیں تو آخر میں دونوں ہاتھ منہ پر پھیرے اور رشتہ داروں کی صلح کا تصور کرلے' ان شاء اللہ دلوں میں وسعت پیدا ہوگی اور نفرتوں کا خاتمہ ہوجائے گا۔

☆☆☆☆☆

زوجین میں محبت والفت پیدا کرنے کا نقش

جن میاں بیوی کا آپس میں لڑائی جھگڑا ہوتا ہو اور آپس میں نہ بنتی ہو آئے دن کسی نہ کسی بات پر تلخ کلامی ہو جاتی ہو اور پھر بہت دن تک آپس میں بول چال بھی ختم ہو جاتی ہو تو درج ذیل 9 نقش تیار کریں اور روزانہ ایک نقش پانی میں ڈال کر میاں بیوی کو پلائیں۔

۷۸۶

۴۴۴۶	۴۴۴۱	۴۴۴۸
۴۴۴۴	۴۴۴۵	۴۴۴۳
۴۴۴۲	۴۴۴۹	۴۴۴۴

یاحی یاقیوم یاحفیظ

غم سے نجات پائیں

جو شخص کسی غم، مصیبت یا کوئی بھی مشکل میں مبتلا ہو، زندگی ان مصائب وآلام میں بسر ہو رہی ہو تو ایسے شخص کو چاہیے کہ وہ ایک ہزار مرتبہ یَابَدِیْعَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ پڑھے، ان شاء اللہ تمام غم اور پریشانیاں دور ہوں گی اور راحت نصیب ہوگی۔

الجھے کاموں کو سلجھانے کے لئے

اگر کسی کام یا مقصد کی تدبیر نہ سمجھ آتی ہو تو مغرب اور عشاء کی نماز کے درمیان ایک ہزار مرتبہ یَارَشِیْدُ پڑھ لیں، اس عمل سے ان شاء اللہ خواب میں تدبیر نظر آجائے گی یا دل میں اس کا القا ہو جائے گا۔ ایسے اسباب پیدا ہو جائیں گے کہ آپ کے الجھے ہوئے کام سلجھنے لگیں گے۔ اگر روزانہ اس عمل کو اپنے معمول میں شامل کر لیں تو تمام مشکلات دور ہو جائیں گی اور کاروبار میں خوب ترقی ہوگی۔

قوت حافظہ کو مضبوط بنانے کے لئے

اگر کسی شخص کا حافظہ کمزور ہو بات یاد نہ رہتی ہو تو قوت حافظہ کو مضبوط بنانے کے لئے صبح شام اکیس اکیس بار سورۃ قمر کی آیت وَلَقَدْ یَسَّرْنَا الْقُرْاٰنَ لِلذِّکْرِ فَهَلْ مِنْ مُّدَّکِرٍ ۝ اول آخر تین تین بار درود شریف کے ساتھ پڑھ کر پانی پر دم کر کے پئیں اور قوت حافظہ کے لئے دعا کریں' اس کے علاوہ چلتے پھرتے وضو بے وضو کثرت سے ''یَا عَلِیْمُ'' کا ورد کرتے رہا کریں۔ ان شاء اللہ قوت حافظہ مظبوط ہو جائے گا۔

شوہر کی ناراضگی ختم کیجئے

اگر کسی عورت کا خاوند عورت پر بہت زیادہ خفا ہوتا ہو تو اکیس مرتبہ لفظ یَامَانِعُ پڑھ کر صبح و شام ان کے سامنے یا پیچھے دم کر دیا جائے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ تھوڑے ہی دن میں ساری شکایت دور ہو جائے گی اور روٹھا ہوا شوہر مان جائے گا۔ اس کے علاوہ اگر شوہر کسی بری عادت میں مبتلا ہو تو اس کا تصور کر کے یہی اسم پڑھیں ان شاء اللہ تمام بری عادتوں سے نجات مل جائے گی۔

حاجات کو پورا کرنے کے لئے

اگر کسی کی حاجات پوری نہ ہوتی ہوں تو اسے چاہیے کہ کثرت کے ساتھ درود ابراہیمی کا ورد کرے ان شاء اللہ دینی و دنیاوی فیوض و برکات حاصل کرنے کا بہترین ذریعہ ہے۔ اس سے دنیا کے تمام کاموں میں آسانی پیدا ہو جاتی ہے۔ حاجات پوری ہو جاتی ہیں۔ رزق کی تنگی دور ہو جاتی ہے، مال و اسباب میں برکت پیدا ہوتی ہے۔ اس کے علاوہ اگر ہر نماز کے بعد گیارہ مرتبہ پڑھا جائے تو تمام غم دور ہوں گے۔ اگر مشکلات سے نجات کیلئے اس درود کو بعد نماز فجر 100 مرتبہ پڑھا جائے تو ان شاء اللہ دل کو سکون حاصل ہوگا اور تمام مشکلات دور ہو جائیں گی۔

قرض کی ادائیگی کے لئے

اگر کسی شخص پر قرض ہو اور قرض کی ادائیگی کے اسباب پیدا نہ ہو رہے ہوں تو اس شخص کو چاہیے کہ بعد نماز عشاء 313 مرتبہ اس درود پاک کا پڑھنا معمول بنا لے۔ جو شخص جمعہ کے روز اسے ہزار مرتبہ پڑھے وہ شخص جنت میں داخل ہوگا۔ درود یہ

ہے۔ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ کُلِّ ذَرَّۃٍ مِّائَۃَ اَلْفِ اَلْفِ مَرَّۃٍ وَّبَارِکْ وَسَلِّمْ

مال و دولت میں برکت کے خواہش مند متوجہ ہوں

اگر رزق اور مال و دولت میں برکت کے خواہش مند ہیں تو جو شخص بکثرت استغفار پڑھے گا یعنی اپنے اوپر لازم کرے گا تو اللہ تعالیٰ اس کی تنگی کو آسانی سے اور اس کے غم کو خوشی سے بدل دے گا اور اس جگہ سے اس کو رزق پہنچائے گا جہاں سے اس کو گمان بھی نہ ہوگا۔

عشق رسول صلی اللہ علیہ وسلم اور دنیاوی برکتوں کا حصول

اس عمل کے فضائل بے حد و بے شمار ہیں۔ مختصراً یہ کہ ان متبرک و مفید اوراد کے ورد سے دل میں خدا اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی اطاعت و محبت کا جذبہ کمال ہوگا۔ حضور علیہ السلام کی زیارت بھی نصیب ہوگی۔ تمام دینی و دنیوی مشکلات آسان ہوں گی، نفس و شیطان، دشمنوں، حاسدوں کی ہر قسم کی شر و شرارت سے امن و امان میں رہے گا اور دنیا میں اس کے ورد کرنے والے کا رزق خرچ ہوگا اور ہر تنگی و مصیبت سے نجات پائے گا اور مرنے کے بعد مولائے کریم اسے بہشت میں داخل فرمائے گا۔ یہ اوراد صبح سورج نکلنے پر اور شام سورج غروب ہونے سے قبل پڑھے جاتے ہیں، ان کی برکت سے بندے کا دن اور رات بھی بخیر و عافیت خدا اور رسول کی اطاعت میں بسر ہوتے ہیں۔ وہ اوراد یہ ہیں۔ سورۃ فاتحہ 7 بار، سورۃ الناس 7 بار، سورۃ فلق 7 بار، سورۃ اخلاص 7 بار، سورۃ الکافرون 7 بار اور 7 بار یہ آیات:

اَللّٰہُ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ۔ اَلْحَیُّ الْقَیُّوْمُ لَا تَاْخُذُہٗ سِنَۃٌ وَّ لَا نَوْمٌ۔ لَہٗ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَ مَا فِی الْاَرْضِ۔ مَنْ ذَا الَّذِیْ یَشْفَعُ عِنْدَہٗٓ اِلَّا بِاِذْنِہٖ۔ یَعْلَمُ مَا بَیْنَ اَیْدِیْھِمْ وَ مَا خَلْفَھُمْ۔ وَ لَا یُحِیْطُوْنَ بِشَیْءٍ مِّنْ عِلْمِہٖٓ اِلَّا بِمَا شَآءَ۔ وَسِعَ کُرْسِیُّہُ السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضَ۔ وَ لَا یَئُوْدُہٗ حِفْظُھُمَا۔ وَ ھُوَ الْعَلِیُّ الْعَظِیْمُ ۝ لَآ اِکْرَاہَ فِی الدِّیْنِ قَدْ تَّبَیَّنَ الرُّشْدُ مِنَ الْغَیِّ۔ فَمَنْ یَّکْفُرْ بِالطَّاغُوْتِ وَ یُؤْمِنْ بِاللّٰہِ فَقَدِ اسْتَمْسَکَ بِالْعُرْوَۃِ الْوُثْقٰی۔ لَا انْفِصَامَ لَھَا۔ وَ اللّٰہُ سَمِیْعٌ عَلِیْمٌ ۝ اَللّٰہُ وَلِیُّ الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا۔ یُخْرِجُھُمْ مِّنَ

الظُّلُمٰتِ اِلَی النُّوْرِ وَ الَّذِیْنَ کَفَرُوْٓا اَوْلِیٰٓـُٔهُمُ الطَّاغُوْتُ۔ یُخْرِجُوْنَهُمْ مِّنَ النُّوْرِ اِلَی الظُّلُمٰتِ۔اُولٰٓئِکَ اَصْحٰبُ النَّارِ هُمْ فِیْهَا خٰلِدُوْنَ ○

عَدَدَ مَا عَلِمَ اللّٰہُ وَزِنَةَ مَا عَلِمَ اللّٰہُ وَمِلْءَ مَا عَلِمَ اللّٰہُ (تین بار)۔تَبَرَّاْتُ مِنْ حَوْلِیْ وَقُوَّتِیْ وَالْتَجَأْتُ اِلٰی حَوْلِ اللّٰہِ وَقُوَّتِهٖ فِیْ جَمِیْعِ اُمُوْرِیْ (ایک بار)۔اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ عَبْدِكَ وَنَبِیِّكَ وَ حَبِیْبِكَ وَرَسُوْلِكَ النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ وَعَلٰی اٰلِهٖ وَاَصْحٰبِهٖ وَبَارِكْ وَسَلِّمْ (سات بار)۔اَللّٰهُمَّ اغْفِرْلِیْ وَلِوَالِدَیَّ وَارْحَمْهُمَا کَمَا رَبَّیَانِیْ صَغِیْرًا وَّاغْفِرِ اللّٰهُمَّ لِجَمِیْعِ الْمُؤْمِنِیْنَ وَالْمُؤْمِنٰتِ وَالْمُسْلِمِیْنَ وَالْمُسْلِمٰتِ الْاَحْیَآءِ مِنْهُمْ وَالْاَمْوَاتِ بِرَحْمَتِكَ یَآ اَرْحَمَ الرّٰحِمِیْنَ۔

☆☆☆☆☆

چاند کی پہلی تاریخ کو پڑھیں، 20 کو خواہش ظاہر کریں! 30 کو پوری

ہر چاند کی پہلی تاریخ سے جس وقت جی چاہے شروع کرے اور پہلے 7 بار درود شریف پڑھ کر اِیَّاكَ نَعْبُدُ وَاِیَّاكَ نَسْتَعِیْنُ کو روزانہ 61 بار یا 41 بار پڑھے، جب 20 دن گزر جائیں تو اپنی خواہش ظاہر کرے اور اس کو پورے 30 دن پڑھے، ان شاء اللہ حاجت برآئیگی۔

جس شخص کو کوئی شدید حاجت پیش آئے اس کو چاہیے کہ اللہ رب العزت کے آگے سربسجود ہوجائے اور اپنی دونوں انگشتاں شہادت آسمان کی طرف اٹھا کر چالیس مرتبہ آیت کریمہ لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَكَ اِنِّیْ کُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ پڑھ کر جو حاجت پیش ہو وہ عرض کرے، ان شاء اللہ اس کی وہ حاجت پوری ہوجائے گی۔

حاکم کو مسخر کرنے کے لئے

اگر کسی امیر یا حاکم سے کوئی حاجت ہو تو سورۃ یٰسین 35 بار پڑھ کر اس کے پاس چلا جائے، ان شاء اللہ وہ حاکم اس کی تعظیم کرے گا اور کیسا ہی کام ہو پورا کرے گا۔ اگر کسی کام میں مشقت معلوم ہوتی ہو تو 33 بار سبحان اللہ، 33 بار الحمدللہ اور

34 بار اللہ اکبر پڑھے، مشقت آسان ہو جائے گی۔

نرینہ اولاد کے لئے

نرینہ اولاد کے لئے فجر کی نماز کے بعد پوری سورہ بقرہ پڑھنی ہے، جمعرات سے جمعرات تک بغیر بات ناغہ کیے پڑھنا ہے، آزمودہ ہے۔ اس کے علاوہ جب دعائیں قبول نہ ہو رہی ہوں تو استغفار کی تسبیح کم از کم دس مرتبہ روزانہ پڑھنی چاہیے، گھر میں کسی اونچی جگہ پر پرندوں کیلئے پانی اور باجرہ رکھیں۔ ہر نماز کے بعد پانچ تسبیح یَاحَفِیْظُ کی پڑھ کر دعا مانگیں، تمام پریشانیاں، رزق کی تنگی، لڑائی جھگڑے اور غلط فہمیاں ختم ہو جائیں گی۔

غیبی امداد پانے کا عمل

اگر کوئی شخص مالی پریشانی سے دوچار ہو اور اللہ تعالیٰ کی طرف سے غیبی امداد پانے چاہتا ہو تو اسے چاہیے کہ روزانہ اول آخر گیارہ بار درود پاک کے ساتھ ایک ہزار ایک سو گیارہ مرتبہ یَامُغْنِیُ پڑھے اور اس کے بعد گیارہ مرتبہ سورۃ مزمل پڑھے، جو شخص بھی یہ عمل کچھ عرصہ کرلے گا، اللہ تعالیٰ غیب سے اس کی امداد فرمائے گا۔ ان شاء اللہ

کند ذہن بچوں کے لئے

ماں باپ کو اکثر یہ شکایت رہتی ہے کہ بچے پڑھنے لکھنے میں دلچسپی نہیں لیتے اور کند ذہن ہو گئے ہیں۔ اگر ان کو کچھ پڑھایا جائے تو جلد بھول جاتے ہیں۔ ایسے بچوں کے اندر سے کند ذہنی ختم کرنے اور تعلیم کا شوق اجاگر کرنے کیلئے چالیس دن صبح کے وقت یَاعَلِیْمُ کی گیارہ تسبیح پڑھ کر پانی پر دم کر کے پلایا جائے، ذہن تیز، حافظہ روشن اور دماغ طاقتور ہو جائے گا۔ جو شخص کثرت سے اس اسم کو پڑھے گا ہر ایک کام میں سمجھ اور ہر بات کا انجام اسے جلد معلوم ہو جایا کرے گا۔

قرض کی ادائیگی

اگر کوئی شخص قرض میں مبتلا ہو اور اس کی ادائیگی کے اسباب موجود نہ ہوں تو قرض کی ادائیگی کے لئے نماز عشاء پڑھ کر اسی جگہ پر سورۂ نصر اکتالیس مرتبہ روزانہ اکتالیس روز تک پڑھے، مجرب اور آزمودہ عمل ہے۔ اول آخر گیارہ گیارہ بار درود شریف لازم ہے۔

تپ دق کے مرض سے نجات

جو شخص تپ دق کے مرض میں مبتلا ہو اور ادویات کے استعمال کرنے کے باوجود بھی اس کی بیماری نہ جاتی ہو تو اسے چاہیے کہ روزانہ کثرت کے ساتھ بِسۡمِ اللّٰہِ الۡکَبِیۡرِ پڑھ کر شام کو پانی پر دم کر کے وہ پانی پینے کے لئے استعمال کریں' ان شاء اللہ بہت جلد تپ دق کے مرض سے شفا مل جائے گی۔

دشمن کو عاجز کر دینے والا عمل

اگر کوئی شخص اپنے کسی سخت دشمن کے ظلم وستم اور چالوں سے پریشان ہو کر عاجز آ گیا ہو تو سورۂ مزمل شریف سات مرتبہ پڑھ کر دشمن کی طرف پھونکے' ان شاء اللہ چند ہفتوں میں دشمن عاجز ہو جائے گا' ظلم وستم اور شرارتوں سے باز آ جائے گا' عزت اور احترام کے ساتھ پیش آیا کرے گا۔

بچے کے سوکھے پن کا علاج

اگر بچہ کسی بیماری اور کمزوری کی وجہ سے سوکھ کر کانٹا ہو گیا ہو' کھانا پینا ختم ہو گیا ہو' جگہ جگہ علاج کروانے کے باوجود بھی صحت یاب نہ ہو رہا ہو تو اسم یَارَحِیۡمُ گیارہ بار لکھ کر روزانہ پانی میں گھول کر بچہ کو پلا دیں۔ اس کے علاوہ نمرود، فرعون، ہامان، شداد، قارون، ابلیس بروز اتوار کاغذ پر ان ناموں کو لکھ کر لوہے کی چھاننی کے نیچے رکھ کر اوپر بچہ کو بٹھا کر نہلائیں' نہلانے کے بعد ان ناموں والے کاغذ کو مٹی میں دفن کر دیں۔ یہ عمل سات اتوار مسلسل کریں' ان شاء اللہ بچہ بالکل تندرست اور صحت یاب ہو جائے گا۔

رزق میں فراوانی کے لئے

اگر کوئی شخص رزق میں فراوانی کا خواہش مند ہو تو اسے چاہیے کہ ہر روز نماز عصر کے بعد اسم یَافَتَّاحُ، یَاقَھَّارُ، یَاقَادِرُ، یَارَزَّاقُ، یَاغَنِیُّ، یَاعَزِیۡزُ یَااَللّٰہُ یَارَبُّ الۡعٰلَمِیۡنَ کو تین بار پڑھ لیا کرے، اس عمل کو کچھ عرصہ کرلے' ان شاء اللہ روزی فراخ حاصل ہو گی۔

بخار کا علاج

اگر کسی کو بخار ہو تو اس کو سورۃ فاتحہ یعنی الحمد شریف چالیس بار بانی پر دم کر کے وہ پانی پلایا جائے' ان شاء اللہ شفاء ہوگی۔

دلی تمنائیں پوری ہوں گی

دل کی تمنائیں پوری نہ ہوتی ہوں یا ادھوری رہ جاتی ہوں تو اس کے لئے جو شخص اس درود کو ہر نماز کے بعد کثرت سے پڑھے گا تو اس کی فیوض و برکات سے ضرور فیض مند ہوگا۔ اس درود کے پڑھنے سے گناہ مٹ جاتے ہیں اور دل کی تمنائیں پوری ہوتی ہیں۔ روح اور دل کو تازگی ملتی ہے، دلی مرادیں اللہ تعالیٰ پوری کرتا ہے۔ درود پاک یہ ہے۔ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اَصْحَابِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّبَارِكْ وَسَلِّمْ o

ہر دشوار کام آسانی سے پورا ہوگا

اگر کسی شخص کو کوئی دشوار کام پیش آئے یا پھر کسی کام میں دشواری پیش آجائے تو اور وہ کام پایہ تکمیل پر نہ پہنچ رہا ہو تو ایسی تمام دشواریوں کو ختم کرنے کے لئے روزانہ صبح و شام 41 بار ''یَاقَادِرُ'' پڑھے۔ یہ عمل مستقل مزاجی کے ساتھ کچھ عرصہ جاری رکھے ان شاء اللہ تمام دشواریاں دور ہو جائیں گی۔

☆☆☆☆☆

محبت میں تڑپا دینے والے مجرب نقش۔۔۔۔عبقری کے نام

(محمد ادریس' گوجرانوالہ)

میاں بیوی کی آپس میں محبت کے لئے

ایسے میاں بیوی جن میں لڑائی جھگڑا روز کے معمول کا حصہ بن چکا ہو یا بیوی ناراض ہو کر میکہ چلی گئی ہو اور واپس آنے کا نام نہ لیتی ہو۔ایسے گھریلو جھگڑوں کو ختم کرنے اور میاں بیوی میں بے انتہا محبت پیدا کرنے کے لئے نہایت مجرب نقش ہے۔یہ نقش لکھ کر پانی میں ڈال کر میاں بیوی کو پینے کے لئے دیں' ان شاء اللہ محبت والفت پیدا ہوگی۔

۷۸۶

۲۴۳	۲۵۶	۲۵۳	۲۵۰
۲۵۴	۲۴۹	۲۴۴	۲۵۵
۲۴۸	۲۵۱	۲۵۸	۲۴۵
۲۵۷	۲۴۲	۲۴۷	۲۵۲

نافرمان اولاد کو راہ راست پر لانے کا عمل

اگر کسی کی اولاد نافرمان ہو اور والدین سے محبت' ادب اور احترام سے پیش نہ آتی ہو۔اگر والدین کسی غلط بات سے منع کریں تو بدتمیزی پر اتر آتی ہو اور غلط صحبت کا شکار ہو چکی ہو۔ایسے نافرمان اولاد کو راہ راست پر لانے کے لئے آزمودہ نقش ہے جس سے اولاد کے دل میں والدین کی محبت اور عظمت پیدا ہوگی اور اولاد اپنے والدین کا ادب واحترام کرنے پر مجبور ہو جائے گی۔نافرمانی کا مسئلہ ختم ہو جائے۔اس کے لئے درج ذیل نقش کو لکھ کر گھر میں لٹکا لے یا پانی میں ڈال کر کسی طرح پلادیں' ان شاء اللہ مسئلہ حل ہو جائے گا۔میاں بیوی کی محبت کے لئے بھی یہ نقش استعمال کر سکتے ہیں۔

یاولی	۷۸۶	یاولی
نام	معہ والدہ	نام
یاولی		یاولی

دکان،مکان کے چاروں کونوں میں یہ اسم لکھیں،حفاظت اور غیب سے روزی!

نماز فجر سے پہلے اگر کوئی شخص مکان یا دکان کے چاروں کونوں میں دس دس مرتبہ اسم ''یَا خَبِیْرُ'' پڑھے تو ان شاء اللہ وہ مکان ہر بلا سے محفوظ رہے گا اور غیب سے روزی آئے گی۔دکان،دفتر،باغات وغیرہ کی حفاظت و برکت کیلئے بھی یہ اسم مجرب ہے۔اس اسم کو روزانہ دکان پر پڑھنے سے دکان کا کاروبار دوبارہ جاری ہو جائے گا۔اس کے علاوہ اگر کوئی کاروبار یا کام شروع کرنا چاہیں تو اسی اسم کو روزانہ 812 مرتبہ سات روز تک سوتے وقت پڑھیں اور جس چیز کے بارے میں جاننا چاہے معلوم ہو جائے گا کہ وہ چیز فائدہ مند رہے گی یا نقصان دہ ثابت ہوگی۔

تمام حاجات پوری اور مشکلات ٹل جائیں!اس سال یہ عمل تو ہرگز نہ چھوڑیں!

اگر کسی شخص کی کوئی دعا قبول نہ ہوتی ہو تو دعاؤں کی مقبولیت اور حاجتوں کو پورا کرنے کے لئے مجرب عمل ہے۔چار رکعت نفل اس طرح ادا کرے کہ پہلی رکعت میں سورۃ فاتحہ کے بعد تین مرتبہ آیت الکرسی پڑھیں،دوسری رکعت میں سورۃ اخلاص،تیسری میں سورہ فلق اور آخری رکعت میں سورۃ الناس پڑھیں۔یہ نفل پڑھنے کے بعد اپنی حاجتوں کا سوال اللہ تعالیٰ سے گڑگڑا کر کریں۔یہ عمل روزانہ چند دن مستقل مزاجی اور توجہ و دھیان کے ساتھ کچھ عرصہ کرلیں،ان شاء اللہ حاجتیں پوری ہوں گی اور دعائیں قبول ہوں گی۔یہ عمل مشکلوں کو ٹلوانے اور مسائل کو حل کروانے کے لئے بھی بہت اکسیر کا درجہ رکھتا ہے تمام جائز مقاصد میں کامیابی ہوگی۔ان شاء اللہ

غربت کا شکار افراد یہ عمل کرلیں

اگر آپ برسوں سے یا نسل درنسل غربت کا شکار ہیں تو اب اس غربت کو ختم کرنے کا وقت آ گیا ہے۔ایک ایسا عمل جسے کرنے

سے غربت کا خاتمہ ہوگا' ہر قسم کے شریر لوگوں سے نجات ملے گی اور اگر غربت کی وجہ سے قرض میں مبتلا ہیں تو ان شاءاللہ قرض سے خلاصی بھی ملے گی۔ اس کے علاوہ اگر کسی شخص کا کوئی ذریعہ معاش نہ ہو تو روزگار کے حصول کے لیے بھی یہ عمل بہت مجرب ہے۔ نماز جمعہ کے بعد مسجد میں بیٹھ کر ''سورۃ کہف'' کو ایک مرتبہ خلوص دل سے پڑھا جائے اور اس کے بعد سجدہ ریز ہو کر اللہ کے حضور اپنے مسئلے کے حل کے لئے دعا کی جائے۔ ان شاءاللہ دعا قبول ہوگی۔ اگر گیارہ دن اس عمل کو مسلسل پڑھ لیا جائے تو اس عمل کی مزید برکتیں اور خیریں حاصل ہوں گی۔

کالی مرچوں پر دم کیجئے' دشمن مغلوب

آپ کو اگر اللہ تعالیٰ نے مال و دولت کے ساتھ نوازا ہے مگر کچھ حاسدین کی وجہ سے مشکلات اور پریشانی کا سامنا رہتا ہے۔ حاسدین نے جینا محال کر رکھا ہو اور کسی بھی طرح ان سے نجات نہ مل رہی ہو تو ایسے حاسدین سے بچنے کے لئے بعد نماز فجر 313 بار یَابَصِیْرُ پڑھیں اور اس کے علاوہ دن میں کسی بھی 21 مرتبہ سورۃ مزمل پڑھ کر چند کالی مرچوں کے دانے پر دم کر کے جلائے ان شاءاللہ دشمن مغلوب ہوجائیں گے۔

حرام کی ہوس ختم' حلال کی آمد شروع

اگر آپ کا کوئی عزیز زر پرستی یعنی پیسوں کے لالچ میں حلال حرام کی تمیز نہ رکھتا ہو اور مال و دولت پانے کے لئے ہر جائز ناجائز کام کرنے کے لئے تیار ہو جاتا ہو تو ایسے شخص کے دل سے مال و دولت کی ناجائز ہوس ختم کرنے کے لئے سورۃ التکاثر کو 111 مرتبہ روزانہ مسلسل 120 دن تک پڑھیں' اس عمل کے دوران مسئلہ کا تصور رکھیں۔ ان شاءاللہ اس عمل کی برکت سے زر پرستی سے نجات ملے گی' دل نیکی اور عبادت کی طرف راغب ہوگا۔ دنیاوی حرص و لالچ کو ختم کرنے کے لئے یہ عمل بہت ہی مجرب اور پر تاثیر ہے۔

اسم اعظم کا مجموعہ' ہر کام میں آسانی اور خیر ہوگی

اسم اعظم کا ایسا مجموعہ جسے پڑھنے سے بے شمار فیوض و برکات حاصل ہوتی ہیں' اللہ کی رحمت سے ہر کام ہو جاتا ہے۔ روزی میں برکت پیدا ہوگی۔ دنیا کے مصائب سے نجات ملے گی، ہمیشہ اللہ کی پناہ میں رہے گا۔ اگر غربت ہو تو اسے مسلسل پڑھتے رہنے سے غربت اور افلاس ختم ہو جاتی ہے۔ اسے ہر روز کم از کم 33 مرتبہ پڑھنے سے سکون قلب پیدا ہوگا اور ایمان میں

استقامت پیدا ہوگی۔وہ کلمات درج ذیل ہیں۔

(1)۔اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّاَصحَابِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّبَارِكْ وَسَلِّمْ عَلَیهِ ۔(2)۔اَسْتَغْفِرُ اللهَ الَّذِیْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْحَیُّ الْقَیُّوْمُ وَاَتُوْبُ اِلَیهِ ۔(3)۔یَاذَا الْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ o۔(4)۔اَللّٰهُ الصَّمَدُ o۔(5)۔ اَللّٰهُ رَبِّیْ o۔)(6۔اَللّٰهُ شَافِیْ o۔(7)۔اَللّٰهُ کَافِیْ o۔ (8)۔یَارَحْمٰنُ یَارَحِیْمُ o۔(9)۔یَاوَکِیْلُ یَاکَفِیْلُ o۔ (10)۔یَاغَنِیُّ یَامُغْنِیُ o۔(11)۔یَافَتَّاحُ یَارَزَّاقُ o۔(12)۔یَاعَلِیُّ یَاعَظِیْمُ o۔(13)۔یَاقَوِیُّ یَاعَزِیْزُ o (14)۔یَاوَدُوْدُ یَامَجِیْدُ o۔(15) یَاعَزِیْزُ یَاغَفَّارُ o۔(16)۔یَاحَیُّ یَاقَیُّوْمُ o۔(17)۔لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ o۔ (18)۔اِلَّا اللّٰهُ اِلَّا اللّٰهُ o۔(19)۔اَللّٰهُ اَللّٰهُ o۔(20)۔اَللّٰهُ o۔

یہ عمل پڑھیں اور شادی کی تیاری کریں

اگر کسی شخص کی شادی نہ ہوتی ہو یا شادی کے لیے دولت نہ ہو یا اچھا رشتہ نہ ملتا ہو تو اسے چاہیے کہ بعد نماز عشاء اس دعا کو سات مرتبہ پڑھے اور سات رات تک اس دعا کو پڑھے۔اس عمل کو جمعرات سے شروع کرے اور آخری دن اللہ کے حضور اپنی حاجت کے لیے گڑگڑا کر دعا کرے، ان شاء اللہ اچھا رشتہ اور شادی کے اسباب پیدا ہو جائیں گے۔دعا یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ النُّوْرِ بِسْمِ اللّٰهِ نُوْرِ النُّوْرِ بِسْمِ اللّٰهِ نُوْرٌ عَلٰی نُوْرٍ بِسْمِ اللّٰهِ الَّذِیْ هُوَ مُدَبِّرُ الْاَمُوْرِ بِسْمِ اللّٰهِ الَّذِیْ خَلَقَ النُّوْرَ مِنَ النُّوْرِ، اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ خَلَقَ النُّوْرَ مِنَ النُّوْرِ وَاَنْزَلَ النُّوْرَ عَلَی الطُّوْرِ فِیْ کِتَابٍ مَسْطُوْرٍ فِیْ رَقٍّ مَّنْشُوْرٍ بِقَدَرٍ مَقْدُوْرٍ عَلٰی نَبِیٍّ مَحْبُوْرٍ، وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ هُوَ بِالْعِزِّ مَذْکُوْرٌ وَبِالْفَخْرِ مَشْهُوْرٌ وَعَلَی السَّرَّاءِ وَالضَّرَّاءِ مَشْکُوْرٌ وَصَلَّی اللّٰهُ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهِ الطَّاهِرِیْنَ۔

☆☆☆☆☆

اپنے نام کا اسم اعظم خود نکالیں۔ کامیاب زندگی گزاریں

(راؤ جمال' جھنگ)

تمام جائز امور کے لئے

عملیات کی دنیا میں اعداد اور ناموں کا بہت اثر ہوتا ہے۔ آپ اپنے نام کے اعداد کے مطابق ایسا اسم اعظم حاصل کرنا چاہتے ہیں جس سے آپ کے تمام امور بخوبی اور خیر وعافیت کے ساتھ انجام پائیں اور تمام مرادیں پوری ہوں تو اس کا طریقہ ذیل میں تفصیل کے ساتھ بیان کیا گیا ہے۔ اس ترتیب کے مطابق اسم اعظم نکال لیں۔ مثلاً کوئی شخص روزی چاہتا ہو تو اس کے مطابق یَارَزَّاقُ ہے اس کا عدد 308 ہے۔ تو باوضو ہو کر قبلہ منہ کر کے 308 مرتبہ پڑھیں۔ ان شاء اللہ فائدہ ہوگا۔

اپنے نام کا اسم اعظم پڑھنے کا طریقہ:

مثلاً سرفراز احمد کے نام کے اعداد (601) ہیں۔ ہمیں اسے 601 مرتبہ روزانہ پڑھنا چاہیے۔ (اسم اعظم: یَاسُبْحَانُ لَطِیْفُ خَافِضُ) اور اس کا آغاز نوچندی اتوار سے اس طرح کرنا ہے کہ فرصت کا کوئی ایک وقت مقرر کر کے یعنی کسی بھی نماز کے بعد پہلے دن جو اسمائے الحسنیٰ پڑھیں اس کا ایصال ثواب حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو کر کے کسی میٹھی چیز پر سورۃ فاتحہ پڑھ کر دم کر دیں اور بعد ازاں مطلوبہ تعداد کے مطابق اول و آخر گیارہ بار درود شریف کے ساتھ اسمائے الٰہی کا ورد شروع کریں۔ اپنے مقصد کیلئے عاجزی اور انکساری سے گڑگڑا کر دعا کریں۔ یہ ورد اصل میں عمر بھر جاری رکھنا چاہیے کیونکہ یہ کوئی مخصوص چلہ یا وظیفہ نہیں ہے۔ اس میں عبادت کا پہلو بھی موجود ہے اور سعادت کا بھی۔ اس طریقہ کار میں چلّوں اور وظیفوں والی ایسی شرائط بھی نہیں کہ آپ کو کوئی مخصوص احتیاط اور پرہیز کرنا لازمی ہے۔ میرا دعویٰ ہے کہ اس طریقہ کار کے مطابق اپنا اسم اعظم معلوم کر کے جو لوگ اسے مستقل اپنے ورد میں رکھیں گے وہ ہر طرح کی آفات و مصائب سے محفوظ رہیں گے۔ حالات چاہے شروع دن سے خراب ہوں یا بعد میں خراب ہو گئے ہوں۔ اسم اعظم کا مستقل ورد اس سے نجات دلا دے گا۔ بشرطیکہ کوئی شخص یہ کام تواتر اور پابندی کے ساتھ کرے۔ ایک اور وضاحت کہ مطلوبہ تعداد میں روزانہ اسم اعظم کا ورد کرتے ہوئے جب تعداد سوا لاکھ تک پہنچ جائے تو ایک بار پھر حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے ایصال ثواب کے لیے اعمال کا ہدیہ اور شکرانے کے نفل ادا

کریں۔ اس کے بعد کل اعداد کو مفرد کرلیں۔ مثلاً ہمارے نام کا اعداد 1+0+6=7 بنتے ہیں کہ اب روزانہ سات مرتبہ پڑھتے رہنا بھی کافی ہوگا۔ ہاں البتہ کسی خاص مقصد میں کامیابی کا مسئلہ درپیش ہوتو سات دن روزانہ اصل تعداد (601) کے مطابق پڑھ کر دعا کی جائے توان شاء اللہ جلد کامیابی نصیب ہوگی۔ جس طرح کسی نام کے 356 عدد ہیں۔ انہیں جمع کیا تو 6+5+3=14 پھر 4+1=5 ہوا۔ اب روزانہ 14 یا 5 مرتبہ پڑھنا کافی ہوگا۔ ہاں البتہ کسی خاص مقصد کیلئے اصل تعداد (356) کے مطابق 14 دن پڑھنے سے ان شاء اللہ کامیابی ہوگی۔ اسم اعظم ہمیشہ اصل نام سے نکالیے اور اگر آپ کے نام سے عدد پورے نہ ہوں تو اپنی والدہ کا نام ساتھ لگالیجئے اور عدد مکمل کرلیجئے۔ ذات وغیرہ نام میں شامل نہیں ہوگی۔ مثلاً شیخ سرفراز احمد نہیں بلکہ صرف سرفراز احمد ہی گنا جائے گا۔ بعض لوگوں کے نام دولفظی یا تین لفظی ہوتے ہیں، لہٰذا دونوں یا تینوں جز شامل ہوں گے۔ چار عنصر آسانی ذات سے متعلق ہوتے ہیں۔ (آتشی، بادی، آبی اور خاکی) جو آپ کے نام کا پہلا حرف ہے وہ جس عنصر سے تعلق رکھتا ہو اسم اعظم بھی اسی سے متعلق ہو۔ یعنی اگر (س) نام کا پہلا حرف ہے تو اسم اعظم بھی (س) سے شروع ہونا چاہیے۔ مخالف عنصر ہرگز نہ لیجئے۔ ہم مختلف مقاصد کے پیش نظر کچھ اسمائے الٰہی لکھ رہے ہیں تاکہ اپنے مقصد کے موافق اسم اعظم ترتیب دینے میں آسانی ہو۔

حصول خیر و برکت اور رزق کی فراوانی کیلئے:

1)۔ اسم الٰہی: سبحان، سبوح، شکور، صبور، باسط، بدیع، جواد، غنی، مغنی، فتاح، رزاق، متعالی، معطی، منعم، نافع، رؤف، رفیق، رافع، وھاب، علی، رحیم، رحمٰن، کریم، لطیف وغیرہ ہیں۔

(2۔ شادی/ازدواجی زندگی میں میل محبت کیلئے

اوّل/ صمد، بدوح، قادر، قیوم، مقدر، قدیر، جمیل، جامع، معز، معید، محی، دائم، نادر، ودود، رفیق، واسع، والی، عزیز، قریب، لطیف وغیرہ۔

(3۔ مقدمات، امتحانات میں کامیابی کیلئے

کریم، اکبر، قابض، مقتدر، جلیل، حاکم حق، مقوی، قوی، ناصر، نصیر، وکیل، والی، ولی، عظیم، عادل، غالب، غفور، کافی، کفیل،

متکبر، مالک الملک، منتقم، محیط وغیرہ۔

(4۔ دشمن سے یا اپنے مخالفین کے شر سے محفوظ رہنے کیلئے

اللہ، تواب، جبار، غفار، غافر، قابض، قدیر، حفیظ، حافظ، مانع، ولی، رحیم، رحمٰن، رقیب، رشید، وکیل، ھادی، عظیم، علی، عزیز، قوی، قاہر، ملک، محی، مذل، محیط، معیز وغیرہ۔

(5۔ مقصد اولاد ہو یا وراثت کا معاملہ

شافی، صبور، باعث، باقی، جواد، فتاح، قیوم، حکیم، معطی، منعم، معید، نور، نافع، وارث، طیب، کفیل، مبدی، مصور، خالق، حی، محی وغیرہ۔

(6۔ قرض سے نجات کے لئے

شکور، صبور، صمد، باعث، باسط، باری، باقی، غنی مقتدر، حلیم، معز، مانع، رؤف، رزاق، کفیل، مقسط وغیرہ۔

(7۔ بیماریوں سے نجات اور صحت کیلئے

سبحان، سبوح، سلام، مومن، شافی، تواب، حی، قیوم، حفیظ، رحیم، کریم، رقیب، طبیب، طیب، لطیف، ممیت وغیرہ۔

اگر آپ کے نام کے اعداد کم ہوں تو مقصد کے موافق اسمائے الٰہی کے اعداد زیادہ ہوں تو اپنے نام کے ساتھ والدہ کے نام کے اعداد جمع کر سکتے ہیں۔

سرفراز احمد: یا سبحان لطیف وخافض (601)

عابدہ صدف: یا علی معطی ومعز (356)

محمد ثاقب: یا معز، رحیم وکریم (645)

بے اولادی سے نجات پائیں

شادی کے بعد ہر شخص کی تمنا ہوتی ہے کہ اسے اولاد نصیب ہو مگر بعض اوقات طبی بیماریوں اور اکثر بندش وغیرہ کی وجہ سے

اکثر لوگ بے اولاد رہتے ہیں۔ روحانی وطبی علاج کروانے کے بعد بھی کچھ لوگوں کو اولاد نصیب نہیں ہوتی۔ اولاد کے حصول کے لئے چاہیے کہ بعد نماز عشاء اول وآخر 11 بار درود شریف 300 بار کھٰیٰعٓصٓ پڑھ کر ایک گلاس پر دم کر دیں اور اس میں سے آدھا پانی پئیں، باقی جو آدھا گلاس پانی کا بچ جائے اسے مزید پانی میں ملا کر گھر میں موجود پودوں کی جڑوں میں ڈال دیں، ان شاء اللہ اس عمل کی برکت سے اولاد کی نعمت نصیب ہوگی۔

ذاتی مکان کے لئے

آج ہر شخص کی خواہش ہے کہ اس کا اپنا ذاتی گھر ہو۔ مگر مہنگائی اور معاشی مسائل میں الجھے لوگوں کے لئے ذاتی مکان کا حصول ایک حسرت ہی بن کر رہ گئی ہے۔ ذاتی مکان کو پانے کے لئے اول وآخر گیارہ گیارہ بار درود شریف کے ساتھ سورت الحج کی یہ آیات:

وَلِكُلِّ أُمَّةٍ جَعَلْنَا مَنسَكًا لِّيَذْكُرُوا اسْمَ اللَّهِ عَلَىٰ مَا رَزَقَهُم مِّن بَهِيمَةِ الْأَنْعَامِ ۗ فَإِلَٰهُكُمْ إِلَٰهٌ وَاحِدٌ فَلَهُ أَسْلِمُوا ۗ وَبَشِّرِ الْمُخْبِتِينَ ○ الَّذِينَ إِذَا ذُكِرَ اللَّهُ وَجِلَتْ قُلُوبُهُمْ وَالصَّابِرِينَ عَلَىٰ مَا أَصَابَهُمْ وَالْمُقِيمِي الصَّلَاةِ وَمِمَّا رَزَقْنَاهُمْ يُنفِقُونَ.

101 بار پڑھ کر رزق میں کشادگی اور ذاتی مکان کے وسائل کی فراہمی کی دعا کریں۔ یہ عمل مسلسل چالیس روز تک بعد نماز عشاء کریں۔ ان شاء اللہ مراد مل جائے گی۔

یادداشت تیز کرنے کے لئے

اگر کوئی بات یاد نہ رہتی ہو تو سورۃ الم نشرح کسی کاغذ پر لکھ کر وہ کاغذ پانی میں ڈال دیں' اس پانی کو پیتے رہیں، ان شاء اللہ قوت حافظہ تیز ہو جائے گا۔ ہر بات یاد رہے گی۔

نعمتوں کے حصول کے لئے

اگر کوئی شخص نعمتوں کے حصول کے لئے کم سے کم تین دن تک ایک وقت مقرر کر کے 313 بار آیت الکرسی پڑھ لے۔ اس عمل کی برکت سے اللہ کی طرف سے ایسی نعمتیں میسر ہوں گی کہ کوئی خواہش ادھوری نہ رہے گی۔

امتحانات میں کامیابی کا عمل

بچوں کی ذہنی پسماندگی دور کرنے کیلئے انہیں سورۂ الم نشرح صبح وشام گیارہ بار پڑھوایا کریں، ہر کام بسم اللہ پڑھ کر کریں، جب وہ پڑھنے بیٹھیں تو پہلے تین مرتبہ ''رَبِّ زِدْنِیْ عِلْمًا'' پڑھوائیں، ان شاءاللہ اس سے بہت فائدہ ہوگا۔

ہر مقصد میں کامیابی ہوگی

فجر کی نماز کی سنتیں پڑھ کر فرض کی نماز پڑھنے سے پہلے 41 مرتبہ سورۃ فاتحہ کو تعوذ اور تسمیہ کے ساتھ پڑھیں۔لیکن چار باتوں کا خاص طور سے خیال رکھا جائے۔ایک یہ کہ جب بھی سورۃ فاتحہ کی تلاوت کریں تو بسم اللہ کے رحیم کے میم کے زیر کو الحمد کے (الف) کے ساتھ ملا کر پڑھا جائے۔دوسرا یہ کہ رب العالمین کے بعد الرحمٰن الرحیم کو تین بار پڑھا جائے، تیسرا یہ کہ اِیَّاكَ نَعْبُدُ وَاِیَّاكَ نَسْتَعِیْنُ کے پڑھتے وقت اپنے مقصد اور مراد کا تصور کریں، جب سورۃ مکمل ہو جائے تو تین بار آمین پڑھیں۔اس عمل کی برکت سے مشکل کام بھی آسان ہو جائے گا۔

☆☆☆☆☆

آیت الکرسی کے مجرب اعمال

(شوکت ولید، راولپنڈی)

لاعلاج بیماریوں سے نجات

آپ یا آپ کا کوئی عزیز کسی لاعلاج بیماری میں مبتلا ہو چکا ہے اور علاج کے باوجود بھی شفاء نہیں مل رہی تو بیماریوں سے شفاء پانے کے لئے روزانہ سات بار آیت الکرسی پانی پر دم کر کے مریض کو پلائیں، ان شاء اللہ شفاء ہو گی۔

پتھر دل نرم ہو جائے گا

اگر کسی کا دل سخت ہو اور وہ چاہتا ہو کہ اس کے اندر نرمی پیدا ہو جائے تو وہ نماز پنجگانہ کی پابندی کرے، نماز عصر کے بعد ہر روز اکتالیس مرتبہ آیت الکرسی پڑھ کر اپنے اوپر دم کر لیا کرے۔ چالیس دن کے اندر دل کی سختی دور ہو جائے گی۔ نہایت مجرب و آزمودہ عمل ہے۔ یہ عمل آپ اپنے کسی عزیز کا تصور کر کے بھی پڑھ سکتے ہیں۔ اگر آپ کی کوئی قیمتی چیز گم ہو جائے اور تلاش کے باوجود بھی نہ مل رہی ہو تو ہر روز باوضو حالت میں اکتالیس مرتبہ آیت الکرسی پڑھ کر دعا مانگے، ان شاء اللہ گمشدہ چیز مل جائے گی۔

بینائی تیز کرنے کا عمل

آنکھوں کے جملہ امراض کے لئے باوضو بارہ مرتبہ آیت الکرسی پڑھ کر آنکھوں میں دم کرے اور پانی پر بھی دم کر کے آنکھیں دھوئے، تین دن تک بلا ناغہ عمل کرنے سے بینائی تیز ہو گی اور آنکھیں ٹھیک ہو جائیں گی۔

بھولنے کے مرض سے نجات

جو شخص 21 دن تک ہر روز بلا ناغہ باوضو 71 مرتبہ آیت الکرسی پڑھ کر پانی پر دم کر کے پی لے یا جس شخص کو بھولنے کا مرض ہو اسے پلا دے تو ان شاء اللہ کچھ دن میں حافظہ تیز ہو جائے گا۔

جان سے مارنے کی دھمکی دینے والا دوست! انوکھا عمل

اگر کسی شخص کے دشمن پریشان کرتے ہوں اور جان سے مارنے کی دھمکیاں دیتے ہوں اور وہ شخص ان کا مقابلہ کرنے کی

سکت نہ رکھتا ہو یا یہ خواہش رکھتا ہو کہ اس کے دشمن دوست بن جائیں تو اسے چاہیے کہ ہر روز نماز ظہر کے بعد 14 مرتبہ آیت الکرسی پڑھ کر دعا کرے، ان شاء اللہ دشمن مغلوب ہو کر دوستی کر لے گا۔ اس کے علاوہ اگر رشتہ داروں اور دوستوں میں ناراضگی ہو چکی ہو تو ان میں صلح کے لئے بھی مجرب ہے۔

روزگار کے حصول اور رزق میں برکت کا نقش

رزق کی تنگی، روزگار کے حصول کے لئے درج ذیل آزمودہ نقش ہے، اس نقش پر خوشبو لگائیں اور روزانہ 313 بار یَابَاسِطُ پڑھ کر دم کریں، ان شاء اللہ مراد حاصل ہوگی۔

۷۸۶

یاباسط	یاباسط	یاباسط	یاباسط
یاباسط	یاباسط	یاباسط	یاباسط
یاباسط	یاباسط	یاباسط	یاباسط
یاباسط	یاباسط	یاباسط	یاباسط

من پسند شادی کے لئے

نماز عشاء کے بعد دو رکعت نماز نفل پڑھے اس کے بعد قبلہ رو بیٹھ کر اوّل و آخر گیارہ بار درود پاک کے ساتھ گیارہ مرتبہ آیت الکرسی پڑھے پھر یَالَطِیْفُ 100 مرتبہ پڑھے، ان شاء اللہ چالیس روز کے اندر کرم اور خیر والا معاملہ ہوگا۔

☆☆☆☆☆

نظر بد سے نجات اور حالات کی سختیاں ختم

اگر کسی پر حالات کی سختیاں ہوں تو جب اسلامی مہینے کا چاند دیکھیں تو اس رات سورۃ ''ملک'' کو 30 بار پڑھ لیں' ان شاء اللہ اس سورۃ کی برکت سے سارا مہینہ عافیت کے ساتھ گزرے گا۔ اگر ہر ماہ یہ عمل مسلسل کچھ عرصہ کر لیں تو ان شاء اللہ مستقل طور پر سختیوں سے نجات ملنا شروع ہوگی اور مزید برکتیں حاصل ہوں گی۔ اس سورۃ کو اگر گیارہ روز تک بعد نماز ظہر پڑھ کر اللہ کے حضور میں کسی مرحوم شدہ آدمی کی مغفرت کیلئے دعا کی جائے تو ان شاء اللہ دعا قبول ہوگی' اللہ پاک مرحوم کو راحت نصیب فرمائے گا اور اس سے عذاب قبر ٹل جائے گا۔ اگر کسی بچہ کو نظر بد لگ جاتی ہو تو اس سورۃ کو ایک مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کر کے اس بچے کو پلائیں۔ ان شاء اللہ نظر بد کے اثرات ختم ہو جائیں گے اور بچہ نظر بد سے محفوظ رہے گا۔

عزت دولت اور شہرت پانے کے لئے

اگر کوئی شخص عزت دولت اور شہرت پانے کا خواہش مند ہوں تو اسے چاہیے کہ روزانہ 1100 بار ''یَا کَرِیْمُ'' کا ورد کرے' ان شاء اللہ بہت جلد یہ عمل کرنے والا شخص معاشرے میں عزت' شہرت اور دولت پائے گا۔

سستی اور کاہلی ختم کرنے کا عمل

آپ یا آپ کا کوئی عزیز سستی اور کاہلی سے کام لیتا ہو تو اسے چاہیے کہ ہر نماز کے بعد اول آخر سات بار درود پاک کے ساتھ ''یَا اَللہُ یَا رَبِّ'' پڑھیں اور یہ عمل مسلسل 21 دن تک کرے' ان شاء اللہ سستی اور کاہلی ختم ہو جائے گی۔

11 دن میں مشکلات کا خاتمہ

ایسا کام درپیش ہو جو بظاہر ہوتا ہوا نظر نہ آئے تو ہر جمعہ کو 111 مرتبہ سورہ محمد پڑھیں پھر حسب توفیق کوئی شیرینی جو میسر آئے ان میں تقسیم کرے، سات جمعہ تک ایسا ہی کرے۔ ان شاء اللہ مشکل سے مشکل کام بھی ہو جائے گا۔ یہ سورت دشمن پر فتح پانے کیلئے بہت مؤثر ہے۔ اگر دشمن تنگ کرے تو چالیس دن تک 11 مرتبہ بعد نماز عصر پڑھے، ان شاء اللہ دشمن زیر ہوگا اور بری حرکتوں سے باز آجائے گا۔ اگر برے خواب آتے ہوں تو سونے سے پہلے ایک مرتبہ پڑھے ان شاء اللہ کوئی برا خواب نہ آئے گا بلکہ اچھے خواب دیکھے گا' یہ عمل گیارہ روز تک جاری رکھیں۔ جو شخص اس سورۃ کو روزانہ پڑھنے کا معمول بنا لے اسے

حضور ﷺ کی ذات گرامی سے محبت پیدا ہو جائے گی اور مصیبتیں قریب نہ آئیں گی۔

مرادوں کو پانے کا مقبول عمل

جو شخص اسم اعظم کا طلب گار ہو اس کو چاہیے کہ درج ذیل آیات کو پڑھیں' بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ سَبَّحَ لِلّٰہِ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَ الۡاَرۡضِ ۔ وَ ہُوَ الۡعَزِیۡزُ الۡحَکِیۡمُ ﴿۱﴾ لَہٗ مُلۡکُ السَّمٰوٰتِ وَ الۡاَرۡضِ ۔ یُحۡیٖ وَ یُمِیۡتُ ۔ وَ ہُوَ عَلٰی کُلِّ شَیۡءٍ قَدِیۡرٌ ﴿۲﴾ ہُوَ الۡاَوَّلُ وَ الۡاٰخِرُ وَ الظَّاہِرُ وَ الۡبَاطِنُ ۔ وَ ہُوَ بِکُلِّ شَیۡءٍ عَلِیۡمٌ ﴿۳﴾ ہُوَ الَّذِیۡ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَ الۡاَرۡضَ فِیۡ سِتَّۃِ اَیَّامٍ ثُمَّ اسۡتَوٰی عَلَی الۡعَرۡشِ ۔ یَعۡلَمُ مَا یَلِجُ فِی الۡاَرۡضِ وَ مَا یَخۡرُجُ مِنۡہَا وَ مَا یَنۡزِلُ مِنَ السَّمَآءِ وَ مَا یَعۡرُجُ فِیۡہَا ۔ وَ ہُوَ مَعَکُمۡ اَیۡنَ مَا کُنۡتُمۡ ۔ وَ اللّٰہُ بِمَا تَعۡمَلُوۡنَ بَصِیۡرٌ ﴿۴﴾ لَہٗ مُلۡکُ السَّمٰوٰتِ وَ الۡاَرۡضِ ۔ وَ اِلَی اللّٰہِ تُرۡجَعُ الۡاُمُوۡرُ ﴿۵﴾ یُوۡلِجُ الَّیۡلَ فِی النَّہَارِ وَ یُوۡلِجُ النَّہَارَ فِی الَّیۡلِ ۔ وَ ہُوَ عَلِیۡمٌۢ بِذَاتِ الصُّدُوۡرِ ﴿۶﴾ لَوۡ اَنۡزَلۡنَا ہٰذَا الۡقُرۡاٰنَ عَلٰی جَبَلٍ لَّرَاَیۡتَہٗ خَاشِعًا مُّتَصَدِّعًا مِّنۡ خَشۡیَۃِ اللّٰہِ ۔ وَ تِلۡکَ الۡاَمۡثَالُ نَضۡرِبُہَا لِلنَّاسِ لَعَلَّہُمۡ یَتَفَکَّرُوۡنَ ﴿۲۱﴾ ہُوَ اللّٰہُ الَّذِیۡ لَاۤ اِلٰہَ اِلَّا ہُوَ ۔ عٰلِمُ الۡغَیۡبِ وَ الشَّہَادَۃِ ۔ ہُوَ الرَّحۡمٰنُ الرَّحِیۡمُ ﴿۲۲﴾ ہُوَ اللّٰہُ الَّذِیۡ لَاۤ اِلٰہَ اِلَّا ہُوَ ۔ اَلۡمَلِکُ الۡقُدُّوۡسُ السَّلٰمُ الۡمُؤۡمِنُ الۡمُہَیۡمِنُ الۡعَزِیۡزُ الۡجَبَّارُ الۡمُتَکَبِّرُ ۔ سُبۡحٰنَ اللّٰہِ عَمَّا یُشۡرِکُوۡنَ ﴿۲۳﴾ ہُوَ اللّٰہُ الۡخَالِقُ الۡبَارِئُ الۡمُصَوِّرُ لَہُ الۡاَسۡمَآءُ الۡحُسۡنٰی ۔ یُسَبِّحُ لَہٗ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَ الۡاَرۡضِ ۔ وَ ہُوَ الۡعَزِیۡزُ الۡحَکِیۡمُ ﴿۲۴﴾

اس کے بعد اللہ تعالیٰ سے گڑگڑا کر اپنے مقصد کے حصول کے لئے دعا کریں۔ جو شخص بھی صدق دل کے ساتھ یہ عمل کرے گا ان شاء اللہ وہ کبھی بھی نامراد نہیں ہوگا' اس کا ہر ناممکن کام ممکن ہو جائے گا۔ بس اس عمل کو چند دن کر کے چھوڑ نہ دے بلکہ مقصد کے حصول تک عمل کو جاری رکھے۔

☆☆☆☆☆

دکان پر گاہکوں کا رش لگوا دینے والا عمل

یہ عمل رزق کے لئے بہت اکسیر ہے، غربت، تنگی رزق، کاروبار کا نہ ہونا، ملازمت نہ ملنا، دکان کا حسب منشاء نہ چلنا، ادائیگی قرض کی پریشانی، مال نہ ہونے کی وجہ سے اولاد کی شادی کا مسئلہ، غرضیکہ رزق کے متعلقہ جتنے بھی مسائل ہوں اس آیت کو کوروزانہ ایک سو مرتبہ سو دن تک اول و آخر گیارہ بار درود شریف کے ساتھ پڑھنے سے اللہ کی رحمت سے رزق کے تمام مسائل حل ہوجائیں گے۔ وہ آیت یہ ہے۔ اَللّٰہُ لَطِیۡفٌۢ بِعِبَادِہٖ یَرۡزُقُ مَنۡ یَّشَآءُ وَ ھُوَ الۡقَوِیُّ الۡعَزِیۡزُ۔ اس کے علاوہ روزانہ رات کو سوتے وقت اس دعا کی ایک تسبیح پڑھ کر سو جائیں۔ رَبَّنَا تَقَبَّلۡ مِنَّا اِنَّکَ اَنۡتَ السَّمِیۡعُ الۡعَلِیۡمُ۔

کالا جادو اور کالے علم کو خود بھسم کیجئے

اگر کسی شخص پر کالا جادو کیا گیا ہو یا کسی کی طرف سے کالا علم کیے جانے کا اندیشہ ہو تو کالے جادو کو بھسم کرنے اور اس سے حفاظت کے لئے اسم ’’یَا جَبَّارُ‘‘ کو روزانہ 11500 مرتبہ گیارہ روز تک پڑھا جائے۔ اس عمل کو کرنے والا شخص کالے جادو اور اس کے واروں سے حفاظت میں رہتا ہے اور اگر کسی نے کالا علم کیا ہو تو اس کا اثر ان شاء اللہ ختم ہوجائے گا۔

عمر بھر دانت خراب نہ ہوں گے

جو شخص عشاء کی نماز میں وتر کی پہلی رکعت میں سورۃ فاتحہ کے بعد سورۃ نصر‘ دوسری رکعت میں سورۃ لہب اور تیسری رکعت میں سورۃ اخلاص پڑھنے کا معمول بنالے گا تو ان شاء اللہ عمر بھر اس کے دانت خراب نہ ہوں اور اگر کوئی شخص ڈاڑھ درد کی تکلیف میں مبتلا ہو تو اس کا درد بھی ختم ہوجائے گا۔

خواب میں حال معلوم کرنے کے لئے

اگر آپ کوئی نیا کام کرنے کے خواہاں ہیں اور خواب میں چاہتے ہیں کہ اس کام کا انجام معلوم ہوجائے کہ وہ آپ کے لئے خیر کا ذریعہ ہے یا نہیں تو دو رکعت نفل حاجت کے پڑھیں‘ اس کے بعد ایک بار سورۃ کوثر پڑھیں اور پھر 360 مرتبہ یہ کلمات

"یَا رَشِیْدُ اَرْشِدْنِیْ یَا عَلِیْمُ عَلِّمْنِیْ مِنَ الْحَالِ" اس تمام عمل کا ہدیہ پیران پیر حضرت شیخ عبدالقادر جیلانیؒ کی روح مبارک کو ہدیہ کر کے سو جائیں، یہ عمل چند دن کر لیں، ان شاء اللہ تعالیٰ خواب میں حال معلوم ہو جائے گا۔

21 دن میں تمام غیبی دروازے کھل جائیں گے

اگر کوئی شخص تنگ دست ہو تو نماز چاشت کے آخری سجدے میں اسم "یَا وَهَّابُ" 40 مرتبہ پڑھے اور 21 دن تک یہ عمل کرے، فقر و فاقہ دور ہو گا، رزق کے غیبی دروازے کھل جائیں گے۔ جس شخص کا ذاتی مکان نہ ہو تو وہ اس اسم الٰہی کو روزانہ کثرت سے پڑھتا رہے، ان شاء اللہ اسے ذاتی مکان مل جائے گا۔

بانجھ پن کا روحانی علاج

آج کے جدید دور میں جن مختلف مسائل سے انسان پریشان اور بے بس ہے ان مسائل میں سرفہرست بے اولادی کا مسئلہ ہے۔ سائنسی ترقی کے عروج کے باوجود بے شمار خواتین بانجھ پن کے مرض کی وجہ سے بے اولاد ہیں۔ بانجھ پن کے اس مرض سے نجات پانے کے لئے روحانی علاج پیش خدمت ہے، ان شاء اللہ اس عمل کی برکت سے بانجھ عورت ٹھیک ہو جائے گی اور اولاد کی نعمت سے سرفراز ہو گی۔ جو عورت بانجھ پن کے مرض میں مبتلا ہو وہ روزانہ ایک ہزار مرتبہ سورۃ اخلاص پڑھے اور یہ عمل مسلسل بغیر ناغہ کیے دس دن تک پڑھیں اور اللہ تعالیٰ سے اولاد کے حصول کے لئے دعا کرے، ان شاء اللہ بے اولادی کا مسئلہ حل ہو جائے گا۔ اگر عورت یہ عمل نہ کر سکے تو اس کی طرف اس کا شوہر بھی یہ عمل کر سکتا ہے۔

بچوں کا قد بڑھانے کا عمل

اگر کسی بچے کی عمر کے ساتھ اس کا قد نہ بڑھ رہا ہو تو درج ذیل آیات کو روزانہ 101 بار پڑھ کر پانی پر دم کر کے بچے کو پلائیں، ان شاء اللہ بچے کا قد بڑھنا شروع ہو جائے گا۔ "وَاِنْ يَّكَادُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لَيُزْلِقُوْنَكَ بِاَبْصَارِهِمْ لَمَّا سَمِعُوا الذِّكْرَ وَيَقُوْلُوْنَ اِنَّهٗ لَمَجْنُوْنٌ ○ وَمَا هُوَ اِلَّا ذِكْرٌ لِّلْعٰلَمِيْنَ ○"

☆☆☆☆☆

2023ء کی اس رات اپنی جھولیاں مرادوں سے بھرلیں!

(امجد انیس، کراچی)

میں سالہا سال سے شب برات کی رات کچھ اعمال کرتا ہوں جو مجھے اپنے بڑوں سے ملے ہیں۔ ان اعمال کی ایسی برکت میری زندگی میں شامل ہو چکی ہے جو الفاظ میں بیان کرنا مشکل ہے۔ میں ہر سال یہ اعمال کرتا ہوں جس سے میرے الجھے مسائل حل ہوتے ہیں، پریشانیاں ختم اور مال و دولت کی ایسی فراوانی ہوتی ہے کہ آپ گمان نہیں کر سکتے۔ ان اعمال کی برکت سے میں نے دنیا کی لذتیں اور بہاریں پائی ہیں اور اب چاہتا ہوں یہ اعمال صرف اپنے تک محدود نہ رکھوں بلکہ دکھی انسانیت تک بھی پہنچاؤں تاکہ یہ میرے لئے صدقہ جاریہ کا باعث بنے اور دنیا کی طرح میری آخرت بھی لاجواب ہو۔

مشکلات کا خاتمہ اور روحانی پرواز

اپنی مشکلات اور پریشانیوں کو ختم کروانے کے لئے 15 شعبان کے دن عصر کی نماز سے پہلے کسی بھی وقت دو دو رکعت کے ساتھ چار رکعت نفل اس طرح ادا کریں کہ ہر رکعت میں سورۃ فاتحہ کے بعد 7 مرتبہ آیت الکرسی اور سات مرتبہ سورۃ اخلاص پڑھیں۔ اس کے بعد روحانی دنیا میں کمال حاصل کرنے کی نیت سے چار رکعت نفل دو دو کر کے اسی ترتیب کے ساتھ پڑھیں۔ یہ نوافل ادا کرنے کے بعد ایک تسبیح کلمہ طیبہ کی اور ایک تسبیح سورۃ اخلاص کی پڑھیں۔ اس کے بعد جو شب جمعہ آئے اس دن بھی یہی عمل کرے، ان شاء اللہ مشکلات دور ہوں گی اور روحانی ترقی میں عروج ملے گا۔

سارا رزق میں برکت

رزق میں برکت اور وسعت پانے کے لئے جو شخص شعبان کی 13، 14 اور 15 شب کو کسی بھی وقت سورۃ رحمن 7 مرتبہ پڑھ لے تو اس عمل کی برکت سے اس شخص کا سارا سال خیر و برکت والا گزرے گا۔ رزق میں برکت اور ایسی وسعت ہوگی کہ لوگوں کی ضروریات پوری کرنے کا ذریعہ بھی بنے گا۔ اس عمل کو ہر سال ان دنوں میں جو شخص کرلے گا اس کی محتاجیاں اور ناکامیاں ختم ہو جائیں گی۔

☆☆☆☆☆

سورۃ یٰسین کا ایسا عمل جس سے کوئی مراد رد نہ ہوگی!

مرادوں کو پانے اور زندگی کے ہر شعبہ میں کامیابی کے لئے سورۃ یٰسین کا ایسا عمل جس سے آپ کی ہر مراد پوری ہو گی۔نماز جمعہ کے بعد قبلہ رو ہو کر سورۃ یٰسین تین بار اس طریقے سے پڑھیں کہ جب پہلے ''مبین'' پر پہنچیں تو سورۃ اخلاص 3 بار پڑھے، دوسرے ''مبین'' پر پہنچیں تو سورۃ کوثر 3 بار پڑھے، تیسرے ''مبین'' پر پہنچیں تو سورۃ الم نشرح تین بار پڑھے، چوتھے ''مبین'' پر پہنچیں تو سورۃ الفاتحہ تین بار پڑھے اور جب پانچویں ''مبین'' پر پہنچیں تو یہ دعا تین بار پڑھیں ''اَللّٰهُ لَطِيْفٌ بِعِبَادِهٖ يَرْزُقُ مَنْ يَّشَآءُ-وَهُوَ الْقَوِيُّ الْعَزِيْزُ o جب چھٹے ''مبین پر پہنچیں تو یہ دعا پانچ مرتبہ پڑھے ''رَبَّنَا اٰتِنَا فِي الدُّنْيَا حَسَنَةً وَّفِي الْاٰخِرَةِ حَسَنَةً وَّقِنَا عَذَابَ النَّارِ'' اور ساتویں مبین پر پہنچیں تو تین بار درود شریف پڑھیں اور یہ دعا سات مرتبہ پڑھیں ''اَللّٰهُمَّ لَكَ الْحَمْدُ كُلُّهُ. اَللّٰهُمَّ لَا قَابِضَ لِمَا بَسَطْتَ. وَلَا مُقَرِّبَ لِمَا بَاعَدْتَ، وَلَا مُبَاعِدَ لِمَا قَرَّبْتَ، وَلَا مُعْطِيَ لِمَا مَنَعْتَ، وَلَا مَانِعَ لِمَا أَعْطَيْتَ. اَللّٰهُمَّ ابْسُطْ عَلَيْنَا مِنْ بَرَكَاتِكَ وَرَحْمَتِكَ وَفَضْلِكَ وَرِزْقِكَ. اَللّٰهُمَّ إِنِّيْ أَسْأَلُكَ النَّعِيْمَ الْمُقِيْمَ الَّذِيْ لَا يَحُوْلُ وَلَا يَزُوْلُ- اَللّٰهُمَّ إِنِّيْ أَسْأَلُكَ نَعِيْمَ يَوْمَ الْعَيْلَةِ، وَالْأَمْنَ يَوْمَ الْحَرْبِ. اَللّٰهُمَّ عَائِذًا بِكَ مِنْ سُوْءِ مَا أَعْطَيْتَنَا، وَشَرِّ مَا مَنَعْتَ مِنَّا'' اور اس کے بعد سورۃ یٰسین کو مکمل کرلے۔اللہ سے اپنی مراد کا سوال کرے' ان شاء اللہ مراد پوری ہوگی۔یہ عمل چند دن یا چند ہفتے ضرور کرے۔

اگر پڑھنے سے دل اچاٹ جائے

ایسے بچے جن کا پڑھنے سے دل اچاٹ جائے' پڑھائی میں دل نہ لگتا اور تعلیم حاصل کرنے میں دلچسپی نہ لیتے ہوں۔اس طرح کے اکثر بچے اعلیٰ تعلیم حاصل کرنے اور ترقی کرنے سے محروم رہ جاتے ہیں۔ایسے بچوں کے اندر پڑھائی کا جذبہ پیدا کرنے' سستی اور کاہلی کو ختم کرنے کے لئے یہ دعا ''اَللّٰهُمَّ انْفَعْنِيْ بِمَا عَلَّمْتَنِيْ وَعَلِّمْنِيْ مَا يَنْفَعُنِيْ وَارْزُقْنِيْ عِلْمًا تَنْفَعُنِيْ بِهٖ '' 313 مرتبہ پانی پر دم کرکے چند روز پلائیں' ان شاء اللہ مسئلہ حل ہوجائے گا۔

گمشدہ بچوں کو واپس لانے کا عمل

اگر کسی کا بچہ کہیں لاپتہ ہو گیا ہو تو اور تلاش کرنے کے باوجود بھی نہ مل رہا ہو تو ماں باپ میں سے کوئی ایک یا دونوں ہر روز بعد نماز عشاء دوزانوں بیٹھ کر بچے کا تصور کرتے ہوئے درج ذیل دعا پڑھ لیں ان شاء اللہ ایک ہفتہ میں بچہ واپس مل جائے گا۔ اگر روزانہ پڑھنا دشوار ہو تو صرف بروز جمعہ بعد نماز عصر چند ہفتے یہ عمل کر لیں۔ اگر مغرب کی اذان ہو جائے تو بات چیت کیے بغیر مغرب کی نماز ادا کر کے بقیہ تعداد نماز کے بعد پوری کر لی جائے۔ ان شاء اللہ 7 جمعہ نہ گزریں گے، بچہ واپس مل جائے گا۔ عمل یہ ہے اول آخر گیارہ بار درود شریف کے ساتھ 1893 مرتبہ مندرجہ ذیل دعا پڑھیں۔

اَللّٰھُمَّ رُدَّاِلَیَّ وَلَدِیْ بِالْخَیْرِ بِحُرْمَۃِ فَرَجَعْنٰكَ اِلٰی اُمِّكَ کَیْ تَقَرَّ عَیْنُھَا وَلَا تَحْزَنَ۔

معدہ کے امراض کا علاج

اکثر لوگ مصالحہ دار غذاؤں اور فاسٹ فوڈ کثرت سے استعمال کرنے کی وجہ سے معدہ کے مختلف امراض میں مبتلا ہو جاتے ہیں جس سے ان کا جسم بیماریوں کی آماجگاہ بن جاتا ہے اور پھر عام فطری غذائیں کھانے سے بھی ان کا ہاضمہ خراب ہو جاتا ہے۔ ان بیماریوں سے علاج کے لئے مختلف ادویات کا استعمال کیا جاتا ہے جس سے بعض اوقات تو افاقہ ہو جاتا ہے لیکن اکثر معاملہ اس حد تک بگڑ چکا ہوتا ہے کہ مسلسل ادویات کے استعمال سے فائدہ ہونے کی بجائے مزید معاملہ خراب ہو جاتا ہے۔ ایسے معدہ کے امراض سے نجات پانے کے لئے تین عدد کالی مرچیں لیں اور باوضو اکیس مرتبہ سورۃ اخلاص پڑھ کر ان مرچوں پر دم کریں اور مریض کو کھلائیں۔ یہ عمل ایک ہفتہ تک مسلسل کریں، ان شاء اللہ ضرور شفاء ملے گی۔

قرض سے پریشان اب خوش ہو جائیں

جو لوگ قرض سے پریشان ہیں اور اس وجہ سے دن بادن پستی کی طرف جا رہے ہیں۔ قرض کی ادائیگی کے کوئی اسباب پیدا نہیں ہو رہے تو اس مسنون دعا کو روزانہ کثرت سے پڑھیں۔ اس دعا کی برکت سے جتنا بھی بڑا قرض ہو گا اس کی ادائیگی کے غیبی اسباب جلد پیدا ہو جائیں گے۔ وہ دعا یہ ہے۔ اَللّٰھُمَّ اکْفِنِیْ بِحَلَالِكَ عَنْ حَرَامِكَ وَ اَغْنِنِیْ بِفَضْلِكَ عَمَّنْ سِوَاكَ۔

مٹی ہاتھ میں پکڑیئے اور بدزبان کی بدزبانی اور نشئی کا نشہ چھڑوائیے!

اگر آپ یا آپ کا کوئی عزیز کسی بری عادت نشہ‘ گالی گلوچ یا نافرمانی یا کسی بھی عادت میں مبتلا ہو تو ان بری عادات کو ختم کرنے کے لئے مٹی کی تین ڈھیلے لیں‘ ہر ایک ڈھیلے پر 21 مرتبہ درج ذیل کلمات

لا الہ دا کوٹ پڑھسے

اِلا اللہ دا جندرا مارو سے

محمد رسول اللہ دی کنجی

پڑھتے ہوئے بری عادات کا تصور رکھیں اور مٹی کے ڈھیلے کو ایسی جگہ پر پھینک دیں جہاں اس شخص کا گزر ہوتا ہو۔لیکن یہ بات واضح رہے کہ اس عمل کو صرف جائز مقصد کے لئے کریں ورنہ عمل الٹا پڑ جائے گا اور اپنی ہی رسوائی کا سبب بنے گا۔

لاعلاج مریضوں کیلئے شفائی نقش! صرف پی لیجئے!

جو شخص کسی پیچیدہ بیماری میں مبتلا ہو‘ ڈاکٹروں اور ہسپتالوں کے چکر لگا کر اور ادویات کا استعمال کرنے کے باوجود شفاء سے محروم ہو تو اسے چاہیے کہ درج ذیل نقش لکھ کر پانی میں ڈال دے۔اس پانی کو اپنے کھانے اور پینے کی چیزوں میں مکس کر کے کچھ عرصہ پی لیں اور روزانہ حسب استطاعت کچھ روپوں کی شیرینی خرید کر تقسیم کرے‘ ان شاء اللہ جلد ہی بیماری سے نجات ملے گی اور صحت و تندرستی حاصل ہوگی۔

۷۸۶

ز	ز	ز	ز	ز
و	و	و	و	و
ب	ب	ب	ب	ب
ن	ن	ن	ن	ن
بر	بر	بر	بر	بر
کر	کر	کر	کر	کر

رنج وغم اور وہم دور کرنے کیلئے

ایسا شخص جو کسی سخت رنج وغم میں مبتلا ہو اور اس کا غم دور نہ ہو رہا ہو یا ایسا شخص جو بہت زیادہ وساوس اور وہم کا شکار ہو چکا ہو تو اسے چاہیے کہ ہر نماز کے بعد اول و آخر گیارہ بار درود شریف کے ساتھ سات مرتبہ سورۃ الم نشرح باوضو پڑھیں اور جب سونے لگے تو اول و آخر گیارہ بار درود شریف کے ساتھ باوضو 70 مرتبہ یہی سورۃ پڑھ کر اپنے سینے پر دم کر لے چند ہفتے یہ عمل مستقل توجہ کے ساتھ کر لے ان شاء اللہ مسئلہ حل ہو جائے گا۔

کشادگی رزق کے لئے درویش کا عمل

ایک صاحب درویش کا فرمان ہے جو شخص روزانہ ان کلمات کو 21 بار پڑھنا اپنے معمول میں شامل کر لے اس شخص کے جتنے بھی حالات خراب ہوں ان شاء اللہ اس عمل کو اپنی روزمرہ کی ترتیب میں شامل رکھنے والے شخص کا رزق کشادہ ہو جائے گا۔ وہ کلمات یہ ہیں۔ بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ سُبۡحَانَ الۡقَادِرُ الۡقَاهِرُ الۡقَوِيُّ لِمَعَانِيۡ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ. يَا حَيُّ يَا قَيُّوۡمُ يَاذَا الۡجَلَالِ وَالۡاِكۡرَامِ وَلَا حَوۡلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الۡعَلِيِّ الۡعَظِيۡمِ ٥

دولت آپ کے قدموں میں

جو شخص مال و دولت کی فراوانی پانا چاہتا ہو اسے چاہیے کہ اسلامی ماہ کی یکم کو اس ترتیب سے یہ عمل شروع کرے کہ بعد نماز عشاء اول و آخر گیارہ بار درود شریف کے ساتھ 72 مرتبہ ''يَا بَاسِطُ الَّذِيۡ يَبۡسُطُ الرِّزۡقَ لِمَنۡ يَّشَآءُ بِغَيۡرِ حِسَابٍ'' کچھ دن مسلسل روزانہ کی بنیاد پر پڑھنا شروع کر دے رزق میں بہت زیادہ اضافہ ہوگا۔ انشاء اللہ

ہر کام میں نفع ہوگا ان شاء اللہ

اگر کوئی بھی کام شروع کرنے سے پہلے اکتالیس مرتبہ ''يَا نَافِعُ'' پڑھنے کا معمول بنا لیا جائے تو اس عمل کی برکت سے اس کام میں نفع اور خیر ہوگی نقصان سے حفاظت رہے گی۔ ان شاء اللہ

☆☆☆☆☆

نفرتوں کی آگ بجھائیں، محبت کی شمع جلائیں

(شبیر حسین، شکارپور)

میاں بیوی، اولاد، خاندان، رشتہ داروں کی آپس میں نفرتیں ختم کرنے اور ان کے دلوں میں ایک دوسرے کے لئے رواداری اور محبت پیدا کرنے کے لئے ایک بہت ہی مجرب نقش ہے جو بہت سے لوگوں پر آزمایا۔ اس نقش کی برکت سے بہت سے ایسے گھرانے جو آپس کی نفرتوں کی وجہ سے ایک دوسرے کو دیکھنا گوارا نہ کرتے تھے اس نقش کی برکت سے ان کی آپس میں صلح ہوئی اور پیار محبت پروان چڑھا۔ اگر میاں بیوی آپس میں جھگڑتے ہوں یا اولاد کی طرف سے نفرت کے سوا کچھ نہ ملتا ہو تو ایسی تمام نفرتوں کو محبت میں بدلنے کے لئے یہ قرآنی الفاظ ''يُحِبُّوْنَهُمْ كَحُبِّ اللهِ-وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اَشَدُّ حُبًّا لِّلّٰهِ'' ''يُحِبُّهُمْ وَيُحِبُّوْنَهٗ-اَذِلَّةٍ عَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ اَعِزَّةٍ عَلَى الْكٰفِرِيْنَ'' اول و آخر درود پاک کے ساتھ گیارہ مرتبہ پڑھ کر شیرینی پر دم کر کے مطلوبہ شخص کو کھلا دیں اور درج ذیل تعویذ کو لکھ کر نیچے طالب و مطلوب شخص کا نام لکھ کر اپنے بازو پر باندھ لیں۔ ان شاء اللہ بہت جلد مقصد حاصل ہو جائے گا۔

يحبونهم كحب الله والذين امنوا أشد حبا لله

۳۶۵	۳۷۹	۳۷۶	۳۷۳
۳۷۷	۳۷۲	۳۶۶	۳۷۸
۳۷۱	۳۷۴	۳۸۱	۳۶۷
۳۸۰	۳۶۸	۳۷۰	۳۷۵

يحبونهم ويحبونهٗ اذلة على المومنين أعزه على الكافرين

یہاں طالب اور مطلوب کا نام لکھیں

سورۃ والضحیٰ کا ایسا عمل جس سے فاقے ختم

اگر کوئی شخص فقر و فاقہ میں مبتلا ہو اور رزق کی تنگی کی وجہ سے دردر کے دھکے کھانے پر مجبور ہو گیا۔ روزگار کا کوئی ذریعہ

موجود نہ ہو۔ایسے حالات میں رزق اور برکت کے دروازے کھلوانے کے لئے ایسا عمل جس سے معاشی تنگی کا مکمل ہو جائے' رزق کے ایسے غیبی اسباب بنیں گے کہ آپ خود حیران ہو جائیں گے' بعد نماز عشاء گیارہ سو بار یعنی 11 تسبیح ''یَامُغۡنِیُ'' کی پڑھیں اور اس کے بعد سورۃ والضحیٰ اس ترتیب سے پڑھیں کہ ہر نماز کے بعد سورۃ والضحیٰ ایک بار اس کے علاوہ فجر کی نماز کی سنت اور فرض کے درمیان 2 بار اگر سنت اور فرض کے درمیان وقت کی کمی کے باعث نہ پڑھ سکیں تو فرض کے بعد تین بار سورۃ والضحیٰ پڑھ لیں۔ یہ عمل کچھ عرصہ مستقل مزاجی کے ساتھ کرلیں' ان شاءاللہ فاقے ختم ہوں گے اور رزق میں برکت کے اسباب میسر ہوں گے۔

تمام جائز مقاصد پورے ہوں گے

اپنے مقصد میں کامیابی کے لئے پوری بِسۡمِ اللّٰہ ہر روز فجر کی نماز میں سنت وفرض کے درمیان صرف 90 بار پڑھ لیا کریں۔ اوّل وآخر درود شریف 3,3 بار پڑھ کر اپنے جملہ مقاصد کی دعا کرلیا کریں' ناغہ نہ کریں، نیز طلوع وغروب وزوال کے وقت 90 بار روزانہ کا ورد مع اول وآخر درود شریف 22,22 مرتبہ پڑھ لیں' اس عمل کو جو شخص اپنے معمول میں شامل رکھے گا اس کے تمام جائز مقاصد پورے ہوں گے۔

مراد پوری نہیں ہورہی تو یہ عمل کرلیں

اگر کسی شخص کی کوئی مراد پوری نہ ہورہی ہو اور اس مراد کے پورا نہ ہونے کی وجہ سے زندگی کی خوشیاں ختم ہورہی ہوں تو ایسے افراد اپنی مرادوں کے پورا نہ ہونے سے پریشان نہ ہوں بلکہ یہ عمل کریں اور کمال اپنی آنکھوں سے دیکھیں۔عمل یہ ہے کہ کسی بھی فرض نماز کے بعد چالیس مرتبہ بسم اللہ کے ساتھ سورۃ فاتحہ اس انداز کے ساتھ پڑھنی ہے کہ بسم اللہ الرحمن الرحیم کی آخری میم کو سورۃ فاتحہ کے الحمد کے ل کے ساتھ ملا کر پڑھیں اور اپنی مراد کے حصول کے لئے اللہ تعالیٰ سے آہ وزاری کے ساتھ دعا کرے۔ اس عمل کو کچھ عرصہ مستقل مزاجی' توجہ اور دھیان کے ساتھ کرلے' تمام مرادیں پوری ہوں گی۔ ان شاءاللہ

نافرمان بیوی اور اولاد فرمانبردار ہوجائیں گے

اگر کسی شخص کی اولاد یا بیوی نافرمان ہو' بات بات پر بدتمیزی کرنا معمول بن چکا ہو۔ اگر اصلاح کی کوشش کی جائے تو بات سننا

گوارہ نہ کرے۔ لوگوں کے سامنے بے عزتی اور رسوائی کا سبب بن جائے تو صبح کسی بھی وقت اس کی پیشانی پر ہاتھ رکھ کر 21 مرتبہ ''یَااَللّٰہُ یَاشَہِیْدُ'' پڑھ کر دم کرے' ان شاء اللہ نافرمان فرمانبردار اور مہربان ہو جائیں گے۔

دعائے ابو درداءؓ سے مسائل کا حل

ایسے لوگ جو رزق کی تنگی پریشانی اور بے روزگاری کا شکار ہیں، ہر فرض نماز کے بعد کامل یقین کے ساتھ دعائے ابو درداءؓ پڑھیں تو حیرت انگیز فوائد حاصل ہوں گے۔ اس عمل کو انتہائی توجہ سے پڑھیں، قرض، بیماری، دشمنی، غرضیکہ ہر قسم کے مسئلے کیلئے یہ دعا تیر بہدف ہے' اس دعا کو روزانہ صبح وشام سات بار پڑھنے کا معمول بنالیں۔ ان شاء اللہ زندگی سے تمام محرومیاں ختم ہوں گی اور مسائل حل ہوں گے۔ دعا یہ ہے۔

اَللّٰھُمَّ أَنْتَ رَبِّیْ لَا إِلٰهَ إِلَّا أَنْتَ عَلَيْكَ تَوَكَّلْتُ وَأَنْتَ رَبُّ الْعَرْشِ الْكَرِيْمِ. مَا شَاءَ اللّٰهُ كَانَ وَمَا لَمْ يَشَأْ لَمْ يَكُنْ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ إِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ اَعْلَمُ اَنَّ اللّٰهَ عَلٰی كُلِّ شَیْءٍ قَدِيْرٌ ٥ وَأَنَّ اللّٰهَ قَدْ أَحَاطَ بِكُلِّ شَیْءٍ عِلْمًا. اَللّٰھُمَّ إِنِّیْ أَعُوْذُ بِكَ مِنْ شَرِّ نَفْسِیْ وَمِنْ شَرِّ كُلِّ دَآبَّةٍ أَنْتَ اٰخِذٌ بِنَاصِيَتِهَا إِنَّ رَبِّیْ عَلٰی صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ٥

بیٹی کی شادی سے پریشان والدین خوش ہو جائیں

اگر کسی کی بیٹی یا بہن کی شادی نہ ہو رہی ہو اور شادی کی عمر گزرتی جا رہی ہو اور والدین رشتہ کے لئے در بدر ٹھوکریں کھانے پر مجبور ہو چکے ہوں تو ایسے پریشان حال والدین ہر نماز کے بعد اول وآخر تین بار درود پاک کے ساتھ 33 بار یہ آیت ''وَخَلَقْنٰکُمْ اَزْوَاجًا ٥'' پڑھیں اور اس کے علاوہ سارا دن ''یَا مُسَبِّبَ الْاَسْبَابِ سَبِّبْ لِیَ الْخَیْرَ'' کثرت کے ساتھ پڑھیں' ان شاء اللہ شادی کے غیبی اسباب پیدا ہو جائیں گے۔

نوٹ۔یہ جنتری فی سبیل اللہ دور دراز کے لوگوں کو لئے سکین کر کے بھیجی جا رہی ہے۔اسکی کوئی قیمت یا ہدیہ کسی کو بھی نا دیں۔نیز جو لوگ خرید سکتے ہیں تو خرید کر اس کے فیوض برکات سے مستفید ہوں جزاک اللہ

☆☆☆☆☆

چھٹی عبقری روحانی جنتری 2023
عبقری روحانی جنتری 2023ء سے سال بھر کی پریشانیوں، آنے والے مصائب، بندشوں، تنگی، رزق، کاروباری مسائل، رشتوں کی رکاوٹ، اولاد کی نافرمانی سے نجات کے اعمال، نقوش اور تعویذات پایئے، اس کا ایک ایک لفظ آپ کو باکمال بنا دے، کائنات پر اسرار علوم سے شناسائی دے اور آپ بھی مان جائیں کہ عبقری روحانی جنتری 2023ء نے کتنے سادہ الفاظ میں واقع کائنات کے سربستہ رازوں سے پردہ اٹھا دیا ہے۔ ایسے آسان اور عاملین کے آزمودہ حیرت انگیز تعویذات، نقش، وظائف، پل پل کی ساعت، بیماریوں، پریشانیوں اور مشکلات سے نجات کی گھڑیاں، کون سے مہینے اور وقت میں آپ کیلئے سعادتیں، فتوحات اور کامیابی چھپی ہے۔
عبقری کی سابقہ جنتریاں
ہر لفظ، ہر سطر، ہر صفحہ لاجواب، نایاب خزانوں سے بھرا ہوا اپنے لیے
نسلوں کے لیے محفوظ کیجئے! ہر طبی و روحانی مشکل میں کام آئے گا
عبقری روحانی جنتری
2018
عبقری روحانی جنتری
2019
عبقری روحانی جنتری
2020
روحانی جنتری
2021
عبقری روحانی جنتری
2022
نامور قانون دان (بیرسٹر)
تجربہ کار وکلاء کا پینل
UBQARI LAW CHAMBER
عبقری لاء چیمبر
انصاف کی تلاش ظالم اور ظلم کا تعاقب
آفس: فرسٹ فلور عبقری بلڈنگ لاہور
10000795
ubqari
ubqariofficial1
ubqari
UbqariTasbeehKhana
www.ubqari.org
عبقری ★ ماہنامہ عبقری ★ عبقری ویب چینل ★ روزنامہ عبقری کرائم پوسٹ
+92 332 755 2382, +92 321 434 3500
شیخ الوظائف کے نام پر رقم لینے والوں سے محفوظ رہیں اطلاع کریں بیشمار کیساتھ دھوکہ ہوچکا اگر کسی نے آپکے ساتھ رابطہ کیا ہے تو ہمیں فوراً اس نمبر پر واٹس ایپ یا ایس ایم ایس کیجئے 0343-8710009